

Scanned by CamScanner

تمہید

ناظرین کے شوق کی تکمیل اور علم رمل کی مزید اشاعت کی غرض کے پیش نظر علمائے جیتلی نوتن رسد دو رمل کے دماغ کی حقیقت کو اس کتاب کی صورت دی گئی ہے۔ بوقت ضرورت ہر سوال کا جواب شکل کے مطابق کتاب ہذا سے حاصل کریں۔

علم رمل کے رہنماؤں نے نہایت جانفشانی سے اس کو اپنے دیرینہ رموز کی تکمیل میں حالات تجفی کا نتیجہ عام پبلک پر ظاہر کر دیا ہے تاکہ ہر انسان اپنے ہر سوال کا جواب اس کتاب میں دئے گئے قواعد کے مطابق حاصل کر سکے۔

جن اصحاب کے خیالات و اعتقاد علم جوتش و نجوم و گنت کی رو سے پتری ٹیوہ وغیرہ محفوظ و موجود نہ ہوں وہ اپنے تمام حالات زندگی کے مکمل کیفیت اس نادر علم رمل کی مدد سے جان سکتے ہیں۔ اہل اسلام، اہل یہود، پیروان زرتشت اور کئی دیگر اقوام عالم اور اعتقاد کے لوگوں کی آسانی کے لئے ہم نے جیتلی نوتن سدھ رمل کے اندر راز اور پوری واقفیت اس کتاب میں مندرج ہے۔ تاکہ عوام اس سے مستفید ہوں۔

الراقم

مشہور عالم جوتشی پنڈت کرشن کمار جیتلی لاہوریہ مصنف جنتری پتری۔ گرہن کرتا۔ امرت سر۔

اطلاعِ عام

خاندانی تجربہ ۷۰۰ سال

مہرشی بلورام جی جیتلی۔ لاہوریہ۔ جیتورام جی جیتلی لاہوریہ۔

بزرگان نارائن دت جی جیتلی۔ لاہوریہ۔ پنڈت رام دت جی۔

جیتلی۔ لاہوریہ۔ شاگرد در ہندو پاکستان۔

پنڈت کرشن کمار جیتلی لاہوریہ۔ پتر پنڈت

رام دت جی جیتلی لاہوریہ

امرتسر (بھارت)

Scanned by CamScanner

علم رمل کا وچار یعنی گیان چنتیلی نوتن سدھ رمل

شری گنیش آئمنہ۔ شری سوستہ مٹھ نمہ، چلے سرسوتی کو پرنام کرکے پھر اپنے باباجی اور گورو جی کو نمسکار کرکے اس کے بعد ہم اپنے پدم پوجیہ پتا پرمہرشی بلورام جی چنتیلی لاہوریہ۔ مہرشی چھوٹورام جی چنتیلی لاہوریہ جی کے چرنوں میں پرنام کرکے ہیں اس نوتن سدھ رمل کو اردو بھاشا میں لکھ کر آپ لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں جو بھی ہماری عقل میں آیا۔

علم رمل جو تن جاننے والوں کو یہ ضروری ہے کہ رمل یعنی نوتن سدھ رمل کی ۱۶ شکلوں کو ضرور یاد رکھے تاکہ سوالوں کا جواب دے سکیں۔ وہ ۱۶ شکلیں یہ ہیں، ان ۱۶ شکلوں کو واکرہ شکلیں بھی کہتے ہیں۔

اب شکلوں کے نام لکھتے ہیں:- (۱) لحیان ≡ دھن (۲) قبض الداخل ≡ سنگھ (۳) قبض الخارج ≡ کنیا (۴) جماعت ≡ کنیا (۵) فرح ≡ تلا (۶) عقلہ ≡ مکر (۷) ≡ انگیس۔ کنبھ (۸) حمرہ ≡ برشچک (۹) بیاض ≡ کرک (۱۰) نصرۃ الخارج ≡ سنگھ (۱۱) نصرۃ الداخل ≡ مین (۱۲) بقیۃ الخارج ≡ مکر (۱۳) نقی ≡ میکھ (۱۴) عتبۃ الداخل ≡ برکھ (۱۵) اجتماع ≡ محتن (۱۶) طریق ≡ کرک۔ یہ ہیں رمل نوتن کی ۱۶ شکلیں۔ ان واکرہ شکلوں کی ۱۶ شکلوں کے تو گرہ ہیں اب ان کے نام لکھتے ہیں (۱) سورج۔ شمس (۲) منگل۔ مرتیخ (۳) بدھ۔ عطارد (۴) برہسپت۔ مشتری (۵) شکر۔ زہرہ (۶) سنیچر۔ زحل (۷) راہو۔ راس۔ (۸) کیتو۔ زہب (۹) چندرماں۔ قمر۔ اب ان نو گرہوں کی بابت لکھتے ہیں جو کہ

ہر ایک سوال میں کام آنے والی ہیں اور جس جس روپ یعنی شکل کا جو جو گرہ ہوگا۔ مرد ہو یا عورت، ان کی نظریں بھی جوتش شاستر کے انوسار ہوتی ہیں۔ جیسی جیسی نظر گرہوں کی جوتش شاستر کی ہے۔ ویسی ہی نظر دائرہ شکون یعنی نوتن رمل میں جاننی چاہیئے مثلاً سورج شمس کی ساتویں پر نظر ہوتی ہے۔ لگن سے نہیں۔ جس جگہ یعنی جس راشی میں ہو اس سے ساتویں دیکھتا ہے۔ اس طرح کے باقی ۹ گرہ بھی اسی طرح دیکھتے ہیں۔ ان کے علاوہ برہسپت (۹) (۵) (۷) خانے بھی دیکھتا ہے اور منگل (۴) (۸) بھی دیکھتا ہے۔ سنیچر (۳) (۷) (۱۰) دسویں خانے پر دیکھتے ہیں۔ اور باقی کے ۶ گرہ ساتویں ساتویں (۷) (۷) نہ دیکھتے ہیں۔

(نوٹ) راہو اور کیتو جس راشی میں ہوں گے وہ اسی کا رنگ دیں گے۔ یعنی مکھ راشی میں بیٹھے ہیں تو وہ منگل گرہ کی طرح اچھا یا برا پھل کریں گے۔

اب گرہوں کی شکلیں لکھتے ہیں:-

(۱) سورج یعنی شمس۔ قد درمیانہ، رنگ لال۔ چہرہ گول ہوگا۔ سرکاری نوکری والا ہوگا۔ طبیعت کا کچھ تیز ہوگا۔ ایسے آدمی کے ہاں چوپایہ جانور ہوگا۔ پولیس اسٹیشن کے نزدیک رہنے والا۔ انگلی ہاتھ اور پاؤں کی موٹی اور درمیانی دانت خراب۔ سر پر چوٹ کا نشان۔ گردن پتلی۔ میٹھی چیز زیادہ کھانے والا ہوتا ہے۔

(۲) چندرمان یعنی قمر۔ شریر دبلا۔ قد لمبا۔ رنگ سفید۔ جلدی چلانے والا۔ شیتل سبھاؤ۔ سر کے بال بہت خوبصورت ہوں۔ اور چھاتی پر داغ۔ پانی کے کنارے یا خوبصورت کوٹھی مکان جس کے آگے باغ لگے ہوں۔ ٹانگیں پتلی۔ اگر کرشن پکش میں سوال آئے تو وہ جاتی کا کہار۔ رہر۔ درزی۔ پیادہ۔ اگر شکل پکش میں پوچھنے والا آئے۔ تو وکیل ردلائل۔ دیوان کوئی اچھا آدمی وغیرہ وغیرہ کے آسرے پر ہوگا۔ اس کے پیٹ پر کوئی نشان ہوگا۔ دودھ، دہی، چاول بھوجن کے ساتھ کھائے۔

(۳) مریخ یعنی مریخ قد چھوٹا۔ رنگ کانک جیسا۔ طبیعت کا کڑوا۔ مکان اس کا کونے پر یا نکڑ پر رہنے والا ہوگا یا اُس کی دو عورتیں ہوں گی۔ یا اُس کے مکان کے دو راستے ہوں گے۔ آنکھیں چھوٹی یا بڑی آنکھوں والا۔ ناک بڑی۔ چہرہ پر نشان۔ جسم پر بال کم ہوں اور گرم گرم چیز کے کھانے والا ہوگا یا باسی چیز کا بھی کھانے والا ہوگا۔ یعنی رات کی پڑی ہوئی باسی کے مکان کے پاس آدھی اُجاڑ اور آدھی بستی ہوگی۔ دانت اُس کے آپس میں ملے نہیں ہوں گے یعنی درمیانی ہوں گے اور مستری کا دوست ہوگا۔

(۴) بدھ یعنی عطارد۔ قد لمبا، پتلا۔ رنگ پیلا۔ باتیں بہت کرنے والا۔ کم کام کرنے والا۔ کبوتر (کبوتر) کی طرح بولنے والا۔ گاؤں کا یا کچے مکان یا بغیر سیمنٹ کے مکان میں رہنے والا۔ بچھی اُس کے مکان کے پاس ہوں یا نوکر رکھے۔ بدہضمی کی بیماری پیٹ میں درد، سونگی یا سبز رنگ کی سبزی۔ توریا۔ کریلے وغیرہ وغیرہ اور سر اُس کا بڑا، آنکھیں کالی۔ ناک تیز بولنے والا۔ ڈاکٹر، حکیم، جراح کا دوست ہوگا۔ اور اس کی پہچان یا گلے میں نشان ہوگا۔

(۵) برہسپت یعنی مشتری، سادھو، مہاتما۔ بزرگ، مندر۔ دھرم شالہ۔ گھر میں کوئی پیر فقیر یا دیوی کا۔ یا گوردوارہ، مسجد، کواں۔ پیپل۔ درخت کوئی نہ کوئی آدمی اُس کے مکان کے ساتھ ہوگا یا اُس کے مکان میں ہوگا۔ اور اُس کا جسم لمبا، پتلا، داڑھی لمبی۔ دانت ٹوٹا ہوا اور خود بھی سادھو خیال کا ہوتا ہے۔ پیشانی پر ریکھا کے داغ۔ رنگ کانک جیسا۔ چہرہ گول، درمیانی عمر کا اور ماتھے پر یا گردن پر داغ چیچک یا چیچک کی دال، دین اور اُس شخص کی عادت بگلا بھگت کی ہو۔

(۶) شکر یعنی زہرہ۔ قد لمبا۔ رنگ سفید۔ میٹھا بولنے والا۔ راگ، تماشا کا زیادہ دیکھنے والا یعنی شوقین۔ سفید کپڑے پہننے والا۔ جلدی چلنے والا۔ آنکھیں گول

اچھی، مگر کمزور یا آنکھوں پر داغ۔ کھانے اور پینے والا اور اس کا مکان خوبصورت جہاں گھوڑے اور چوپائے رہتے ہوں۔ اُس کے پاس کا رہنے والا یا بال اُس کے بورے رنگ کے، چاول، دہی، دودھ، سفید اور میٹھی چیز کے زیادہ کھانے والا یا دارو نہ کا دوست یعنی کوچوان کا دوست۔

(۷) سنیچر یعنی زحل۔ قد لمبا، رنگ سیاہ یا چہرے پر داغ، ٹانگیں لمبی، ہاتھ پاؤں کی انگلیاں لمبی۔ پیر ہاتھ کی انگلیاں لمبی اور پیر ہاتھ کی ناڑیں نظر آئیں یعنی دکھائی دیں۔ جھوٹا، مکار۔ پرانی جگہ پر رہنے والا، دھوکہ باز۔ سر پر بال زیادہ اور بال کھوڑے سے۔ نوکری یا پیادہ۔ دانت چھوٹے، پیٹ بڑا، ٹانگیں پتلی۔ پیر چھوٹے، ہونٹ موٹے بڑے۔ اچار۔ کھٹائی، تلی ہوئی چیز، ماش کی دال، گوشت یا باسی چیز کھانے والا۔ اُجاڑ کے رہنے والا یا گھیرے یعنی ٹوٹے مکان میں رہنے والا۔

(۸) راہو یعنی راس۔ لکڑی۔ کوئلہ۔ چونا قلعی وغیرہ وغیرہ کا کام کرنے والا ہوتا ہے اور سانپ پکڑنے والے کا دوست۔ رتا یا رسی بنانے والا، جوا کی عادت ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ جس راشی کا راس یعنی راہو ہوگا۔ اُس گرہ بھی پھل کرتا ہے یا جس کے ساتھ بنا ہو۔ اُس کا بھی پھل کرتا ہے۔ پاؤں بڑے۔ دانت خراب۔ قد لمبا۔ بال زیادہ۔ سر پر یا چہرے پر داغ۔ اُجاڑ یا پرانے مکان میں رہنے والا۔ اُس میں دیو یا دیوی۔ مندر یا مسجد یا گورد وارہ یعنی متبرک جگہ پر رہنے والا ہوتا ہے۔

چور مرد یا عورت کا جاننا

جو راشی دائرہ تکن کے ساتویں ہوگی اور اس شکل کا جو گرہ یعنی مالک ہوگا۔ اگر

وہ مشہور رمام جنتری کے مطابق کم راشی میں ہوگا تو جورو عورت ہو۔ اگر دخم راشی میں ہو تو جورو مرد ہو۔ اس طرح سے سب کام بھائی والی، دشمنی۔ دوست دھوکا دینے والا۔ بنے کام کو خراب کرنے والا وغیرہ وغیرہ کی بابت گرہ کی شکل سے کہنا ہو کہ دو یا تین زیادہ اس میں پائی جائیں گی۔

قرعہ تیار کرنے کا یعنی زائچہ بنانے کا طریقہ

قرعہ تیار کرنے کا طریقہ اور کس دن تیار کرنا چاہیئے۔ یونان والے حمل کی یکم یعنی مارچ کی ۲۱ تاریخ اور چیت کی ۸-۹ کو جب شب و روز یکساں ہوں اور بھارت والے یکم بیساکھ یعنی اپریل کی ۱۳ تاریخ کو تیار کرتے ہیں۔ نو زائچہ کو اس روز آٹھ دھاتوں کو ملا کر برابر کے آٹھ ٹکڑے چورس تیار کرنے میں ان کے اوپر کے حصہ میں چار نقطے نیچے کے حصہ میں دو نقطے اور بغلوں میں تین تین نقطے تیار کرتے ہیں۔ چار چار ٹکڑوں کو دو آہنی مسلاخوں میں ڈال دیا جائے جو حرکت کر سکیں۔ پر نقطہ باہر نہ آسکیں۔ یا نقشہ یعنی قرعہ بناتے وقت بھگوان کا خیال رکھو۔

قرعہ پھینکنے کا وقت:۔ جس وقت بھی کوئی پوچھنے آئے اسی وقت پھینکنا چاہیئے۔ صبح و شام یا رات ہو اس میں وقت کا کوئی خیال نہیں ہے قرعہ یعنی پانسہ پھینکنے سے پہلے کپڑا اس شکل تیار کرو۔ پاک و صاف کپڑے ہو کر اور اپنے بھگوان کا خیال کرکے اور جو پوچھنے بھی آئے اس کو بھی کہیئے کہ اپنے اسٹیٹ کو یاد کرے اور پوچھو جو بھی پوچھنا چاہتے۔ پھر قرعہ یعنی زائچہ کو بچھونے پر یا کسی اچھی جگہ پر۔ اس کے بعد جو نشانات آئیں ان میں ایک نقطہ کو نقطہ سمجھو اور دو (۲) نقطوں کو خط (—) میں استعمال کریں۔

یعنی لکیریں استعمال نہ کریں۔ نشان نقطہ کا (۰) نشان لکیر کا یعنی خط کا (—) کر درج کہتے ہیں۔ آپس میں قرب دیتے وقت نقطہ اور لکیر کا خیال ضرور رکھیں۔ ایک شکل میں چار تتو ہوتے ہیں (۱) اگنی (۲) وایو (۳) جل (۴) پرتھوی اور اُدھو ہیں۔ (۱) آتش (۲) باد (۳) آب (۴) خاک ہے۔ اگر پانسہ نہیں ہے تو اپنے دیوتا یعنی اشٹ کا دھیان کر کے اپنے سانس کو روک کر چار لکیریں نقطہ کی تیار کریں۔ مثلاً ایک (۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰) (۲) (۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰) (۳) (۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰) (۴) (۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰) ذائچہ طالع کے بعد ان نقطوں کو گنا تو (۱۳) پہلے میں، دوسرے میں (۱۲) تیسرے میں (۱۶) اور چوتھے میں (۲۰) ہیں۔ پہلی لائن کی شکل ⁝ دوسری لائن کی شکل ⁘ تیسری لائن کی شکل ⁝ چوتھی لائن کی شکل ≡ یہ چوتھی لائن ہے یہ تو ۲ نقطہ ہوا ہے۔ اس کو اب ۱۶ سولہ پر تقسیم کیا۔ باقی چار رہے۔ پھر دائرہ شکن میں دیکھا لائن کی جگہ خانہ چار میں ہے۔ جماعت ≡ ہے۔ اس طرح سے سب کا حال جاننا۔ اگر ۱۶ سے زیادہ ہوں تو نہیں تو کوئی ضرورت نہیں ہے۔

اگر اُوپر لکھے ہوئے طریقہ کا استعمال کرنا ہو۔ اس کے لئے دوسرا طریقہ لکھتے ہیں۔ اگر کوئی پوچھنے آئے تو اس کو کہو کہ ۱۰ ابتدا میں سے کسی ایک کا نام لے اور پھر دوسرے ہندسہ کا نام لے۔ اس طرح چار دفعہ ہندسہ کا نام پوچھ کر اس کی شکل تیار کریں۔ اگر اُس نے ۱۶ ہندسوں سے زیادہ ہندسوں کا نام لیا ہے۔ یعنی (۲۶ - ۹۴ - ۸۵ - ۲۴) تو اس کی شکل یہ ہوگی۔ پھر ان چار شکلوں سے ۱۶ شکلیں بن جاتی ہیں۔ جس طرح اس ذائچہ میں ہیں۔ اس بات کا خاص دھیان کریں کہ ۱۵ شکل میں سے ہمیشہ دو لکیریں اور دو نقطہ آئیں گے۔ یا چار نقطہ اور یا چار لکیریں آئیں گی۔ اگر ۱۵ شکل میں تین ایک طرح کی آئیں گی۔

ایک طرح کی آئیں گی۔ تو زائچہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ وہ زائچہ غلط ہوگا۔ ۱۶ شکل تیار کرنے کا طریقہ۔ پہلی کو ۱۵ میں جمع کیا تو ۱۶ شکل بن جائے گی۔ اس زائچہ میں وہی چیزیں دیکھی جاتی ہیں جو جیوتش شاستر میں دیکھی جاتی ہیں۔ بارہ خانہ میں زائچہ ۲

زائچہ ۱

زائچہ ۲

نوٹ: جتنی دیر سانس لے سکتا ہو اتنی دیر میں چار لائن لگانی ہیں۔ ایک ہی سانس میں۔

یہ سانس سے نقطہ جو لیا ہے اس کا بنا ہے

اور یہ ۱۰۰ صفحوں میں سے چار بندروں کا لیا ہوا ہے۔ زائچہ تیار کیا ہے۔

اس طرح سے چار شکلیں بنا کر پھر ۱۶ شکلیں بنائیں، لائن میں ۱۶ سے زیادہ نقطہ ہوں تو ۱۶ پر تقسیم کر کے جو باقی بچے اُس سے شکل بنالو اور طریقہ اُس کا یہ ہے۔ پوچھنے والا پہلے اپنے اشٹ دیوتا کا دھیان کر کے اور جو ہم اس سے پہلے کہہ چکے ہیں۔ اس کے مطابق کرتا جائے، پھر ان چار شکلوں سے ۱۶ شکل بنانے کا اور طریقہ جو کہ ان چار شکلوں کے اگنی نقطہ سے ریکھا سے پانچویں بنے گی۔ پھر چار شکلوں کے وایو ریکھا سے چھٹی شکل بنے گی۔ پھر ان چار شکلوں سے جل نقطہ ریکھا سے ساتویں بنے گی۔ پھر ان چار شکلوں سے پرتھوی نقطہ سے آٹھویں شکل بنے گی۔ اب ان آٹھ

شکل سے آگے بنانے کا طریقہ پہلی سے دوسری شکل کو ضرب دیا یعنی ملاپ کیا تو نویں (۹) بنے گی۔ پھر تیسری اور چوتھی کا ملاپ کیا تو دسویں (۱۰) بنے گی۔ پھر پانچویں اور چھٹی کو آپس میں ضرب دیا تو گیارھویں بنے گی۔ پھر ساتویں اور آٹھویں کو آپس میں ضرب دیا تو بارھویں (۱۲) بنے گی۔ اور نویں اور دسویں کے ملنے سے تیرھویں بنے گی۔ اور گیارہ اور بارہ ملنے سے چودھویں شکل بنے گی، تیرہ اور چودہ ملنے سے پندرھویں شکل بنے گی۔ پھر پہلی اور پندرہ کے ملنے سے سولہ بنے گی۔ اس طرح سے ۱۶ شکلیں بنا لیں، ہر ایک زائچہ کے بنانے کے وقت پندرہ شکل میں دو نقطہ اور دو لکیریں ہوں گی۔ اگر یہ نہ آئیں۔ تو زائچہ



پہلی شکل ۔ پندرہ ۔ ان کو ضرب دیا

؎ تو یہ شکل ۱۶ بنی ہے۔

اب شکلوں کے نام آدتتو، مالک، جگہ اچھے اور برے لکھتے ہیں

نمبر	شکل	نام	خانہ	وارش	مالک	شبھ و خراب	کونسی طرف	خارج۔ داخل	تتو بندش	تتو اردو میں	کیندر پیٹھ زمین
۱	☰	لحیان	۹	دھن	برہسپت	نیک شکل	پورب دشا	نیک خارج	اگنی تتو	آتش	کیندر
۲	☱	قبض الداخل	۵	سنگھ	بودھ	" "	اگنی کون دشا	نیک داخل	پرتھوی تتو	خاک	پیٹھ
۳	☲	قبض الخارج	۱۱	کنیھ	راہو	بد شکل	نیرت کون دشا	بد خارج	اگنی تتو	آتش	اسپیکم
۴	☳	جماعت	۲	کنیا	بدھ	نیک شکل	دکن دشا	شبھ ثابت	پرتھوی تتو	خاک	کیندر
۵	☴	فرح	۷	تلا	شکر	" "	پچھم دشا	شبھ منکیب	وایو تتو	باد	پیٹھ
۶	☵	عقلہ	۱۰	مکر	سنیچر	بد شکل	دکن دشا	بد منکیب	پرتھوی تتو	خاک	اسپیکم
۷	☶	انکبس	۱۱	کنبھ	سنیچر	" "	پچھم دشا	بد داخل	" "	خاک	کیندر
۸	☷	حمرہ	۸	برچھک	منگل	" "	اتر دشا	اشبھ ثابت	وایو تتو	باد	پیٹھ
۹	☷	بیاض	۴	کرک	چندرما	نیک شکل	" "	" "	جل تتو	آب	اسپیکم
۱۰	☶	نقرۃ الخارج	۵	سنگھ	سورج	" "	ایشان کون	شبھ خارج	اگنی تتو	آتش	کیندر
۱۱	☵	نقرۃ الداخل	۱۲	مین	برہسپت	" "	اتر دشا	شبھ داخل	جل تتو	آب	پیٹھ
۱۲	☴	عقبۃ الخارج	۱۰	مکر	سنیچر	بد شکل	وایو کون دشا	اشبھ خارج	اگنی تتو	آتش	اسپیکم
۱۳	☳	نقی	۱	میکھ	مشکل	" "	ایشان کون پورب کی دشا	اشبھ منکیب	جل تتو	آب	کیندر
۱۴	☲	عقبۃ الداخل	۲	برکھ	شکر	نیک شکل	دکن دشا	شبھ داخل	وایو تتو	باد	پیٹھ
۱۵	☱	اجتماع	۳	متھن	بدھ	" "	پچھم کی دشا	شبھ ثابت	" "	باد	اسپیکم
۱۶	☰	طریق	۴	کرک	چندرما	" "	اتر دشا	شبھ منکیب	جل تتو	آب	کیندر

Scanned by CamScanner

یہ چار شکلیں خارج ہیں۔ کیونکہ ان کے اُوپر نقطہ ہیں۔ اور یہ چار داخل ہیں۔ کیونکہ ان کے نیچے نقطہ ہوتے ہیں اور یہ چار شکلیں ثابت ہیں کیونکہ ان کے نیچے اُور اوپر ریکھا ہوتی ہے یہ چار شکلیں منقلب ہیں۔ ان کے نیچے اور اوپر نقطہ کے نشان ہوتے ہیں۔

زائچہ میں شکلیں کس طرح پھل کرتی ہیں

پرشن میں خارج شکلیں کام کو خراب ناش کرتی ہیں اور داخل شکلیں کام کو جوڑ دیتی ہیں۔ یعنی طاقت دیتی ہیں۔ منقلب اُور ثابت شکلیں آدھے کام کو کر دیتی ہیں۔ اور آدھے کو خراب کر دیتی ہیں۔ دھیل اپنی عقل سے کہنا دیکھ کر کہ یہ کیسا گرہ ہے۔ خراب یا اچھا) کیونکہ خارج شکلیں دو بتھا اور دو آتھ میں سو داخل شکلیں تین اچھی اور ایک خراب۔ ثابت شکلیں تین اچھی اور ایک خراب ہے۔ منقلب شکلیں دو اچھی اور دو خراب ہیں۔ اِس لئے عقل سے کام لیں۔ خراب داخل کام پورا کر کے بعد میں خراب کر دے گی۔ اس طرح سب کا کہنا اور بدھی یعنی عقل سے سوچ اور وچار کر کے۔

مزاج اشکال آتشی و بادی

شکل آتشی	شکل بادی	شکل آبی	شکل خاکی

اشکال سعد و نحس

خانہ مرکز آتش	خانہ مرکز باد	خانہ مرکز آب	خانہ مرکز خاک
۱-۸-۹-۱۱	۳-۶-۱۰-۱۴	۵-۷-۱۱-۱۵	۲-۸-۱۲-۱۶

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
مونث	÷	÷	÷	÷	÷	÷	÷	÷
مذکر	÷	÷	÷	÷	÷	÷	÷	÷

اب کینڈر، پھنیئر، اپوکلیم لکھتے ہیں

پانسہ ڈال کر زائچہ کھینچا اور ۱۶ شکلیں بنالیں۔ اور کرم سے ایک شکل کینڈر دوسری پھنیئر، تیسری اپوکلیم ہوئی۔ اس طرح سے ۱۶ شکل کی گنتی کرلیں۔ اگر کینڈروں میں اچھی شکلیں ہیں تو زائچہ اچھا ہے۔ اگر پھنیئروں میں اچھی شکلیں بھی ساتھ ہیں تو اچھا پھل دوگنا ہوگا۔ اگر نیچی شکلیں ہیں۔ تو پھل بھی ملا جلا ہوگا۔ اگر اپوکلیم میں اچھی شکل ہے تو عمر بھر اچھا پھل کا کہنا۔ جس جس خانے میں اچھی شکل ہوگی۔ اس خانے کا پھل اچھا کرتا ہے۔ اور جس جس خانے میں خراب شکل ہے۔ اس اس خانے کو ناش کرے گی۔

زائچہ ڈالنے سے پہلے زائچہ کو کوا اس طرح بنالیں	زائچہ ڈالنا تو یہ شکلیں آئیں
∴ ∴ ∴ ∴	∵ ∵ ∵ ∵
∵ ∵ ∵ ∵	∴ ∴ ∴ ∴

شکلیں بنانے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھیں۔ ایک نقطہ کا نقطہ ہی لینا اور دو نقطہ یعنی فرد کی ایک ایک لکیر لینا۔ اس طرح کی (–) اور نقطہ (∴) یہ ہے۔

نام	آتشی	بادی	آبی	خاکی
مساوی	خاکی	آبی	بادی	آتشی
دشمن	آبی	خاکی	آتشی	بادی
دوست	بادی	آتشی	خاکی	آبی

نقشہ دوست و دشمن

اوپر دیئے ہوئے ناموں کو (۱) آتش یعنی اگنی (۲) دوسرا باد یعنی وایو۔ تیسرا آب یعنی جل۔ چوتھا خاک یعنی پرتھوی ہے۔

Scanned by CamScanner

اب ضمیر نکلنے کا طریقہ دو طرح کے لکھتے ہیں

ہر ایک پوچھنے والے کے دل کی بات بھگوان جانتا ہے۔ مگر دل بتانا ہو تو میں لکھا ہوا طریقہ لکھتے ہیں۔ اب پانسہ ڈال کر جو شکل بنالی۔ پھر پہلی شکل کو آٹھویں شکل کے ساتھ ملا دیا۔ ان دونوں سے جو شکل بنی۔ وہ شکل دائرہ نکسن کے جس خانہ کی ہے۔ پوچھنے والے کا سوال اس خانہ میں سے ہے یا ان خانوں میں جس خانہ میں وہ شکل ہوگی تو وہ بھی ضمیر کی ہے۔ اس خانہ کی بابت پوچھتا ہے۔

اب ترچھی ضمیر لکھتے ہیں۔ پہلے پانسہ ڈال کر جو شکل بنائی۔ پھر پہلی شکل سے چار شکل تک لگی۔ آدھی چار تو سے ایک شکل بنائی۔ جیسے پہلی شکل کے سر پر ریکھا ہے تو ریکھا لینا۔ اگر نقطہ ہے تو نقطہ لینا۔ پھر دوسری شکل کے دایو تتو میں جو ہو وہ لینا۔ اس کے بعد چوتھی شکل پر تتوی میں جو ہو وہ لینا۔ اس طرح سے ایک شکل بن جائے گی۔ اسی طرح اور شکل بھی بنا لینا جو آٹھ شکل بن جائیگی تو جیسا پانچویں شکل کے نیچے کی ریکھا یا نقطہ پر تتوی تتو کی پہلی پھر چھٹی شکل کے جل تتو کی ریکھا یا نقطہ لینا۔ ان چار تتو کی ایک ریکھا یا نقطہ لینا۔ پھر ساتویں شکل کے دایو تتو کی ریکھا یا نقطہ کا لینا۔ پھر آٹھویں شکل اگنی تتو کی ریکھا یا نقطہ لینا۔ ان چار تتو کی ایک ریکھا یا نقطہ سے ایک شکل بنا لینی۔ پھر پہلی شکل جو تتو کے اوسار بنائی ہے۔ اس کو اس کے ساتھ ملا دیا جائے اور ان دونوں کے بیچ سے جو شکل بنے گی۔ وہ دائرہ نکسن کے جس خانہ کی ہوگی۔ اس خانہ کا سوال ہوگا۔ یا پانسہ ڈالتے ہوئے جس خانہ کی ہوگی۔ اس خانہ کا سوال ہوگا۔ اس کا نام ترچھی ضمیر ہے۔ جیسا کہ نیچے مثالاً لکھی ہے:۔

اب ان دونوں کو جمع کیا ☰ ☰ ☰ تو ☰ ☰ ☰ ☰ بن گئی ☰ ☰ ☰ ان کو آپس میں ملایا تو یہ بنی ☰ ☰ یہ شکل ترجھی کی ضمیر نکلی۔

اب نقطہ کے اڑانے کی بابت لکھتے ہیں۔ پانسہ ڈال کر شکلیں بنائیں پھر اُس پانسہ کے یعنی پندرھویں میں جو شکل ہے اُس کے سر پر کا جو نقطہ ہے۔ وہ نقطہ دیکھنا کہ شکل ۱۳ یا ۱۲ میں جاتا ہے۔ اس شرط پر سر کا نقطہ ۱۳ یا ۱۲ شکل پر جائے۔ اگر ۱۳ شکل پر گیا ہے تو پھر خانہ ۹ یا ۱۰ شکل میں دیکھنا ان دونوں میں کس شکل میں ہے۔ جس وقت یہ پتہ چل جائے کہ ۹ شکل کے سر پر گیا ہے۔ تو ۹ شکل ایک اور دو شکل کے جمع کرنے پر پھر یہ دیکھنا کہ ایک شکل یا دو شکل میں کسی شکل کے سر سے پر نقطہ ہے۔ وہ اڑا ہوا نقطہ اس پر ختم ہو گیا اور جس پر ختم ہو گا۔ وہ اس خانہ کا سوال ہو گا۔ اسی طرح اگر سر کا نقطہ ۱۰ شکل سر پر آئے گا تو ۱۰ شکل تین اور چار شکل سے بنی ہے۔ پھر یہ دیکھنا کہ تیسری اور چوتھی شکل میں کس شکل کے سر پر نقطہ ہے۔ وہ اڑا ہوا نقطہ اس میں ختم ہوتا ہے اور جس میں ختم ہو گا اس خانہ کا سوال ہو گا۔ اس طرح سے اگر ۱۵ خانہ کا نقطہ اڑ کر ۱۲ شکل میں آئے تو پھر ۱۱ یا ۱۲ شکل کو دیکھ کر نقطہ کس شکل میں آیا ہے۔ اگر ۱۱ آئے تو ۵ و ۶ شکل کو دیکھنا کہ سر کا نقطہ کس پر ہے۔ جس کے سر پر نقطہ ہو گا تو اس خانہ کا سوال ہے۔ اگر نقطہ ۱۳ شکل میں ہے اور اڑ کر ۱۲ شکل میں گیا۔ تو ۱۲ شکل ۷ اور ۸ شکل سے بنی ہے۔ پھر یہ دیکھنا کہ ۷ اور ۸ شکل کے سر پر نقطہ کس کے ہے۔ جس کا ہو گا۔ اس خانہ کا سوال کہنا۔ مثلاً



زائچہ نمبر ۱ کی ۱۵ شکل کا دوسرا نقطہ جو ہے اُس کو بھی اسی طریقہ سے چلایا جاتا ہے اور پوچھنے والے کا سوال اس خانہ کا ہوگا۔ اگر ۱۵ شکل میں طریق آئے یعنی اس طرح کی ⁝ تو چاروں نقطوں کو چلا کر دیکھ لینا۔ اُمید ہے کہ سوال پورا پورا نکلے گا۔ یہ ہم نے اپنی عقل سے لکھا ہے۔

(مُتی) دل کا پرشن بتانے کا دوسرا طریقہ

ایک بار پوچھنے والے نے کہا۔ کہ میرا پرشن مُتی (دل کا) گوپت کرکے بتائیں کہ پرشن کیا ہے۔ پھر جوتشی جی نے کہا کہ اب پرشن صاف کہو۔ ہم آپ کو ہاں اور نہ میں جواب دے دیں گے۔ مگر اُس پوچھنے والے نے کہا کہ آپ ہی بتائیں۔ پھر جوتشی نے ایشور پر بھروسہ کرکے پانسہ ڈالا اور زائچہ پرشن کا بنایا۔

زائچہ مُتی پرشن کا رمل شاستر کے آچاریہ کا یہ بھی لکھا ہے کہ خانہ اوّل میں جو شکل آئے وہ شکل دوبارہ جس گھر میں آئے۔ اُس گھر کا ضمیر کہنا۔ جیسا اس زائچہ کے خانہ اول میں نحیان شکل ہے۔ جو کہ خانہ

اوّل کی ہی ہے۔ اور پھر یہ لحیان شکل خانہ پانچواں (۵) میں آئی ہے۔ پھر یہ لحیان شکل خانہ گیارہ (۱۱) میں آئی ہے۔ اس لئے پہلے خانہ میں سوال اپنا بنا۔ پھر خانہ (۵) پانچواں سے اولاد کا سوال۔ پھر خانہ گیارہ (۱۱) سے لابھ کا سوال بنا۔ اب وچار کر کے دیکھا تو پوچھنے والا اپنے پتر کے نکاح۔ شادی کے بارے میں پوچھتا ہے۔ کیونکہ خانہ پانچواں سے خانہ گیارھواں و خانہ ساتواں (۷) ہے۔ اُس پوچھنے والے نے کہا کہ میرا سوال یہی ہے۔ لڑکے کی شادی کب ہوگی۔

ایسے ہی پوچھنے والے کے دل کا سوال دیکھنا چاہیئے۔ کہ پوچھنے والا کیا پوچھتا ہے۔ اگر ضمیر کی شکل جوبی ہے اور زائچہ میں نہیں آئی۔ تو اس شکل کی ہم مزاج شکل کو دیکھنا وہ ہی جس خانہ میں ہوگی۔ اس اُس خانے کا سوال ہوگا۔ اگر ہم مزاج کی بھی شکل زائچہ میں نہیں آئی تو اُس کے گھر میں یعنی جو ضمیر کی شکل ہے (لحیان قبض الداخل قبض الخارج۔ جماعت وغیرہ وغیرہ) دائرہ شکن کے جس خانہ کی ہوگی۔ اس کے مطابق جو شکل بنے گی۔ وہ شکل جس خانہ میں پڑے گی اُس گھر کی ضمیر ہوگی۔ یا وہ شکل دائرہ شکن کے مطابق جس گھر کی ہوگی۔ اُس گھر کا پرشن کہنا چاہیئے۔

ہم وزن کی شکلیں آپس میں

☰ ☰ ان کا مالک مجوّد یعنی برہسپت ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

☷ ☷ ان کا مالک بھرگو یعنی شکر ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

☳ ☳ ان کا مالک بدھ ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

☵ ☵ ان کا مالک سُورج ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

☶ ☶ ان کا مالک منگل ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

☱ ☱ ان کا مالک شنی ہے۔ یہ دونوں ہموزن ہیں۔

Scanned by CamScanner

 ان کا مالک راہو اور کیتو ہے۔ یہ دونوں ہم وزن ہیں۔

شکلوں سے مرد، عورت اور خسرا دیکھنا

(۱) یہ شکلیں مرد کی ہیں۔

(۲) یہ شکلیں عورت کی ہیں۔

(۳) یہ شکلیں خسرے کی ہیں۔ نامرد۔

ان شکلوں سے چور۔ بھائی وال۔ مدد کرنے والا دیکھ کر کہنا چاہیئے۔

اب شکلوں کے بل لکھتے ہیں

(۱) ۱، ۴، ۵، ۹، ۱۰، ان گھروں میں بلوان ہے (۲) ۱، ۴، ۵، ۹، ۱۰، ان گھروں میں بلوان ہے (۳) ۳، ۶، ۸، ۱۱، ان گھروں میں بلوان ہے۔ (۴) ۱، ۴، ۵، ۷، ۹، ان گھروں میں بلوان ہے (۵) ۱، ۲، ۵، ۷، ۹، ۱۲، ان گھروں میں بلوان ہے۔ (۶) ۳، ۶، ۸، ۱۱، ان گھروں میں بلوان ہے (۷) ۱، ۴، ۵، ۷، ۹، ۱۰، ان گھروں میں بلوان ہے، (۸) ۳، ۵، ۶، ۸، ۹، ۱۰ ان گھروں میں بلوان ہے (۹) ۲، ۴، ۵، ۹، ۱۰، ان گھروں میں بلوان ہے (۱۰) ۱، ۵، ۹، ۱۰ گھروں میں بلوان ہے (۱۱) ۱، ۴، ۵، ۹، ۱۰، گھروں میں بلوان ہے۔ (۱۲) ۳، ۶، ۸، ۱۱، ان گھروں میں طاقتور ہوتا ہے۔ (۱۳) ۱، ۵، ۹، ۱۰، ان گھروں میں طاقتور ہوتے ہیں (۱۴) ۲، ۴، ۵، ۷، ان گھروں میں بلوان ہے۔ (۱۵) ۱، ۴، ۵، ۷، ۹، ۱۰، ان گھروں میں طاقتور ہے۔ (۱۶) ۲، ۳، ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ان گھروں

Scanned by CamScanner

میں بلوان ہے۔

اب اچھے اور بُرے سنگیا۔ ۱۔۲۔۳۔۴۔۵۔۷۔۹۔۱۰ و ۱۱ شبھ سنگیا ہیں۔ ۶۔۸۔۱۲ خراب سنگیا ہیں۔

اب کیندر، پنھیز، اپوکلیم سنگیا لکھتے ہیں

(۱) ۴، ۷، ۱۰ کی کیندر سنگیا یعنی (اعداد) (۲) ۲، ۵، ۸، ۱۱ کی پنھیز سنگیا یعنی (اعداد سلامتی) (۳) ۳، ۶، ۹، ۱۲ کی اپوکلیم سنگیا ہے (اعداد جھاتی) رمل میں ان کا کام زیادہ پڑتا ہے۔

اب پانسہ بنانے کا دن اور کتنی دھاتوں سے بنتا ہے

پانسہ سات دھاتوں سے بنتا ہے (۱) سونا (۲) چاندی (۳) تانبا (۴) جست (۵) سکہ (۶) لوہا (۷) قلعی، تحویل حمل کے روز بنانا ہو کہ ہر سال ۲۲ چیت کے قریب ہوتی ہے۔ اس دن کا دن مان ۳۰ گھڑی ۰۰ پل ہوتا ہے۔ رمل شاستر میں حمل کی پہلی اور بیساکھ کی پہلی ہوتی ہے۔

زائچہ بنانے کا اور طریقہ

ایشور کا نام لے کر ۱۶ ہندسوں میں سے کسی ایک کا نام لینا وہ پہلی شکل ہو گی۔ پھر اسی طرح سے دوسرے کا نام لینا وہ دوسری شکل ہو گی۔ اس طرح تیسری اور چوتھی شکل بنا کر زائچہ کھول لیں رمل شاستر کے مطابق پرشن یعنی سوال کا جواب کئی ایک طرح سے ہے ضمیر سے سوال کہنا۔ ہموزن سے سوال کہنا۔ نقطہ چلا کر سوال کہنا۔

پوچھنے والا بھگوان کا نام لے کر پھر اپنا نام لے یا پانسہ کو ہاتھ لگائے یا پانسہ خود پھینکے یا جوتشی خود ڈالے اور زائچہ تیار کرے۔ پھر ماتا، دھن، بھائی، سُسن، پُتر، دشمن، عورت، موت، دھرم، پتا، لابھ، خرچ۔ اس طرح سے جس خانہ کا سوال نکلے۔ اس خانہ کی شکل کو دیکھیں۔ اگر بشٹھ شکل ہے تو خانہ کا پھل ہے۔ اگر آبشٹھ شکل ہے تو آبشٹھ پھل ہے۔ کسی نے دھن کا سوال کیا ہے۔ تو دائرہ شکن کے مطابق دھن گھر کی شکل ج نبض الداخل ہے۔ اب دیکھنا کہ نبض الداخل پرستار یعنی زائچہ میں ہے۔ اگر ہے تو بشٹھ گھر میں ہو تو بشٹھ پھل کا ہے۔ اگر آبشٹھ گھر میں ہو تو آبشٹھ پھل ہے۔ اس طرح سے پتر۔ عورت۔ ماتا۔ پتا۔ نانا وغیرہ وغیرہ ہر ایک کا پھل یا آبشٹھ کہنا چاہیئے۔

جس خانہ کا سوال ہو۔ اس خانہ میں جو شکل پڑی ہو اور دائرہ شکن کے مطابق جو شکل ہو۔ ان دونوں کو جمع کر لیں۔ جو شکل بنے اگر بشٹھ ہو تو بشٹھ پھل۔ اگر آبشٹھ ہو تو آبشٹھ پھل ہے۔ پھر یہ بھی دیکھنا ہے کہ جو شکل دو شکلیں جمع کرنے پر بنی ہے۔ وہ زائچہ کے کس خانہ میں آئی ہے، اگر زائچہ میں بھی بشٹھ خانہ میں آئی ہے۔ تو دونا، دونا بشٹھ پھل۔ اگر آبشٹھ گھر میں ہے تو ایک بار پورا پھل ہوتا ہے۔ پھر یہ بات وچار سے کہ سوال کی شکل کہیں دوسری بار بھی آئی ہے۔ یا نہیں۔ اگر آئی ہو۔ تو بشٹھ پھل کہنا بشٹھ گھر سے۔ اگر آبشٹھ گھر میں ہو تو آبشٹھ گھر میں ہو تو آبشٹھ پھل۔ اگر نہ کوئی ہو تو اُس کے گھر کے ساتھ ملائیے۔ دائرہ شکن کی دھن تن کے مطابق یا جو ملا کر شکل بنے۔ اُس کے ساتھ زائچہ کے ساتھ پہلی شکل ملا دیں۔ پھر یہ دیکھیں کہ شکل بشٹھ ہے۔ تو بشٹھ پھل۔ اگر آبشٹھ ہے تو آبشٹھ پھل دیتی ہے۔ پھر یہ بھی دیکھیں کہ اس شکل کی پونراوتی یعنی دوبارہ بشٹھ گھر میں ہے یا خراب گھر میں ہے۔ زائچہ میں اگر بشٹھ نہیں تو جو اُوپر لکھا پھل ہے۔ وہ ٹھیک ہے۔

Scanned by CamScanner

دوسرا طریقہ پرشن کا یہ ہے :- پوچھنے والے سے کہا کہ زائچہ تیار کرنا تن، دھن، سکھ وغیرہ وغیرہ میں سے جس گھر میں جو شکل ہے۔ اُس میں سے کسی کے دوبارہ آئی ہے یا نہیں۔ اگر وہ ہے تو شبھ آشبھ گھر کے مطابق کام کا ہونا یا نہ ہونا کہنا چاہیئے۔ اگر وہ شکل کہیں نہیں ہے تو یہ بھی دیکھنا کہ اُس کی اُلٹ تو نہیں زائچہ میں ہے۔ اگر آئی ہے۔ جیسے یہ شکل ☶ اُلٹ کر ☳ یہ بنی ہے۔ اور یہ شکل اُلٹ شبھ ہے یا آشبھ ہے۔ اگر دسم شکل شبھ اور پہلی شکل آشبھ ہے۔ تو پھل اُس کا پہلی شبھ بادیں آشبھ پھل ہے۔ اگر پہلی آشبھ ہے اور اُلٹی ہوئی شکل آشبھ ہے۔ تو پہلے کام کو نقصان اور پچھلے کام کی کامیابی ہوتی ہے۔ اگر دونوں شکلیں شبھ ہیں۔ تو کام میں پوری کامیابی آخر تک ہوتی ہے۔ اگر دونوں شکلیں نخس یعنی آشبھ ہیں تو کام نہیں ہوگا۔

اب تیسرا طریقہ پرشن بنانے کا لکھتے ہیں :- جس خانہ کا سوال ہو۔ زائچہ میں اُس خانہ کو دیکھو کہ کونسی شکل آئی ہے۔ مثلاً کسی نے لابھ کا سوال کیا ہے۔ بس لابھ خانہ گیارہ (۱۱) کا ہے۔ اب دیکھنا ہے کہ لابھ خانہ میں کونسی شکل پڑی ہے۔ اور جو شکل پڑی ہے۔ اس کا ہموزن اور عادت بھی دیکھیں کہ کہاں پڑا ہے۔ اگر شبھ خانہ میں پڑی ہے تو کام کی کامیابی کہو۔ اگر آشبھ خانہ میں پڑی ہے۔ تو کام نہیں ہوگا۔ اگر پرشن کی شکل شبھ خانہ میں ہے۔ اور ہم وزن آشبھ خانہ میں ہے۔ تو کامیابی کا ہونا نظر آئے۔ اور بعد میں رکاوٹ ہو جائے۔ اگر سوال کی شکل آشبھ خانہ میں اور ہموزن شبھ خانہ میں ہو۔ تو پہلے کام کی کامیابی نظر نہیں آئے گی۔ بعد میں ہو جائے گا۔ اگر دونوں شبھ گھر میں ہیں۔ تو پورا پورا کام ہوگا۔ اگر دونوں آشبھ خانہ میں ہیں۔ تو ہانی نشان اور کامیابی نہیں ہوگی۔

اب چوتھا پرشن بنانے کا طریقہ لکھتے ہیں :- جس خانہ کا سوال

ہو۔ اُس خانہ کو دیکھو۔ وہاں پر شبھ شکل بڑی ہے یا خراب ہے اور یہ بھی دیکھیں کہ اس کا ہم وزن یعنی سوبھاؤ کے ساتھ ملاپ کریں۔ جو پھلت نکلے یہ تینوں شبھ ہیں یا آشبھ ہیں۔ اگر تینوں شبھ ہیں تو سکھ شانت سے کام ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر لابھ کی شکل اور پھلت شبھ ہے اور ہموزن یعنی سوبھاؤ خراب ہے۔ تو بھی کام کی کامیابی کہنا۔ مگر کچھ معمولی نقصان اُٹھانا پڑے گا۔ اگر لابھ کی شکل شبھ ہے اور ہموزن اور پھلت خراب ہے تو کام کی کامیابی نہیں ہوگی۔ جو کہ معمولی امید بن کر کام بگڑ جائے گا۔ اگر لابھ کی شکل خراب ہو۔ تو اُس کا پھلت شبھ ہے تو کام کی سدھی ہوگی۔ اگر تینوں آشبھ ہیں تو کام کی سدھی نہیں ہوگی۔ اُس کام کو چھوڑ دیں۔

اگر کوئی اپنے بھاگیہ کے بارے پوچھے۔ تو پانسہ بنا کر دشم گھر کو دیکھیں اگر شکل شبھ ہے تو بھاگیہ اچھا ہے یعنی قسمت نیک ہے۔ اگر آشبھ ہے تو بھاگیہ خراب ہے۔ اگر کوئی پوچھے میری پچھلی زندگی بھلی ہے یا بُری۔ کشٹ والی ہے تو زائچہ بنا کر نویں اور دسم اور لابھ (۱۱) ان تینوں خانوں میں شبھ شکلیں ہیں تو شبھ کہو۔ پچھلی عمر میں سکھ۔ آرام۔ دولت ہے۔ اگر خراب ہیں تو کشٹ۔ بیماری، ہانی، خرچ رونا وغیرہ ہے۔ اگر ایک شبھ ہے۔ دو خراب ہیں۔ تو ۱/۳ سکھ ملے گا۔ اگر دو شبھ ہیں اور ایک آشبھ ہے۔ تو ۲/۳ سکھ ملے گا۔

اگر کوئی پوچھے میرا کام ہوگا یا نہیں۔ تو زائچہ کی پہلی شکل کو دیکھو۔ اگر شبھ دال ہے (÷ ⁝ ⁝ ⁝ ⁝) تو کام ضرور ہو جائے گا۔ پھر یہ بھی دیکھیں کہ پہلی شکل دوسری جگہ تو نہیں آئی۔ اگر آئی ہے۔ تو کہاں پر ہے۔ جس گھر میں دوبارہ آئی ہے۔ اُس گھر کی دوسری شکن کے مطابق جو شکل اُس گھر کی ہے۔ اُس کے ساتھ اُس کا ملاپ کر دیں۔ اگر شبھ بنے تو کام کی پوری پوری سدھی ہے۔ اگر خراب ہو۔ تو اور شبھ گھر میں ہو۔ تو کام بن کر بگڑ جائے۔ لیکن پہلے ہانی بعد میں ٹھیک ہو جائے۔

اگر کوئی پوچھے۔ میں اُن آدمیوں سے ملوں گا یا نہیں (بھائی۔ ماتا۔ اولاد۔ دشمن۔ عورت۔ پتا۔ راجہ وغیرہ) یا بات چیت ان کے ساتھ ہوگی یا نہیں یا میرا اس کے ساتھ میل ملاپ رہے گا یا نہیں۔ نرائچہ بنا کر وچار کریں کہ پہلی اور ملاپ والے گھر کی ان دونوں میں اگنی نقطہ ہو تو پہلا اگنی نقطہ آمنے سامنے دیکھیں مگر ملاپ نہیں ہوگا۔ اگر دونوں شکل کا وایو نقطہ ہوگا تو ملاقات کرنے پر بات چیت پریم سے ہوگی۔ اگر دونوں کی شکلیں جل نقطہ کی ہوں گی۔ تو اچھا ملاپ ہوگا۔ جیسے گھی کھچڑی میں مل جاتا ہے اگر دونوں کی شکل پرتھوی نقطہ کی ہوگی تو ملاقات نہیں ہوگی۔ اگر ہو بھی جائے تو کام نہیں پورا ہوگا۔

پہلی اگنی (۰) دوسری وایو (۰) تیسری جل (۰) چوتھی پرتھوی (۰) اگر ایک کی شکل کا اگنی ☲ (۰) نقطہ ہے اور دوسری شکل کا جل ☵ نقطہ ہے تو اگنی اور جل کا اس میں پریم نہیں ہے۔ دشمنی ہے۔ اس لئے جل نقطہ والا دشمنی کرے گا معمولی بات چیت ہو کر بگڑ جائے گی۔ اور ایک کا جل ☵ نقطہ (۰) ہے اور دوسرے کا ☷ پرتھوی ہے۔ تو جل اور پرتھوی یعنی زمین کا آپس میں ملاپ ہے۔ تو اُس کا پھل دونوں طرف پریم بڑھے گا۔ اسی طرح سے اگنی اور ہوا یعنی وایو ملاپ ہے۔ آگے یہ بھی کریں۔ پہلی شکل میں ☲ بیاض کی شکل مل کر پھر پرشن کی شکل میں مل کر بیاض کی شکل کو تو دیکھو۔ اگر دونوں شبھ ہیں اور شبھ خانہ میں ہیں تو پھل اُس کا اچھا ہے۔ اگر خراب ہے تو بُرا پھل ہوگا۔ اگر شبھ شکل ہے، خانہ بُرے میں پڑی ہے تو پہلی شبھ اور پچھلی خراب ہے۔ اگر شکل خراب ہے اور شبھ گھر میں آئی ہے تو پہلے خراب کرے گی اور بعد میں اچھا پھل کرنا شروع کرے گی: ۳-۶-۸-۱۱-۱۲ خراب

ہے۔ خانہ تین، پانچ آنے خراب ہے۔ خانہ ۶ میں ہو تو دس آنے خراب ہے اگر خانہ آٹھ میں ہو تو ۱۲ آنے خراب ہے۔ اگر خانہ ۱۱ میں ہو تو ایک روپیہ خراب ہے۔ اگر بارھویں میں ہو تو آٹھ آنے خراب کرتی ہے۔

اگر کوئی پوچھے میرے بھاگیہ یعنی قسمت کس عمر میں چمکے گی

رمل ڈال کر زائچہ تیار کیا اور اس میں پہلی شکل سے چوتھی شکل تک اگر نقطے ہیں۔ تو کہنا کہ آپ کا بھاگیہ شروع سے اچھا ہے۔ اگر دو شکلیں نقطہ ہیں اور دو آنقطہ ہیں۔ تو ½ پھل برا ہے۔ اور ½ پھل اچھا ہے۔ اگر ۳ نقطہ ہیں۔ ایک آنقطہ ہے۔ تو ¼ پھل برا ہے۔ اگر ۳ آنقطہ ہیں اور ایک آنقطہ ہے تو ¾ نقطہ پھل ہے۔ اس طرح سے مدھم عمر کہیں اور اس طرح سے پچھلی عمر کا حال ہے۔ خانہ پانچ سے آٹھ تک درمیانی عمر ہوتی ہے اور ۹ خانہ سے ۱۲ خانہ تک پچھلی عمر ہوتی ہے۔ جس عمر میں یہ شکلیں زیادہ ہونگی (∴ ∵ ∷ ⁘) اس عمر میں پورا سکھ ہوتا۔ اگر پہلے حصہ میں ہو۔ تو ۳۲ سال تک سکھ ہوگا۔ اگر دوسرے حصہ میں ہو تو ۶۴ سال تک سکھ ہوتا ہے۔ اگر تیسرے حصہ میں ہو تو ۹۶ سال تک سکھ ہوگا۔ عمر کا دچار حوتش شاستر کے مطابق ہے۔ عمر کو پیسٹ کر کے تین حصہ کر لیں۔ اگر سب حصوں میں اوپر لکھی نقطہ شکلیں آئیں تو مساوی عمر نقطہ اور سکھ کی ہوتی ہیں۔ رمل شاستر میں ان حصوں کی پہچان ہے۔ ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴ شکل کی گنتی ہے۔ ۵۔ ۶۔ ۷۔ ۸ شکل کی نوات گنتی ہے۔ ۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ ۱۲ کی جوادات گنتی ہے۔ ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶ شکل کی نوکات گنتی ہے۔

پہلی شکل کو دسویں (۱۰) شکل کے ساتھ ملا کر دیکھیں نقطہ ہے۔ یا آنقطہ، اگر نقطہ ہے تو بہت سکھ اور آنقطہ ہے تو کچھ کم سکھ ہوگا۔

Scanned by CamScanner

اگر کوئی پوچھے کہ میں یاترا یعنی سفر جاؤں گا یا نہیں؟ تو زائچہ ڈال کر دیکھنا کہ خانہ اوّل میں شکل خارج ہے تو یاترا ہوگی۔ اگر دونوں خانوں میں داخل شکل ہے تو سفر نہیں ہوگا۔ اگر منقلب ہے تو تھوڑا سفر ہوگا۔ اگر ثابت ہے تو تھوڑا سفر کرے اور واپس آجائے۔ اگر ملی جلی شکلیں ہیں تو جاتا جاتا رک جائے گا۔ اگر بدیش کا سفر پوچھے تو نویں (۹) گھر کے ساتھ دیکھو۔ اس طرح سے جیسا اوپر لکھا ہے۔

اب کامیابی ہونے کا وقت بتانا سب طرح کے سوالوں میں

وقت بتانے میں زائچہ بنا یعنی پہلی شکل کو حمرہ ☰ شکل کے ساتھ مل کر پھر یہ دیکھیں کہ یہ جو شکل بنی ہے۔ کہاں آئی ہے۔ اگر میمات یعنی پہلی چار شکلوں میں ہو تو دن میں کام ہوتے ہیں۔ اگر نجات میں شکل آئے تو مہینے لگیں گے کام ہونے میں۔ اگر جواذات میں یا تقدر میں ہو تو سال کہیں کام ہونے میں مگر دن۔ ماہ۔ سال کی آدھی اس طرح سے خیال کر کے پھلت کی شکل دائرہ شکن میں سے جتنے گھر کی ہیں۔ اتنے ہی دن۔ ماہ۔ سال ہوں گے۔

اگر پھلت کی شکل امہات آدی چاروں جگہ میں نہ ہو۔ تو اس کے ہمورن سے کہیں۔ اگر ہمورن کی بھی شکل نہیں آئی۔ تو ساخی سے آدھی کہیں۔ پہلے گھر کی ساخی ۴، ۷، ۱۰، ۱۴ گھر ہے۔

اگر پھلت کی شکل امہات کی آدی چاروں میں یا نیون ستھانوں میں پڑی ہے۔ تو جہاں بلوان ہو اس گھر کی آدھی کہیں۔ اگر بلوان نہ ہو۔ اور کوئی گھروں میں آجائے تو آخری شکل جو ہے۔ اس سے آدھی کہنی دن، ماہ، سال وغیرہ وغیرہ۔

اب موق یعنی دل کا پرشن بتانے کا طریقہ

موق سوال یعنی دل کا پرشن۔ یہ پہلی شکل سے تعلق رکھتی ہے، اور یہ بات یاد رہے کہ کسی کے دل کی بات کہنا بڑا مشکل ہے۔ جو کہ سرت گیا تا بھگوان کے سوائے اور یا کوئی سدھ مہاتما کہہ سکتا ہے۔ اس لئے رمل جاننے والے کو ایشور بھگتی اور سدھی پراپتی بہت ضروری ہے۔ دل کا سوال بتانا بہت مشکل ہے۔ طریقہ یہ ہے۔ اگر زائچہ کے ۱۶ خانہ میں کوئی اُن شکلوں سے آئے گی۔ جو داتو، مول جیو، کے چکر میں لکھی ہیں۔ تو اُس کے مطابق ہی پوچھنے والے کو کہہ دیں چکر داتو (د) مول داتو (م) جیو (ج) : ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲،

د م د م ج ج م ج م د م د

۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶

م ج ج م

اگر ۱۵ خانہ میں اُن میں سے کوئی ہو تو اُن کے گواہ (دسانی) ہموزن کو دیکھیں جس گھر میں وہ ہو اُس گھر کا پرشن کہیں۔ تن، دھن وغیرہ کے مطابق۔

اب دوسرا طریقہ لکھتے ہیں:۔ ۱۵ خانہ میں جو شکل پڑی ہے اس کا نقطہ چلا کر دیکھیں جیسا پہلے لکھ چکے ہیں۔ مگر پہلا نقطہ چلے تو مال کا سوال۔ اگر دوسرا نقطہ چلے تو جیو کا سوال۔ اگر تیسرا نقطہ چلے تو پھل مول۔ اگر چوتھا نقطہ چلے تو زمین وغیرہ کا سوال ہے۔

اب تیسرا طریقہ لکھتے ہیں:۔ اگر زائچہ کی ۱۵ شکل کو نصر الداخل ≒ شکل سے جمع کریں اور پھلت بنے۔ زائچہ کے جس خانہ میں شکل آئے۔ اُس خانہ کا سوال ہے۔ اگر زائچہ میں نہیں آئی۔ تو اُس کا اُلٹ دیکھیں۔ کہیں اُلٹ کر تو نہیں آئی ہے۔ اگر آئی ہو۔ تو دائرہ شکل کے مطابق جس خانہ کی وہ شکل ہو گی وہ

زائچہ میں جس خانہ میں وہ پڑی ہوگی۔ ان دونوں کو جمع کر کے پھلت دیکھیں۔ اگنی نقطہ سے ملاپ، وایو نقطہ سے جیو۔ جل نقطہ سے پھل مول، پرتھوی نقطہ سے زمین وغیرہ کا سوال ہے۔ اگر اس کی اُلٹ بھی نہ ہو تو ۱۵ شکل کو نصرۃ الداخل ہے ملنے سے سوال کہیں یعنی جس خانہ کی وہ شکل ہے۔ اُس گھر کا سوال ہے۔

اگر شہ خارج شکلیں ☵ ☶ تیسرے گھر میں زائچہ کے آئیں تو سفر ہوگا۔ ساتھ لابھ بھی ہوگا۔ اگر آشہ خارج ☳ ☲ شکلیں تیسرے گھر میں زائچہ کے آئیں تو سفر ہوگا۔ کشٹ، نقصان بھی ہوگا۔ اگر اسی کا بدیشی سفر دیکھنا ہے کہ کیسا رہے گا۔ زائچہ کے ۹ خانہ سے شہ سفر یا آشہ سفر ہوگا۔ سفر کا پھل کہنے سے پہلے دیکھیں کہ ۹ خانہ میں شکلیں خراب ہیں یا اچھی۔ اُس کے مطابق جو ہیں۔ سفر کے بارے میں۔

اگر خانہ تیسرے میں داخل شکل ہے۔ تو سفر نہیں ہوگا۔ اگر ۹ داخل ہے۔ تو دوسرے ملک کی یاترا نہیں ہوگی۔ اگر منکیب شکل ۳۔۹ ہو تو سفر بھی کرے اور واپس بھی جلدی آجائے۔ بدیش سے بھی۔ اگر ثابت شکل ہو تو سفر بند کہیں اور کچھ وچار کے لئے دائرہ شکن کے مطابق اس کے اتنے ماہ، دن، سال بھی ساتھ کہہ دیں۔ دوست اور دشمن اس طرح دیکھے جاتے ہیں۔ ہموزن کی شکلوں کے ساتھ شکل کی دوستی ہوتی ہے۔ اور باقی شکلوں سے دشمنی ہوتی ہے۔

اگر رمل سے کوئی اچھے خاندان کے حالات پوچھے

تو پانسہ ڈال کر زائچہ تیار کرنا۔ اس کے بعد اس طرح سے گنتی کرنا اور گنتی کر کے بتانا۔ اول خانہ اپنا۔ ۲ خانہ بھائی کا۔ ۴ ماتا، ۵ خانہ اولاد۔ ۶ خانہ ماموں یعنی نانکے۔ ۷۔ عورت، ۹ خانہ سسرے کا۔ ۱۰ خانہ پتا کا۔ اس طرح سے ہر

ایک خانہ کے مطابق اُس کے رشتہ داروں کے خانے بنا کر پھل اُن کا کہنا۔ اگر اُن خانوں میں شبھ شکل ہے تو شبھ پھل، اگر اشبھ شکل ہے تو خراب پھل جاننا چاہیئے

اگر کوئی پوچھے میرے رشتہ دار کے پاس دھن ہے یا نہیں

تو زائچہ کی دوسری شکل کو دیکھیں۔ اگر شبھ ہے۔ تو اُس کے پاس دھن ہے۔ اگر اشبھ ہے تو اُس کے پاس نہیں ہے پھر دوسرے گھر کی شکل کو اس رشتہ دار کے خانے کی شکل کو جمع کریں۔ جس سے وہ دولت چاہتا ہے۔ پھر ملا کر دیکھے کہ شکل اس گھر میں آئی ہے۔ اگر پھلت اور دوسرے گھر کی شکل شبھ ہے۔ تو فروری دھن ملے گا۔ اگر دوسرے میں اشبھ شکل ہے اور پھل شبھ ہے تو دھن نہیں ملے گا۔ اگر پھلت اشبھ منکیب ہو یا اشبھ ثابت ہو۔ تو تو دھن نہیں ملے گا۔ اگر اشبھ خانہ میں بھی اوپر لکھی شکلیں ہیں۔ تو ایک پیسہ بھی نہ ملے۔ اگر پھلت شبھ ہے اور شبھ خانہ میں بھی آئے تو دولت کچھ کم ملے گی اور خرچ زیادہ ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ اس کاروبار بیوپار میں فائدہ ہوگا یا نہیں

تو دوسرے گھر میں شبھ داخل شکلیں ہوں گی۔ ☰ ☲ ☳ یہ شکلیں اور ۱۵ خانے میں اگر یہ شکل ☵ ہے تو لابھ ضرور ہوگا مگر کچھ وقت لگے۔ اگر دوسرے گھر میں یہ ☲ شکل ہو اور سینا یعنی ۱۵ شکل میں کوئی شبھ داخل ہوئے تو دھن کی پراپتی ضرور ہے۔ مگر معمولی ہوگی۔ اور دکھتی دولت ہوگی اور بدنامی ہوگی دولت ملنے پر۔

اگر کوئی پوچھے کہ مجھے کس طرف سے لابھ ہوگا۔ تو دوسری شکل کو

۱۲ شکل سے جمع کریں۔ آمدنی شکل بنے اُس کو دیکھیں۔ اگر بخت داخل ہے اور بخت خانہ میں آئی ہے تو اُس شکل سے پورب پچھم۔ دکن۔ اُتر جو دشا ہے کہہ دیں شمال۔ مغرب۔ جنوب۔ مشرق جس طرف کا سیارہ ہوگا۔ اُس طرف سے لابھ ہوگا اگر وہ شادی۔ نکاح کا سوال پوچھے تو دوسری شکل کو ساتویں سے ملا کر کہیں اس طرح ہر ایک خانہ کی شکل کو خیال کر کے سوال کا جواب دے دیں پردیش کا خانہ تین۔ نوکری کا خانہ دس اس طرح سے دیکھ کر کہہ دیں۔ اگر پھلت۔ اُس کا آبخت خارج۔ آبخت ثابت۔ آبخت منکیب ہو۔ تو آرام سے کچھ دیر بیٹھنے کے بعد پوچھے یعنی تین ماہ کے بعد کاب کیا کروں۔

اگر کوئی پوچھے میں گندم وغیرہ خریدنا چاہتا ہوں۔ لابھ ہوگا یا نقصان تو زائچہ بنا کر دوسرے اور دسویں گھر کو دیکھیں۔ اگر دوسرے گھر میں بخت داخل ہوئے تو خریدنے والا لابھ اُٹھائے گا۔ اگر دسویں گھر بخت خارج ہوئے تو بیچنے والا لابھ فائدہ پائے۔ اگر دوسرے بخت داخل ہوئے۔ تو جلدی سودا مل جائے۔ اگر دسویں آبخت خارج ہوئے تو کوشش سے سودا ملے گا۔ اور تیز بھاؤ پر ملے گا۔ اگر دوسرے خارج بخت ہے۔ تو سودا لینے میں نقصان رہے گا۔ اگر ایک، ۲، ۱۵، ۱۱ گھر میں داخل شکل ہے۔ تو سودا خریدنا اچھا رہے گا۔ اگر ۲، ۱۰، ۱۱ گھر میں منکیب آئے تو سودا کینسل ہو جائے گا۔ مکر جائے گا) اگر ۱، ۹ گھر میں منکیب آئے۔ تو سودا لینے والا انکار کرے گا۔ اگر ۲، ۷، ۱۱ گھر منکیب آئے تو سودا بیچنے والا بھر جائے گا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں نے گندم کو جمع کیا ہوا ہے۔ بکے گا یا الجھی پڑا رہے گا۔ اگر بکے گا تو کیسا بکے گا۔ تو دیکھو ۲، ۱۰، ۱۱ خانہ

میں خارج شکلیں ہیں تو تیز بھاؤ میں بکے گا۔ اگر آٹھ خارج ہو۔ تو بہت تیز بھاؤ کا بکے گا۔ اگر ان گھروں میں ۲، ۱۰، ۱۱ داخل ہو۔ تو کچھ دیر بعد مندا بکے گا۔ رُک رُک کر معمولی لابھ دے گا۔ اگر ثابت یا منقلب شکلیں ہیں۔ تو بچنے کی کوشش کرو۔ نقصان اور کیڑا لگنے کا ڈر ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ بارش ہوگی یا نہیں ہوگی یا کب ہوگی تو خانہ دسویں (۱۰) کو دیکھیں کہ کون شکل ہے، اگر سورج شکل ہے تو گرمی، دھوپ زیادہ ہوگی اور بارش کم پڑے گی۔ اگر چندرما ں کی شکل دسویں ہے۔ تو بارش زیادہ ہوگی۔ سردی زیادہ پڑے گی۔ اگر منگل کی شکل ہوگی۔ تو بارش کا ناش، گرمی زیادہ۔ گرم ہوا چلے گی۔ اگر بُدھ کی شکل ہوگی تو ہوا زیادہ چلے اور بارش زیادہ اور بجلی بھی چمکے گی۔ اگر دسویں خانہ میں برہسپت کی شکل ہوگی۔ تو بارش اچھی اور بہت ہوگی۔ اور بارش کے ہونے سے نقصان کچھ نہیں ہوگا۔ اگر دسویں خانہ میں شکر کی شکل ہوگی۔ تو بارش، ہوا، گہرے۔ بجلی کے ساتھ بادل آئیں گے۔ اگر دسویں خانہ میں سنیچر کی شکل ہوگی۔ تو اندھیرے، دھول اُٹھے اور بارش زیادہ ہوگی۔ اور آندھی اور بارش سے نقصان ہوگا۔ اس طرح سے راہو کی شکل کا پھل ہے اور کیتو کی شکل سے بُدھ کا جو پھل ہے۔ وہ کہنا۔

اگر کوئی پوچھے کہ یہ بادل جو بنے ہیں۔ بارش کریں گے یا نہیں ہے۔ تو دسویں خانہ میں جیسی شکل ہوئے ویسا پھل کہیں۔ بارش کا دیکھا اور یہ ہے۔ اگر پہلی شکل جل نقطہ کی نہیں۔ تو دسویں شکل کے ساتھ مل کر دیکھیں۔ اگر جل شکل نکلے یا یہ ∴ ⁘ نکلیں تو بہت بارش ہوگی اب تیسرا وچار لکھتے ہیں۔ اور زائچہ میں جل شکلوں کا وچار کریں کہاں پڑی

وغیرہ۔ پھر جس خانہ میں پڑی ہیں۔ دائرہ شکین کی شکل اُس خانہ کی شکل سے جمع کریں۔ اگر جملہ شکلیں ہیں۔ تو بارش بہت ہوئے۔ جتنی زیادہ جل کی شکلیں زائچہ میں ☵ ہونگی۔ اتنی ہی زیادہ بارش ہوگی۔ ☳ یہ شکل جھڑی کی ہے۔ اگر دونوں زائچہ میں زیادہ ہیں۔ تو بارش جھڑی زیادہ ہوگی۔ اگر اگنی کی شکل زیادہ ہے تو بارش کم۔ اگر وایو کی شکلیں زیادہ ہیں۔ تو ہوا آندھی زیادہ۔ بارش کم۔ خالی (یعنی) شکلوں سے کم بارش اور اولے بھی پڑیں گے اور بارش زیادہ ہوگی۔ اور بارش سے نقصان ہوگا۔ ☶ ☲ ☵ ☴ اور بجلی، گرج، اولے بھی پڑیں گے اور نقصان بھی ہوگا۔

اب مہنگا اور سستا کے بارے میں لکھتے ہیں۔ اگر زائچہ اولی میں تین شکل آئے تو جس چیز کی بابت پوچھتا ہے۔ اُس کی بابت بتانا۔ سستا کہنا۔ اگر آٹھ شکل آئے تو مہنگا کہنا کہ یہ چیزیں تیز ہوں گی اگر سورج یا کیتو کی شکل آئے تو سستا کہنا۔ کبھی تیز کبھی مندا ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے پھر میں یہ اشیاء کی آج یا کل کے دن تیزی آئے گی۔ یا مندا ہوگا۔ تو زائچہ بنا کر خانہ ۱۱ میں دیکھیں جو شکل آئے اُس کے مطابق مندا تیزی کہہ دینا۔ آگے چکر میں سے دیکھیں۔

چکر روزانہ مندا تیزی دیکھنے کا

۱۔ ☰ بازار مندا کھلے اور مندا رہے تیز ہو کر بند ہو۔

۲۔ ☱ بازار مندہ کھلے اور مندے سے آئیں۔

۳۔ ☲ بازار مندہ کھلے اور تیز ہو جائے اور تیزی آئے۔

۴۔ ☳ بازار مندہ کھلے اور تیز ہو کر مندہ بند ہو۔

۵۔ ☶ بازار مندہ کھلے اور تیز بند ہو۔
۶۔ ☳ بازار تیز کھل کر مندہ، پھر تیز بند ہوگا۔
۷۔ ☵ بازار تیز کھل کر مندہ، پھر تیز بند ہوگا۔
۸۔ ☷ بازار تیز کھل کر تیز رہے اور تیز ہی بند ہو۔
۹۔ ☰ بازار مندہ کھل کر مندہ معمولی تیزی اور بند مندہ ہی ہوگا۔
۱۰۔ ☱ بازار تیز کھل کر تیز رہے۔ مندہ بند ہو جائے۔
۱۱۔ ☲ بازار مندہ کھل کر مندہ جائے گا۔ معمولی تیز بعد میں آئے گی۔
۱۲۔ ☴ بازار تیز کھل کر تیز، معمولی مندہ۔ بند تیز ہوگا۔
۱۳۔ ☵ بازار تیز کھل کر تیز رہے۔ اور مندہ بند ہوئے۔
۱۴۔ ☶ بازار مندہ کھل کر معمولی تیز اور بند مندہ ہوئے۔
۱۵۔ ☷ بازار مندہ کھل کر تیز بند ہوئے۔
۱۶۔ ☰ بازار مندہ کھل کر مندہ اور معمولی تیز بعد میں مندہ بند ہوئے

اس کے ساتھ، ساتھ یہ بھی دیکھنا کہ جو شکل خانہ ۱۱ میں ہے۔ اور مشہور عام جنتری کے مطابق اُس راشی میں اگر مُنگل، شنی، راہو ہوگا۔ اس راشی میں ہو۔ تو تیزی زیادہ آئے گی۔ اگر شجہ گرہ اس شکل کی راشی میں ہوگا تو مندہ زیادہ کہنا۔ اگر شکل آشجہ ہے۔ اُس میں گرہ شجہ ہے تو مندہ تیز کہنا۔ اگر شکل شجہ ہے۔ تو اس میں گرہ آشجہ ہے۔ تو تیز مندہ کہنا۔ اگر دونوں شجہ ہیں تو مندہ۔ اگر آشجہ ہیں تو تیز کہنا ہوگا۔

نوٹ:۔ جس گھر کا وچار کرنا ہو تو اُس خانہ میں جو شکل ہے اُس شکل کی جو راشی ہے۔ اُس راشی میں دیکھنا مشہور عام جنتری یا مفید عام جنتری کے مطابق گرہ شجہ ہے یا آشجہ اُس کا بھی وچار

۵۔ ⁝ بازار مندہ کھلے اور تیز بند ہو۔
۶۔ ⁝ بازار تیز کھل کر مندہ، پھر تیز بند ہو گا۔
۷۔ ⁝ بازار تیز کھل کر مندہ، پھر تیز بند ہو گا۔
۸۔ ⁝ بازار تیز کھل کر تیز رہے اور تیز ہی بند ہو۔
۹۔ ⁝ بازار مندہ کھل کر مندہ معمولی تیزی اور بند مندہ ہی ہو گا۔
۱۰۔ ⁝ بازار تیز کھل کر تیز رہے۔ مندہ بند ہو جائے۔
۱۱۔ ⁝ بازار مندہ کھل کر مندہ جائے گا۔ معمولی تیز بعد میں آئے گی۔
۱۲۔ ⁝ بازار تیز کھل کر تیز، معمولی مندہ۔ بند تیز ہو گا۔
۱۳۔ ⁝ بازار تیز کھل کر تیز رہے۔ اور مندہ بند ہوئے۔
۱۴۔ ⁝ بازار مندہ کھل کر معمولی تیز اور بند مندہ ہوئے۔
۱۵۔ ⁝ بازار مندہ کھل کر تیز بند ہوئے۔
۱۶۔ ⁝ بازار مندہ کھل کر مندہ اور معمولی تیز بعد میں مندہ بند ہوئے

اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی دیکھنا کہ جو شکل خانہ ۱۱ میں ہے۔ اور مشہور عام جنتری کے مطابق اس راشی میں اگر مثلاً شنی، راہو ہو گا۔ اس راشی میں ہو۔ تو تیزی زیادہ آئے گی۔ اگر شجھ گرہ اس شکل کی راشی میں ہو گا تو مندہ زیادہ کہنا۔ اگر شکل آبشجھ ہے۔ اس میں گرہ شجھ ہے تو مندہ تیز کہنا۔ اگر شکل شجھ ہے۔ تو اس میں گرہ آبشجھ ہے۔ تو تیز مندہ کہنا۔ اگر دونوں شجھ ہیں تو مندہ۔ اگر آبشجھ ہیں تو تیز کہنا ہو گا۔

نوٹ:۔ جس گھنٹہ کا وچار کرنا ہو تو اس خانہ میں جو شکل ہے اس شکل کی جو راشی ہے۔ اس راشی میں دیکھنا مشہور عام جنتری یا مفید عام جنتری کے مطابق گرہ شجھ ہے یا آبشجھ اس کا بھی وچار

چلیئے۔ جیسا خانہ ۱۱ میں یہ شکل بنے اور اس کی راشی سنگھ ہے
اگر سنگھ میں راہو، شنی، منگل ان سے ایک بھی گرہ ہوگا تو تیز پھل
کہنا۔ اس طرح سے ہر ایک خانہ کی راشی کا پھل جاننا ہوگا۔

اب تیسرے گھر کے پرشن یعنی سوال لکھتے ہیں

تیسرا خانہ بھائی بہن اور سفر کا ہے۔ اس لئے ان کا وچار یہ ہے۔ کہ
شبھ شکل سے شبھ اور اشبھ سے بد پھل پیدا ہوتا ہے۔ اگر نیک شکل ہے اور
اُس شکل کی راشی میں بد گرہ ہے تو معمولی پھل ہے۔ اگر نیک گرہ بنا ہے۔ تو
بہت نیک، اچھا پھل ہے۔ اگر شکل بد ہے اور اُس کی راشی میں نیک گرہ ہے
تو معمولی پھل ہے۔ اگر اشبھ گرہ ہے تو بہت خراب پھل ہوتا ہے۔ اگر کوئی یہ
کہ میرے بھائی اور بہن کے ساتھ پریم رہے گا یا نہیں اور سفر پر جا رہا ہوں
فائدہ ملے گا یا نقصان ہوگا۔ تو خانہ تین کی شکل کو دیکھنا اور اول کے ساتھ ملا کر
جو شکل بنے۔ اگر وہ نیک ہے تو پریم بنا رہے گا۔ اگر بد ہے تو نہیں رہیگا۔
بہن۔ رنجش، لڑائی، مقدمہ وغیرہ۔ اگر راشی میں گرہ بھی شبھ ہے تو بہت اچھا پھل
ہے۔ اگر راشی میں بد گرہ ہے تو بہت بُرا پھل ہے۔ اس طرح سے سفر جانے
والے کو کہنا۔ نیک شکل سے فائدہ اور بد شکل سے نقصان۔ ثابت متقلب
شکلوں سے کام کرنا اور واپس آنا۔ اُدھر بھائی سے رنجش ادھر پریم ہو جانا
دونوں باتیں کہنا۔

نوٹ:۔ تیسرے گھر کی شکل سے جو راش بنے اُس راشی کو چندرماں
جب دوسرے اور نویں یا پانچویں آئے۔ اُس راشی میں ہی آئے گا۔
سفر یا بھائی سے پریم۔ اس دو تاریخ کو کام ہونا یا ملنا یا پردیش

کا واپس آنا کہنا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں عدالت میں بحث کرنے چلا ہوں، یا عدالت میں مقدمہ دائر کرنے چلا ہوں یا امتحان دینے جا رہا ہوں۔ تو فتح کس کی ہوگی؟

ا، ا، چ، ڈ، ال، گ، ر دیکھا۔ اگر ا، چ، ڈ کے خانہ اوّل میں پائی شکل ہے اور اس شکل کی راشی میں بھی پائی گرہ ہے۔ تو پوچھنے والے کی فتح ہوگی۔ اگر شبہ شکل ہے تو پوچھنے والے کی ہوگی۔ اگر خانہ ساتویں میں شبہ شکل ہے اور خانہ اوّل میں شبہ شکل ہے۔ تو جلدی پر ہو جائے گا۔ اگر دونوں جگہ پہلی ساتویں خانہ پائی شکل ہے تو لڑائی، بحث، مقدمہ میں کئی طرح کی اپیل اور وقت زیادہ لگے گا۔

اگر کوئی پوچھے کہ نوکری ورجوا وغیرہ جو باہر سے آرہی ہے یا وہی ہے شبہ ہے یا آشبہ، تو ا، چ، ڈ، ال کا خانہ تین کو دیکھیں اگر شکل شبہ ہے یا آشبہ ہے، اس کے مطابق پھل کہنا۔ پھر اوّل شکل سے بھی ملا کر بہتر اور تھوڑا پھل نہیں)۔

اگر کوئی پوچھے کہ میرا ماتا پتا سے پریم ہوگا یا نہیں۔ اُن سے سکھ ہوگا یا نہیں؟ تو ا، چ، ڈ، ال کا خانہ چار میں پائی شکل ہے تو پریم اور سکھ نہیں ہے۔ اور نیک شکل ہے تو پریم اور آرام ملے گا۔ اگر دونوں جگہ پائی، شکل ہے تو دونوں سے خراب پھل۔ اگر دونوں جگہ پر نیک شکل ہے۔ تو پھل بھی ٹھیک ہے۔ پھر شکل اوّل کو ماتا کی شکل سے یا پتا کی شکل سے ملا کر۔ اگر شکل شبہ بنے تو پوچھنے والے کا پریم اس کے ساتھ ہے۔ اگر بد بنے تو برخلاف کہنا۔ اس طرح سے ہر ایک خانہ کا پھل کہنا۔ اگر بد شکل ہو تو

تو لابھ، خانہ نہ ہو۔ بشھ سے لابھ، خانہ ۱۱، ماتا پتا سے ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں زمین، مکان وغیرہ خریدنا چاہتا ہوں۔ تو اس کا پھل اچھا ملے گا یا برا ملے گا؟

تو زائچہ خانہ چار کی شکل کو دیکھیں نیک شکل سے نیک اچھا پھل ملے گا اور اشبھ، بد شکل سے خراب پھل۔ اور یہ بھی دیکھیں کہ اس شکل کی راشی میں نیک گرہ ہے تو بہت نیک، اگر پاپی گرہ ہے تو بہت خراب پھل کہنا۔ (مگر برہسپت جس راشی کو نو (۹) یا پانچ (۵) دیکھے تو اس کا پھل کام آشبھ ہے۔ نیک سے نیک جگہ اور بد سے خراب جگہ اور ہر ایک گرہ کے شبھ جگہ پیچھے لکھ چکے ہیں۔ زائچہ کے دسویں (۱۰) گھر میں نیک شکل ہے تو مکان کے سامنے شبھ جگہ ہے۔ اگر اشبھ شکل ہے تو خراب جگہ ہے۔ شکلوں کی بناوٹ، رنگ، روپ پیچھے لکھ آئے ہیں۔ اس کے مطابق کہنا۔ پانی، دھرم جگہ، دھرم شالہ۔ سواری۔ کچہری۔ پکا۔ نوکر وغیرہ وغیرہ۔

اگر کوئی مکان، زمین، حویلی وغیرہ کے بیچنے کا پرشن پوچھے۔

تو خانہ چار میں خراب سے بک جائے گا۔ داخل سے نہیں بکے گا ثابت اور منقلب سے سودا پھر ہو جائے گا۔ اور دوبارہ کرنے پر ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں جس مرد یا عورت کے پاس ملنے جا رہا ہوں۔ وہ اس وقت گھر پر یا دوکان میں ہے۔ یا نہیں تو خانہ چار کو دیکھیں۔ اگر داخل ہے تو گھر میں ہے۔ اگر خارج ہے تو گھر میں نہیں ہے۔ ثابت یا منقلب ہو، تو پاس ہی ہے۔ کچھ وقت ٹھہرنے پر دوبارہ

جائے پر ملے گا۔ نیک شکل ملاپ۔ اچھا، سکھ۔ پاپ شکل یعنی خراب شکل سے دکھ، کشٹ ملے گا۔ لڑائی جھگڑا بھی ہو جائے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں مقدمہ لڑنے یا فاتحہ جیتنے جا رہا ہوں۔ میری جیت ہو گی یا ہار ہو گی یا دشمن کی جیت ہار ہو گی۔

تو زائچہ ڈال کر دیکھا۔ اگر اول شکل پاپی ہے اور ساتویں نیک ہے تو پوچھنے والے کی جیت ہو گی، اگر پہلی شکل نیک ہے اور ساتویں پاپی کی ہے تو دشمن یعنی مقابلے والا جیتے گا۔ جس نے پہلے مقدمہ کیا ہو۔ اگر اول شکل ہے۔ اگر ثابت یا منقلب یا داخل یا خارج آئے تو نیک، اور بد پھل وچار کر کہنا۔ اگر ایک جیسی برابر کی شکلیں ہیں تو جھگڑا بہت دیر تک چلے گا۔ اگر منگل شنی، راہو شکل سے ماریپت بھی جھگڑے کے دوران میں ہو جائے گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ کھیتی میں دانہ، پھل اچھا ہو گا یا نہیں ہو گا یا کم ہو گا۔

اگر نیک داخل شکل ہو گی تو پھل اچھا ہے۔ اگر بد داخل شکل ہے کھیتی میں دانہ کم ہو گا۔ خارج سے دانہ نہیں ہو گا کھیتی میں۔ اگر ثابت اور منقلب سے ۱/۲ دانہ کھیتی میں ہو گا۔ مگر نیک، بد کا وچار کر لینا اور ساتھ یہ بھی دیکھنا کہ خانہ دس میں شکل شبھ ہے۔ اگر نیک ہے۔ تو بارش بھی اچھی ہو گی کھیتی پر۔ اگر بد ہے۔ تو بارش کھیتی پر نہیں ہو گی۔ اور اس طرح بھی دیکھنا ضروری ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ اس زمین میں دبا ہوا مال ہے یا نہیں؟

خانہ چار کی شکل سے دیکھنا شبھ داخل شکل ہے۔ تو زمین میں دولت گڑی ہوئی ہے۔ اگر بد داخل ہے۔ تو معمولی۔ اگر بد خارج ہے۔ تو کچھ بھی نہیں۔ نیک خارج ہے۔ تو معمولی کوئی چیز ہے۔ ثابت نیک ہے یا منقلب

ہو تو بالکل کچھ نہیں ٹھاک رہے گا۔

اور پتہ کرنے کا طریقہ: خانہ پانچ میں جو شکل ہے اور خانہ نو میں جو شکل ہے۔ ان دونوں کے درمیان جو چیز ڈبی ہوئی ہے اور دسویں خانہ میں جو شکل ہے۔ اس کے مطابق سامنے کی شکل بھی۔ اس طرح سامنے یا داہنی بائیں میں ڈبی ہے۔ اس نشان پر نظر کریں۔

اگر کوئی پوچھے گڑی ہوئی دولت ہم کو ملے گی یا نہیں؟

خانہ گیارہ میں نیک داخل سے پوری ملے گی۔ بد سے کم معمولی خارج شدہ یا منقلب نیک سے بھی امید پوری ملے نہیں۔ بد خانہ یا بد منقلب سے کچھ نہیں ملے گا۔

اب پانچویں خانہ کا پھل لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے میرے گھر اولاد ہوگی یا نہیں؟

تو خانہ دس میں دیکھنا۔ اگر یہ شکلیں ہیں ☲ ☷ ☵ ☶ ان شکلوں سے کوئی بھی شکل آجائے تو ضرور اولاد ہوگی۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب شکلوں میں سے کوئی شکل آئے تو کوشش کرنے پر اولاد ہوگی اگر پاپی شکل آجائے تو اولاد ہو کر ناش ہو یا گربھ گر جائے۔ اگر خانہ اول میں بھی ان شکلوں سے کوئی شکل آجائے، تو بھی عمر والا لڑکا ہوگا۔ اگر کوئی پاپی شکل ہوگی تو کشٹ دے گا۔ ثابت نیک یا منقلب نیک سے پھل نیک ہے۔ اگر خانہ پانچ میں پاپی شکل آجائے اور اول اور خانہ نو میں ☲ ☵ ان شکلوں میں سے کوئی شکل آجائے تو ضرور اولاد ہونے کا یوگ ہے اگر ان شکلوں ☶ ☷ میں سے کوئی شکل آجائے۔ تو لڑکی پیدا ہوگی۔

شنی بُدھ کی شکل سے خسرا (نامرد) پیدا ہوگا۔ یہ شکلیں ☵ ☲ ☳ ☰ بُدھ کی ہیں۔

اگر کوئی پوچھے جو لڑکا پیدا ہوا ہے اس کی عمر کتنی ہے

تو زائچہ ڈال کر دیکھیں۔ خانہ آٹھ میں ان شکلوں ☰ ☳ ☲ ☵ میں سے کوئی بھی شکل آٹھ میں آئے تو عمر اچھی ہے ☲ ☰ ☵ ☳ ان شکلوں سے جوانی کی عمر میں کوئی ایک کشٹ پاتا ہے ☶ ☲ ☵ ☳ ان شکلوں سے ۲۴ سالوں کے بعد کا ڈر مارتا ہے۔ کم عمر ☰ ☶ ان شکلوں میں سے کوئی شکل آئے یا خانہ چھ میں آئے اور ان خانوں کے ساتوں دے پاپی شکل ہو تو جلدی مر جائے گا۔ خانہ دوسرے یا خانہ بارہ میں اگر ☳ ☵ شکلیں کہیں بھی پڑی ہوں۔ اور اس خانہ کے ساتویں پاپی شکل پڑ جائے تو اچانک گر کر چوٹ لگے یا اچانک خطرہ میں آجائے گا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میری اولاد کیسی اٹھے گی؟

تو زائچہ ڈال کر خانہ پانچ کو دیکھیں۔ اگر ☲ ☰ ☶ ان شکلوں میں سے کوئی شکل خانہ پانچ میں ہے تو نیک، ایشور بھگت، پڑھا لکھا اگر ☲ ☵ ☶ ☰ ☳ ان میں سے کوئی شکل پانچ میں ہوگی تو بچہ مکار ہوگا۔ مگر پڑھی لکھی ہوگی۔ اگر باقی شکلوں میں سے کوئی شکل ہوگی۔ تو بدمعاش ہوگا ہے۔ مگر مشکل کی ☵ شکلوں سے بدمعاش بھی راجہ کے برابر بن جاتا ہے۔ ان ☵ ☲ ☶ شکلوں سے قیمت والا اور ان شکلوں ☲ ☰ ☵ ☳ سے قیمت میں کچھ کمی ہوگی اور ان شکلوں ☵ سے قیمت تیز اور باقی شکلوں سے قیمت والا نہیں ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے میرا دوست میرے ساتھ پریم رکھتا

ہے یا دشمنی، ملے گا یا نہیں؟

زائچہ میں اگر دیکھیں کہ خانہ اول کی شکل پاپی ہے اور خانہ پانچ کی شکل نیک ہے تو دوست ملتا ہے، مگر خود اس کو چھوڑتا ہے، اگر خانہ اول میں نیک شکل ہے اور خانہ پانچ میں پاپی شکل ہے تو خود پکڑتا ہے، اور دوست چھوڑتا ہے۔ اگر دونوں جگہ نیک شکلیں ہیں اور ان کے مالک آپس میں متر ہیں۔ تو پریم ملاقات پڑھتی ہے۔ اگر دشمن ہے تو ملاپ ہو کر دشمنی پڑ جائے۔ اگر پاپی گرہ دونوں میں یا پاپی شکلیں ہیں۔ تو لڑائی ہو جائے۔ اگر پاپی گرہ آپس میں متر ہیں تو کبھی کبھی ہم میں بچھڑاؤ ہو جائے گا۔

۳۔ ۱ نظر شکل دگرہ کی ستس دس کہلاتی ہے۔

۵۔ ۹ نظر شکل دگرہ کی۔ ستس نیس کہلاتی ہے۔

۴۔ ۱۰ نظر شکل دگرہ کی۔ تریس کہلاتی ہے۔

۹۔ ۰ نظر شکل دگرہ کی۔ مقابلہ کہلاتی ہے۔

(۱) ستس دس دوستی یعنی نظر متر تا یعنی دوست کی ہے، (۲) ستس نیس نظر بہت پریم کی ہے۔ (۳) تریس ½ گو بہت نظر دشمن کی ہے (۴) مقابلہ کی پوری نظر دشمنی کی ہے۔

اگر کوئی پوچھے، جو بات میں نے اڑتی اڑتی سنی ہے سچ ہے کہ جھوٹ ہے کسی کے مرنے کے متعلق۔

تو زائچہ بنا کر خانہ آٹھ میں اگر خارج شکل ہے تو زندہ ہے، اگر داخل شکل ہے تو موت ہو چکی ہے۔ اگر ثابت یا منقلب ہو تو بھی زندہ ہے مگر خطر میں ہے۔ اگر کسی نے شادی کا سنا ہے تو خانہ ساتویں سے اسی طرح سے کہنا۔ اگر کسی نے رشتہ داروں کی موت یا شادی یا موت کے بارے میں

سنا ہے تو اُس رشتہ دار کے خانے سے کہنا۔ اگر لڑائی، مقدمہ، جنگ وغیرہ کا پوچھے تو خانہ سات سے کہنا۔ اوپر لکھے ہوئے اصولوں سے ہی۔

اگر کوئی پوچھے کہ خط باہر سے کب تک آئے گا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ پانچ میں نیک داخل شکل ہے۔ اگر ہو۔ تو خط بہت جلدی آئے گا۔ اگر خانہ پانچ میں نیک ثابت یا نیک منقلب ہوگی تو خط لکھنے والا آلاس یعنی آرام پرست ہے۔ مگر خط اُس کا ضرور آئے گا۔ اگر بد داخل یا بد خارج یا بد منقلب یا بد ثابت شکل ہوگی تو خط آنے میں بہت دیری ہے۔ اُس کو رنج ہے۔ اگر خانہ تین میں خارج شکل ہے تو خط راستے میں ہے۔ اگر داخل ہے تو راستہ میں نہیں ہے۔ اگر منقلب یا ثابت ہے۔ تو راستہ میں ہے۔ آنے والی ہے۔ اگر باقی شکل ہے۔ تو ابھی تک چلی نہیں ہے

اگر کوئی پوچھے کہ اس خط کا جواب اچھا آئے گا یا برا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ پانچ کو اوپر لکھے اصول کی طرح نیک۔ بد چل کہنا۔ خارج، داخل، ثابت، منقلب ہے کو دیکھنا ہے۔

اگر کوئی پوچھے میں بادشاہ کو یا کسی بڑے آفیسر کو ملنے جا رہا ہوں۔ وہ میرے ساتھ کیسا سلوک کریں گے؟

تو زائچہ بنا کر صرف خانہ پانچ، خانہ دس اور خانہ اوّل کو دیکھیں۔ اگر ان خانوں میں نیک داخل، نیک ثابت اور نیک منقلب شکلیں ہیں۔ تو ضرور ملے گا۔ اگر خانہ اوّل یا خانہ پانچ میں نیک شکل ہے اور خانہ دس میں خراب شکل ہے۔ تو کچھ کم بات چیت ہوگی۔ اگر خانہ اوّل یا خانہ دس میں بد شکل ہے۔ تو بالکل معمولی بات چیت ہوگی۔

اگر کوئی پوچھے میں جوا یا بازی یا لاٹری یا سٹا کھیلنے

Scanned by CamScanner

سنا ہے تو اُس رشتہ دار کے خانے سے کہنا۔ اگر لڑائی، مقدمہ، جنگ وغیرہ کا پوچھے تو خانہ سات سے کہنا۔ اوپر لکھے ہوئے اصولوں سے ہی۔

اگر کوئی پوچھے کہ خط باہر سے کب تک آئے گا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ پانچ میں نیک۔ داخل شکل ہے۔ اگر ہو۔ تو خط بہت جلدی آئے گا۔ اگر خانہ پانچ میں نیک ثابت یا نیک منقلب ہو گی تو خط لکھنے والا آلاس یعنی آرام پرست ہے۔ مگر خط اُس کا ضرور آئے گا۔ اگر بد داخل یا بد خارج یا بد منقلب یا بد ثابت شکل ہو گی تو خط آنے میں بہت دیری ہے۔ اُس کو رنج ہے۔ اگر خانہ تین میں خارج شکل ہے تو خط راستے میں ہے۔ اگر داخل ہے تو راستہ میں نہیں ہے۔ اگر منقلب یا ثابت ہے۔ تو راستہ میں ہے۔ آنے والی ہے۔ اگر پاپی شکل ہے۔ تو ابھی تک چلی نہیں ہے

اگر کوئی پوچھے کہ اس خط کا جواب اچھا آئے گا یا برا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ پانچ کو اُوپر لکھے اصول کی طرح نیک۔ بد پرکھ کہنا۔ خارج، داخل، ثابت، منقلب ہے کو دیکھنا ہے۔

اگر کوئی پوچھے میں بادشاہ کو یا کسی بڑے آفیسر کو ملنے جا رہا ہوں۔ وہ میرے ساتھ کیسا سلوک کریں گے؟

تو زائچہ بنا کر صرف خانہ پانچ، خانہ دس اور خانہ اوّل کو دیکھیں۔ اگر ان خانوں میں نیک داخل، نیک ثابت اور نیک منقلب شکلیں ہیں۔ تو ضرور ملے گا۔ اگر خانہ اوّل یا خانہ پانچ میں نیک شکل ہے اور خانہ دس میں خراب شکل ہے۔ تو کچھ کم بات چیت ہو گی۔ اگر خانہ اوّل یا خانہ دس میں بد شکل ہے۔ تو بالکل معمولی بات چیت ہو گی۔

اگر کوئی پوچھے میں جوا یا بازی یا لاٹری یا سٹا کھیلنے

جا رہا ہوں مجھے ملے گا کہ نہیں؟

تو زائچہ بنا کر خانہ اوّل، خانہ پانچ اور خانہ لابھ یعنی گیارہ میں سے دیکھیں اگر ان خانوں میں نیک داخل یا نیک ثابت یا نیک منقلب شکلیں ہیں تو لابھ یعنی دولت ملے گی۔ اگر خانہ اوّل یا خانہ ۵ پانچ میں نیک ہے اور خانہ گیارہ میں بد شکل ہے تو کچھ کم لابھ ہوگا۔ اگر خانہ گیارہ میں، خانہ پانچ میں نیک ہے، اور خانہ اوّل میں آشبھ یعنی بد شکل، تو بھی کم لابھ ہوگا۔ اگر تینوں خانوں میں بد شکلیں ہیں تو پھل آشبھ کا لابھ نہیں ہے، مت جا کر کوئی کام کرنا۔

اگر کوئی پوچھے اس کام میں شادی ہیں، اصول ہیں، پاٹھ، پوجا میں آنند آئے گا۔ یا نہیں؟

تو زائچہ ڈال کر دیکھیں، خانہ اوّل، خانہ پانچ و خانہ نو سے کہنا، اگر ان خانوں میں نیک داخل، نیک ثابت نیک منقلب شکلیں ہیں۔ تو آنند ملے گا۔ یعنی آرام ضرور ملے گا۔ اگر کسی ایک خانہ اوّل، پانچ، نو میں کسی بھی ایک خانہ میں پاپی شکل ہے تو آرام میں کچھ کمی آجائے گی۔ اگر دو شکلیں پاپی ہیں۔ تو کلیش زیادہ، آرام کم ملے گا۔ اگر تینوں خانوں میں پاپی گرہ کی شکل ہو گی تو بھی کلیش، جھگڑا ہوتا رہے گا۔ اور جگہ بھی کرم ہوگا۔ اس میں خانہ چھ کے پرشن دیکھنا۔

اگر کوئی پوچھے ہماری ہٹ جائے گی یا نہیں۔ دشمنی کا ناش ہوگا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں خانہ اوّل اور خانہ چھ میں اگر داخل شکل ہے۔ تو دشمنی اور روگ دے گا۔ اگر خارج شکل ہے تو روگ، دشمنی خارج ہو جائے گی یعنی ختم ہو جائے گی۔ اگر ثابت یا منقلب شکل ہے۔ تو

روگ اور دشمنی کا زور کبھی کبھی ہوتا رہے گا۔ اگر زائچہ میں نیک شکل زیادہ ہے تو روگ کے لئے اچھا پھل ہے اور اگر بدشکل ہے تو روگ زیادہ ہے۔

اگر کوئی پوچھے اس کو روگ ہے یا بھوت چمٹا ہوا ہے یا کسی نے جادو کیا ہوا ہے۔

تو زائچہ کو دیکھیں۔ اگر ان خانوں میں (اوّل، چھ۔ آٹھ، بارہ) یہ شکلیں ہوں گی ⚌ ⚍ تو بھوت چمٹا ہے۔ اگر ان خانوں میں یہ ⚎ ⚏ یہ شکلیں ہیں۔ تو جادو کیا ہوا ہے۔ اگر یہ شکل ⚎ ⚏ ہے۔ ان خانوں میں جو بھی کچھ چیز دی گئی ہے۔ کھانے میں؟

اگر کوئی پوچھے اس عورت کو گربھ ہے یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ اوّل اور خانہ پانچ میں نیک داخل شکل ہے تو گربھ ہے۔ اگر خارج ہے تو کچھ بھی نہیں ہے اُس عورت کے پیٹ میں۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو گربھ ہو جائے گا۔ اگر بد ثابت، بد منقلب شکل ہے تو بھی گربھ نہیں ہوگا۔ اگر خانہ گیارہ میں پاپی شکل ہے تو گربھ ہو کر خراب ہو جائے گا یا لڑکا لڑکی ہو کر مر جائیگا۔ اگر لگن میں یا خانہ نو میں برہسپت کی شکل ہو گی تو ضرور لڑکا پیدا ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ بھاگا ہوا واپس آئے گا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر خانہ (۱-۳-۷-۹) اوّل تین، سات، نو کو دیکھیں۔ اگر ان خانوں میں نیک داخل ہے۔ تو جلدی واپس آ رہا ہے۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو واپس آ جائے گا۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر۔ اگر بد خارج ہے تو بھاگا ہوا دُور گیا ہے۔ جلدی نہیں واپس آئے گا۔ اگر بد ثابت، بد منقلب شکلیں ہیں۔ تو آ جائے گا کچھ وقت کے بعد۔ مگر

پھر چلا جائے گا۔ اُس کا پتہ ملنا یا خود آجانا اُس کا اِس طرح سے دیکھ کر بتانا۔ خانہ تین میں جو راشی ہے۔ اُس راشی کو کب چندرماں پانچویں، نویں، آئے گا؟ جب اُس کو چندرماں ۹-۵ آئے گا۔ تب اُس کا پتہ ملے گا۔ یا خود وہ آئے گا۔ یا اُس کا خط آئے گا۔ اگر خانہ ۴ میں نیک داخل شکل ہے تو نزدیک ہی ہے جیسی وہ شکل ہے۔ خانہ چہارم کی ویسی ہی جگہ پر بیٹھا ہوا ہے۔

اگر پوچھے میں ڈھونڈنے جاؤں یا نہ جاؤں؟ مجھے ملیگا یا نہیں، تو خانہ تین اور گیارہ میں نیک داخل شکل ہے تو مل جائے گا۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب شکل ہے۔ تو پتہ ملے گا۔ خود نہیں ملے گا۔ اگر بد خارج تین اور گیارہ میں ہے تو نہیں ملے گا۔ اگر آٹھ ثابت یا آٹھ منقلب ہے تو مشکل پتہ اُس کا ملے گا۔

اگر کوئی پوچھے چور اور چوری کا مال ملے گا یا نہیں؟ تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ ساتویں شکل اُمہات میں آئے تو چور مل جائے گا۔ اگر آٹھویں شکل امہات میں آئے تو چوری کا مال ملے گا (اول، دوم۔ چوتھے خانوں کی شکل کو امہات کہتے ہیں) اگر ساتویں اور آٹھویں شکل دونوں امہات میں آجائیں۔ تو چور اور چوری کا مال دونوں مل جائیں گے۔ خانہ گیارہ یعنی لابھ اور خانہ آٹھ اور خانہ تیسرا نیک داخل شکل ہے۔ تو گیا ہوا مال واپس ملے گا۔ اگر خارج ہے تو نہیں ملے گا۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو کچھ کم مال ملے گا۔ اگر بد ثابت یا بد منقلب ہے تو مال نہیں ملے گا۔

اگر کوئی پوچھے چور کون ہے؟ تو زائچہ کے آٹھ، بارہ۔

چودھویں اور پندرھویں خانہ کے اگن ستھان کے دیکھا یعنی لکیر یا نقطہ لے کر ایک شکل بنالیں اور جو شکل بنے وہ زائچہ کے جس خانہ میں آئے، وہ چور ہے (اُس خانہ کا مالک) اگر وہ زائچہ میں نہیں ہے تو دائرہ شکن میں وہ شکل جس خانہ کی ہے وہ چور ہے اور شکل کی جاتی، روپ، جگہ وغیرہ پیچھے لکھ آئے ہیں۔ اس کے مطابق کہنا (۱) آپ ہی رکھ کر بھول جانا (۲) رشتہ دار یا ہمسایہ ساتھ کے مکان والا (۳) بھائی (۴) ماتا کے سمان کی عورت ہے (۵) لڑکا یا دوست ہے (۶) نوکر یا بیمار آدمی ہے (۷) عورت، بھائی والا یا اُس دن سفر میں کیا ہوگا (۸) دھوکے باز۔ بدمعاش، چور ہے (۹) دھرماتما، سادھو، پوجا کرنے والا نیک آدمی چور ہے (۱۰) پتا یا بڑا یا پتا کے برابر چور ہے۔ (۱۱) مال دار یا عزت دار چور ہے (۱۲) زیادہ خرچ کرنے والا یا آنکھوں سے کم دیکھنے والا چور ہے۔ اگر خانہ چارمیں پانی شکل ہے۔ تو چوری کرنے میں تالا نہیں ٹوٹا ہے۔ باہر پڑی چیز چوری ہو گئی ہے، اگر ریکھا شکل ہے تو تالا توڑ کر شکل سے چیز اٹھائی گئی ہے۔ زائچہ کے خانہ تیسرے کی جو شکل ہے، اس کی راشی جب چندرماں کے ۵ یا ۹ میں ہوگی۔ اُس ۱½ دن میں چور یا مال کا پتہ ملے گا۔ چور کا خانہ ساتویں ہوتا ہے۔ مرد اور عورت، جوان یا بڈھا یا بچہ کہیئے۔

اگر کوئی پوچھے ہم کو بہت پرشک ہے تو ان میں کون چور ہے؟

تو زائچہ کی اوّل کو پانچ سے ملا دیں اور دو کو چھ سے ملا دیں تیسرے کو ساتویں شکل سے ملا دیں۔ پھر ان چار شکلوں سے نیا پرستار بنیں۔ زائچہ

بتائیں اور دیکھیں کہ ☰ : ☷ کہ ان شکلوں میں سے ایک شکل کہیں پڑی ہے۔ جس گھر میں آئے، اُس خانہ کی شکل دائرہ شکون کے مطابق داخل شکل ہے۔ تو چور وہاں ہی ہے۔ اگر خارج ہے تو ان میں نہیں ہے۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو صرف ان پر شک ہے۔ چور باہر چلا گیا ہے۔ ان میں سے اگر بد ثابت یا بد منقلب ہے تو ان میں چور نہیں ہے۔ پھر مرد، عورت الگ الگ بٹھا کر اور ایک ایک کے نام پر زائچہ ڈال، جس زائچہ کے خانہ اوّل میں ان شکلوں ☰ : ☷ میں سے شکل آئے وہ ہی چور ہے۔ آگے وچار اپنے دماغ میں کریں۔

اگر کوئی پوچھے ملاپ کرنا اچھا ہے یا بُرا ہے؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں، خانہ اوّل کو خانہ ملاپ والی شکل کے ساتھ ملاپ کریں۔ یعنی خاندان کا دوسرا خانہ۔ بھائی کا، تیسرا خانہ ماتا کا، چوتھا خانہ اسی طرح سے جس کے ساتھ ملاپ کرنا ہے اُس کی شکل کو اوّل شکل سے ملا دیں۔ اگر نیک داخل یا نیک ثابت یا نیک منقلب ہوگی تو ملاپ یعنی ملاقات اچھی طرح ہوگی۔ اور بد شکل بنے تو ملاقات میں دھوکا ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں نے کوئی کام پردے میں کیا ہے۔ اُس کا بھید کھل جائے گا یا نہیں کھلے گا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ چھ میں نیک شکل ہے یا بد شکل ہے اور پہلی اور چھ شکل کو جمع کرنے سے اگر شکل نیک داخل یا نیک ثابت، یا نیک منقلب ہے۔ تو پردہ پردے میں ہی رہے گا۔ اگر خانہ چھ میں بد ہے، اور اوّل کو چھ میں جمع کرنے پر شبھ نیک ہے۔ تو معمولی بھید کھل جائے گا۔ اگر اوّل اور چھ کو جمع کرنے سے اور چھ خانہ میں آشبھ شکل ہے۔ تو

بھید کھل جائے گا اور اُس میں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

اب ساتویں گھر کا وچار لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے نکاح یعنی شادی، لگنی ہو گی یا نہیں ہو گی
تو زائچہ ڈال کر دیکھیں اگر تمثل یعنی خانہ اوّل اور ساتویں خانے کے
داخل یا بیچھے ثابت یا بیچھے منقلب تمثل ہے تو اور وقت ہو گا یا ہو سکے گا
پریم سے ہو گا۔ مگر یہ بھی دیکھیں کہ اوّل خانہ اور ساتویں خانے کی تمثل کیا ہے
سے جو تمثل ہے بیچھے داخل، بیچھے ثابت بیچھے منقلب ہو تو بہت آسانی سے
زندگی میں دونوں کو۔ اگر یہ تمثل ہے تو بھی بھی وقت میں ہو جائے گا
لگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ یہ لگن ہونے لگی ہے وہ کریں گے یا
نہیں کریں گے۔

تو تمثل اوّل اور تمثل ساتویں سے کچھ اور لکھنے کے مطابق بیچھے سے
کریں گے اور آگے سے نہیں کریں گے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میرے خاوند یا معاش ہے یا بیوپار
ہے یا باپ یا بھی یعنی عقل والی ہے۔

تو زائچہ بنا کر زائچہ کی ساتویں تمثل کو اور دیکھیں تمثل کو دیکھیں اگر ان
دونوں میں بیچھے داخل اور بیچھے ثابت اور بیچھے منقلب ہے تو عورت بھلی ہے اور
دھرم والی ہے۔ اگر آگے یعنی باہر تمثل ہے تو باپ عقل والی ہے یا معاش
ہے۔ اگر [illegible] تمثل ساتویں زائچہ میں آگے داخل
خاص کر پانچ دو خانے میں پڑ جائیں۔ یا پاس پاس پڑ جائیں [illegible]

عورت دونوں دیلدار، بدمعاش ہوتے ہیں۔ اگر یہ ☰ ☱ ☲ ☳ شکلیں ۵ اور ۶ زائچہ میں ہوں تو دھرم والے ہوتے ہیں۔ اگر بدمعاش یوگ کے ۵ و ۹ ☰ ☱ ☲ ☳ یہ شکلیں ہوں تو بدمعاشی نہیں کرنے دیتے۔ بدمعاشی کی آثار رکھتی ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ اُس کا یار یعنی دوست کیسا ہے؟ یا اس کی یا عورت کیسی ہے تو زائچہ میں عورت کے پانچ خانہ سے سات خانہ کی شکل کے مطابق کہنا۔ خانہ اوّل کی اور خانہ دوست یعنی یار شکل کو جمع کرنا نیک یعنی شبھ سے شبھ اچھا پھل اور آشبھ یعنی بد سے خراب پھل ہوتا ہے۔ باقی اوپر لکھے کے مطابق کہنا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں اپنی عورت کو چاہتا ہوں یا پریم کم ہے۔ اگر کوئی عورت پوچھے کہ میں اپنے بھاوند کو چاہتی ہوں یا پریم کم ہے۔ تو زائچہ بنا کر خانہ پانچ سے مرد کا حال۔ اگر شبھ داخل ہے تو بہت چاہتا ہے۔ اگر شبھ ثابت یا شبھ منقلب شکل ہے تو چاہنے میں کچھ فرق ہے، خراب ہے، نہیں چاہتا ہے۔ اگر خانہ گیارہ میں شبھ داخل ہے۔ تو عورت مرد کو چاہتی ہے۔ اگر شبھ ثابت شبھ منقلب ہو تو کچھ فرق ہے۔ اگر ۵۔۱۱ خانہ کی شکلیں آپس میں ستر دوست ہیں۔ تو پریم بہت ہے۔ اگر دشمن راشی ہو تو رنجش ہوگی۔ اگر ایک شبھ ہے، ایک آشبھ ہے تو پھل اُس کا برابر ہے۔ کبھی لڑائی، کبھی صلح رہے۔ اگر ایک شبھ ہے۔ ایک آشبھ ہے تو دونوں کو ملاپ کر دیں یعنی جمع کر دیں اور جو شکل اور جو پھل نکلے وہ کہہ دینا۔ اگر آشبھ شکل نکلے تو خراب حالت کہنا۔ دھوکا ہوگا۔ اگر نیک شکل آئے گی تو حالات اچھے ہوں گے۔ اگر یہ شکلیں ☲ ☳ میں سے کوئی بھی شکل نہیں۔ پانچویں ہوگی۔ تو اوپر لکھا برا

پھل یعنی خراب حالت کم ہوں گے اور اچھے کر دے گا۔

اگر کوئی پوچھے میرے اولاد ہوگی یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں، ناز اول سے خانہ پانچ میں نیک داخل، نیک ثابت، نیک منقلب شکل ہے تو اس مرد کی قسمت میں اولاد ہے۔ اگر بد شکلیں ہیں تو اولاد نہیں ہے۔ پھر بد شکل کو اول شکل پر جمع کر دیں۔ اگر نیک شکل نکلے تو کوشش سے اولاد ہوگی۔ اگر بد یعنی خراب نکلے تو کوشش کرنے پر بھی اولاد نہیں ہوگی۔ اسی طرح سے عورت کے خانہ سے خانہ پانچ کا حال جاننا اور گنا۔ یعنی گیارہ خانہ سے اگر یہ شکلیں ☵ ☲ ☳ اگر یہ اولاد کے خانہ سے پانچویں۵ یا نویں۹ ہیں۔ تو اولاد ضرور ہوگی۔ اس کی قسمت میں۔ مرد کے ہو تو مرد کے، عورت کے ہو تو عورت کے کہنا۔ اگر پانچویں خانہ میں بد خارج وغیرہ بھی شکل ہے۔ تو بھی ان کو دیکھ نظر پانچویں۔ نویں۹ ☳ ☲ ☵ اگر یہ شکلیں ہوں گی تو اولاد ضرور ہوگی۔ شکل اول کو شکل پانچ سے جمع کریں۔ جو شکل بنے، جب چند ماں پانچویں یا نویں۹ آئے تو گربھ ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ باہر گیا ہوا مرد، عورت کب آئیگا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں کہ خانہ ساتویں میں نیک خارج ہے تو راستہ میں ہے۔ اگر بد خارج ہے تو ڈر کے مارے جلدی چلانے والا ہے۔ اگر نیک ثابت ہے تو چلا آنے کا خیال کرتا ہے۔ امید ہے کہ ڈیڑھ ماہ تک چلے۔ اگر نیک منقلب ہے۔ تو وہاں سے چل کر پھر واپس ہو گیا ہے۔ اگر بد ثابت یا بد منقلب ہے تو ابھی نہیں آئے گا۔ اگر بد داخل ہے تو دیر میں آئے گا۔ پھر سفر میں آرام کر کے آئے گا یا دکھی رہ کے آئے گا۔ اول شکل

کو ساتویں سے جمع کر دیں۔ اگر نیک آئے تو سکھ۔ لابھ ہوگا۔ اگر بدشکل ہوگی تو خرچ، نقصان کر کے آئے گا اور جب زائچہ کے خانہ تین کو چندرماں ۵ ہوگا تو اُن اُن دنوں میں آئے گا یا پتہ چلے گا۔

اگر کوئی پوچھے کہ پردیشی زندہ ہے یا مر گیا ہے۔

تو زائچہ بنا کر دیکھیں کہ خانہ اوّل کے پانچ اور خانہ نو نیک داخل یا نیک ثابت یا نیک منقلب ہے، اور خانہ اوّل و خانہ آٹھ کو جمع کرنے سے نیک شکل ہو تو زندہ ہے۔ اگر بدشکل شکل پانچ یا نو ۹ ہے اور اوّل آٹھ کو جمع کرنے سے بدشکل ہے تو خراب ہے، شریر اچھا ہے، اور موت کے لئے اُس دن کے نچھتر کے مطابق دشا کرتکا سے گنتا۔ اگر خانہ دوسرے یا خانہ ساتویں یا خانہ بارہ یا خانہ گیارہ یا خانہ چھ کے مالک کی دشا نکلے، تو شاید مر چکا ہے، مگر شنی راہو کی دشا سے اگر برہسپت یا شکر کی دشا نکلے اور یہ دوسرے، ساتویں خانہ کے مالک ہیں تو مر چکا ہے، اگر خانہ چھ، گیارہ، بارہ کے مالک ہیں۔ ان دونوں برہسپت۔ شکر میں سے ایک تو مرنے کا یوگ ہے مر جائے گا۔ بیماری لگی، بنی سے۔ اگر منگل، سورج، چندرماں بدھ کے گرہ کی دشا میں مر نہیں جاتا مگر کشٹ ہوتا ہے ہڈیوں میں۔ جگر میں خون کم بنے۔ اگر آٹھویں ☵ ☶ ☲ ☳ یہ شکل ہے تو مٹورک میں جائے گا۔ اگر ☰ ☴ ☵ ☶ ☲ ☳ آٹھوں شکلیں ہیں تو دوسرے ملک میں پیدا ہوئے رسکھ و جیون پائے اور سمندر کے کنارے پیدا ہے، اگر یہ شکلیں ☳ ☲ ☶ ☵ ☴ ☰ آٹھویں آئیں تو جگر کا ڈرو راپتن کا ہوگا اور تمام زندگی دکھ میں گزرے اور اسی دیش میں پیدا ہوگا۔ ہو، شنی، سے پہاڑ منگل سے شہر وغیرہ وغیرہ ہوتے ہیں۔

اگر کوئی پوچھے مجھے کہ میں کسی کے ساتھ کام کرنے لگا ہوں اس میں نقصان رہے گا یا فائدہ؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں شکل اول بتاتی ہے وہ پوچھنے والے کی ہے اور شکل ساتویں بھائی والی کی ہے۔ اگر دونوں شکلیں نیک داخل، نیک ثابت، نیک منقلب ہے اور اگر دونوں کا مالک آپس میں تثلیثی دوست ہیں تو بھائی والی بہت دیر تک چلے گی۔ اگر ایک نیک ہے اور دوسری بد ہے۔ تو جس کی آبلغ یعنی بد شکل ہے اس کی طرف سے لڑائی جھگڑا ہوگا اگر دونوں کے مالک آپس میں دشمن ہیں تو بہت جلد لڑائی جھگڑا آپس میں ہو جائے گا۔ اور بھائی والی کی آپس میں تقسیم ہو جائے گی اور یہ دیکھیں کہ زیادہ کس کو مال ملے گا اور یہ دیکھنا کہ زیادہ کام کس کے ہاتھ میں آئیگا اور کس کے ہاتھ سے نکل جائے گا۔ تو اول شکل کے خانہ گیارہ کو دیکھیں۔ نیک داخل سے اور نیک ثابت سے اور نیک منقلب سے آمدنی زیادہ ملے گی۔ بد سے نقصان۔ شنی، راہو کی شکل سے دھوکا کھائے۔ پھر ساتویں خانے سے بھائی والی کا لابھ، خانہ پانچ بنا کر پھر اس کا بھی پہلے اوپر لکھے کے مطابق کہنا۔

اگر کوئی پوچھے مجھے لڑائی، مقدمہ جھگڑا میں کس کی فتح ہوگی؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ جس نے پہلے مقدمہ وغیرہ کیا ہے۔ اس کی شکل اول ہے اور جس پر مقدمہ کیا جائے گا۔ وہ شکل ساتویں ہے۔ جس نے لڑائی میں پہلے وار کیا ہے وہ پہلی شکل ہے اور جس پر کیا ہے وہ ساتویں شکل ہے اگر پہلی شکل بد ہے تو مقدمہ کرنے والے کی جیت ہوگی۔ اگر ساتویں شکل پائی ہو، تو جس پر مقدمہ ہوا ہے۔ اس کی جیت ہوگی۔ اگر دونوں شکلیں پائی

تو مقدمہ زیر تک چلے گا اور لڑائی ہونے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔ پانچوں دونوں شکلوں میں جس شکل کی راشی میں مشہور رعام جنتری کے مطابق پانچ گرہ ہوگا۔ وہ جیتے گا۔ اگر شکلوں کے مالک آپس میں دوست ہیں تو ملاپ کی کوشش ہوگی مگر آپس میں ویر بھاؤ۔ یعنی دلی دشمنی نہیں جائے گی۔ اگر دونوں شکلیں نیک ہیں تو بہت جلدی ملاپ شانتی سے ہو جائے گا۔ اگر راشی آپس میں دوست ہوں۔ اگر دوست دشمن ہیں۔ تو ملاپ ہوتے رک جائے گا۔ خانہ پانچ میں خانہ گیارہ میں اگر یہ شکل ⁝ ⁝ ⁝ ⁝ شکلیں ہیں۔ تو کوئی ایسا آدمی بیچ پڑ جائے گا۔ جو عیش پرست ہوگا کھانے پینے والا۔ اگر خانہ چار۔ پانچ، چھ میں پانچی شکل ہے تو دادا کرنے والے کی جیت ہوگی۔ اگر خانہ گیارہ دس، بارہ میں پانچی شکل ہے۔ تو جس پر مقدمہ ہوا ہے۔ اس کی جیت ہوگی۔

اگر کوئی پوچھے اس مقدمہ میں اس کو قید ہوگی یا نہیں؟

تو زائچہ جانچ کر دیکھیں کہ خانہ نو یا خانہ بارہ میں۔ خانہ تین یا خانہ گیارہ میں خانہ چار۔ یا خانہ دس میں۔ خانہ پانچ یا خانہ نو میں۔ خانہ چھ یا خانہ آٹھ میں۔ ان خانوں میں پانچی شکلیں آجائیں تو قید ہو جائے گا۔ اگر ان میں ایک بھی شکل نہیں ہیں تو شبھ قید یوگ ہے یعنی جرمانہ ہوگا۔ اگر شبھ یوگ میں خانہ پانچ میں نیک شکل آجائے تو معمولی تن بھی ہو جائے گی اور دونوں کی عزت بنی رہے گی۔ اسی طرح بادشاہوں کی جنگ کا حال بھی کہنا۔ جو بادشاہ جنگ کا پہلا ڈنکا بجائے گا۔ اسی کی پہلی شکل ہوگی۔ اور جس پر چلائے گا۔ وہ شکل ساتویں ہوگی۔ اب نیچے دوسرا طریقہ لکھتے ہیں۔

اگر کوئی پوچھے کہ یدھ یعنی لڑائی ہو رہی ہے اس میں کس کی جیت ہوگی اور کس کی ہار ہوگی۔ تو زائچہ دونوں

بادشاہوں کا الگ الگ بنا کر اپنے سامنے رکھ لے۔ پھر دونوں کے نقطے الگ الگ گنے۔ (لکیر کے ۲ .. نقطہ شمار کرے) پھر سولہ پر تقسیم کرے۔ جس کے نقطہ تقسیم کرنے پر زیادہ باقی بچے وہ جیتے گا۔ یعنی اُس کی جیت ہوگی اور دوسرا بادشاہ اُس لڑائی میں ہار مانے گا۔ اگر ایک جیسا یعنی برابر نقطہ بچے تو آپس میں صلح ہو جائے گی۔ اگر دو، چھ، سات، تانک جفت بچے تو دوستی میں رکاوٹ یعنی کھٹکا رہے گا۔

الدر العظیم فی خواص القرآن العظیم

اردو ترجمہ

ایک قدیم نادر کتاب کا فوٹو سٹیٹ مجلد

ابو محمد عبید اللہ یمنی رحمۃ اللہ علیہ

خواص و فوائد قرآن مجید، فضائل و محامد فرقان حمید، بسم اللہ سے لے کر سورۃ الناس تک اعمال و اوراد و مسائل نقوش و تعویذات، خواص حروف مقطعات، ہر ہر حرف کے اسرار، حروف نورانی، کے گرمشمے، اسماء حسنیٰ متعلقہ حروف قرآن۔ اسماء حسنیٰ کے خاص اعمال، اسم اعظم کی برکات اور بزرگوں کے خاص وظیفے، ہفتہ کے ہر دن کا الگ الگ حرف اور اسم اعظم و موکل و خادم، اسماء اعظم سے دعائیں مانگنے کے طریقے۔ اسماء حسنیٰ کے ۱۰ انماط اور نو طائف، آیۃ کریمہ شریفہ کے اعمال، ہر سورت کے متعلقہ دعائیں اور دیگر اسرار۔ صفحات: ۱۴۸

محصول ڈاک بذمہ خریدار۔ قیمت:

تفصیل فہرست عملیات طب و کیمیا کتاب کے ہمراہ روانہ ہوگی۔

کتب خانہ نشان اسلام راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور

فون: ۳۵۱۱۲۰

اب آٹھواں باب لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے کہ دشمن کی فوج اس سال چڑھائی کرے گی یا نہیں یا دشمن مقدمہ کرے گا یا نہیں؟

تو زائچہ کی سولہ شکلیں بنا کر پھر کرم سے رکھے، ۸، ۷، ۴، ۹ اعداد سے نیا زائچہ تیار کرے۔ اگر نئے زائچہ کے پندرھویں گھر میں وت یعنی سالمے نقطہ آئیں تو افواہ ہوگی۔ چڑھائی، مقدمہ وغیرہ کچھ بھی نہیں ہوگا۔ اگر ہوگا۔ تو بہت دیر سے ہوگا۔ چھ ماہ کے بعد اگر پندرھواں اور گیارھواں شکل پہلے زائچہ کی دوسرے زائچہ کے چوتھے اور دوسرے گھر میں آجائے تو دشمن کی فوج بہت جلد چڑھائی کرنے والی ہے۔ اگر دوسرے زائچہ کے اول، چوتھے، ساتویں، دسویں خانہ میں خارج شکل ہے تو فوج آئے۔ اگر داخل شکلیں ہیں۔ تو فوج چڑھائی نہ کرے۔

اگر کوئی پوچھے کہ دشمن کی فوج شہر میں داخل ہو رہی ہے یہ شہر میں لوٹ مار کرے گی یا نہیں؟

تو دیکھیں زائچہ بنا کر خانہ اول میں آنیک یعنی بد شکل ہے۔ اگر ہے تو لوٹ مار ضرور ہوگی۔ اگر ساتھ ہی خانہ چار میں بھی بد شکل ہے تو زیادہ نقصان کرے گی اگر ساتویں میں بھی بد شکل ہے۔ تو شہر والوں سے بھی جنگ یعنی لڑائی ہوگی۔ اگر خانہ دس میں بھی بد شکل ہے۔ تو بہت زیادہ نقصان اور لڑائی ہوگی اگر

ان گھروں میں نیک شکلیں ہیں۔ تو پریم کے ساتھ پردیش ملنا ہوگا۔ نو۔ پانچویں نیک شکل ہے تو فوج کی طاقت زیادہ بڑھ جائے گی۔ اگر تیسرے اور گیارھویں خانے میں نیک داخل شکل ہے تو شہر والوں کی طاقت زیادہ بڑھ جائے گی۔ شہر کے لئے نیک شکل ہے۔ اگر ۴، ۵، ۶، ۷، ۱۱، ۱۲، ۱۵ ان خانوں میں نیک شکلیں ہوں اور ۷ - ۸ - ۹ - ۱۰ - ۱۳ - ۱۴ ان خانوں میں بد شکلیں ہیں۔ تو فوج پیچھے مڑ جائے گی۔ اگر ۱۲ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۲ پاپی گرہ کی شکلیں آ جائیں تو فوج پھر واپس آ جائے۔ اگر نیک ہو تو واپس نہیں آئے گی۔

اگر کوئی پوچھے عمر کے کتنے سال باقی ہیں اور موت کب ہوگی؟

تو زائچہ بنا کر خانہ چہار کو دیکھیں اور اوّل خانہ کو دیکھیں۔ اگر ان دونوں میں شبھ شکل ہے۔ اور خانہ ۸ - ۱۲ میں شبھ داخل شکل ہے۔ ان شکلوں میں ∴ ∵ ⁝ سے ہے یا ≡ یہ شکل ہے اور اوّل اور چہار شکل کو جمع کرنے سے نیک شکل بنے تو لمبی عمر ہے۔ اگر چہار شکل و پانچ خانہ میں الٹ جائے اور آٹھ اور گیارہ خانہ کی شکل بارھویں خانہ میں آ جائے تو عمر کی سمائتی یعنی کم عمر ہے۔ اگر چھٹی شکل خانہ آٹھ میں آئے تو عمر تھوڑی باقی ہے۔ اگر خانہ چہار میں پاپی شکل ہے۔ شتی یا راہو کی ہو تو عمر کم ہے۔ اگر یہ شکلیں ≡ ∴ چھٹے، آٹھویں، بارھویں، چھٹے میں ہیں۔ تو کم عمر ہے۔

اگر کوئی پوچھے موت دیش میں ہوگی یا باہر کے دیش میں ہوگی۔

تو زائچہ بنا کر خانہ اوّل کو خانہ چہار سے جمع کریں۔ پھر اس کو آٹھویں شکل پر جمع کریں۔ اگر ان شکلوں میں ∵ ⁝ سے کوئی آئے تو دیش میں موت

ہو گی۔ اگر ان شکلوں ⚊ ⚋ ⚌ میں سے کوئی شکل بنے تو پردیش میں موت ہو گی۔ نیک ثابت یا نیک منقلب سے اپنے شہر میں موت ہو گی۔ ان شکلوں ⚊ ⚋ ⚌ میں دق کی بیماری سے موت ہو گی۔ ان شکلوں ⚊ ⚋ ⚌ ⚊ میں سے فوراً موت ہو جائے گی، پیٹ میں ہوا چلے۔ ان شکلوں ⚊ ⚋ ⚌ میں سے پانی میں ڈوب کر موت ہو۔ اگر ان شکلوں ⚊ ⚋ ⚌ میں ہوائی جہاز یا آندھی وغیرہ سے کشٹ پاکر موت ہو جائے۔

اگر کوئی پوچھے کہ مجھے یہ آدمی قرضہ یعنی اودھار دے گا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں اگر دوسرے خانہ میں نیک داخل ہے تو قرضہ پورا دے گا، اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو قرضہ تھوڑا ملے گا، اگر بد شکل ہے تو قرضہ نہیں ملے گا، اگر خانہ آٹھواں میں نیک داخل شکل ہے تو قرضہ دینے والے کے پاس کافی رقم ہے، اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو روپیہ کم ہے۔ اگر بد شکل ہے تو روپیہ نہیں ہے۔ قرضہ دینے کے لئے اول ساتھ یہ بھی دیکھیں کہ خانہ اول اور ساتویں شکل آپس میں متر ہیں تو دونوں کی آنکھیں ویسی کی ویسی ہی رہیں گی، اگر دشمن ہیں تو مقدمہ بازی ہو گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں نے قرضہ بہت دینا ہے وہ میری عمر میں اترے گا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر خانہ آٹھ کی شکل کو خانہ پندرہ کی شکل سے جمع کریں، اگر یہ ⚊ شکل بنے تو پریم سے قرضہ جلدی اتر جائے گا، اگر یہ ⚋ بنے تو آدھا پونا قرضہ اتر جائے گا، اگر یہ شکل بنے تو مقدمہ وغیرہ ہو۔

مجلہ اعمال صالحہ رامپور

۱۹۵۹ تا ۱۹۶۲ء

(فوٹو سٹیٹ مجلد)

اول - دوم

روحانیات کے نامور اساتذہ محمود علی شفق رامپوری کی ترتیب

روحانی حکومت، استخارے، قرآنی نسخہ جات، قرآنی اعمال، تسخیر جنات، اسم اعظم، تاریخ، ادب، سفلی ٹوٹکے، دست غیب، قدرت، درسی، ادبی، مکس، اسرار، تعویذ، رمل، جفر کنڈلی، جفر بحری، جفر بری، ٹوٹکے، حاضرات، علم الجفر، علم الرمل، علم الاعداد، علم النفس، علم سماعت، مدرک، مستعمل، علم الحروف، عمل، سورتوں، خیر، شر، تاثیر قرآن، عملیات، تحفظ، تحقیقات، روحانی، چلے، ارضی و سماوی حالات، تاثیر قرآن، نال قرآن، روزہ، فقر، ملوک الکلام، قدرتی، زر، مجرب اعمال، استخارات، دعا مردان غیب، قوت ارادی، مختلف، مفید، عمل، سورۃ المزمل، خواب کی حقیقت، کشف القبور، خاص اعمال، مجرب، عمل، مکس، نفع، ہمزہ، طب، قدرت، کرشمہ قدرت، جادو، حالات، سیارگان، مناد، یہ، نفع، نام، سانپ، کاٹا، تعویذ، بانی، پیر، کامل، تحریر، خالی، غیبی، غیبلان، سعید، ساعت، نظرات، پختگی، مل، تسخیر، چاند، گرہن، اعمال، ہمزاد، طلسم، خاص، بحالی، منصب، ملت، روحانی، فتح، مظفر، فراست، الہیہ، روحانی، فیض، روح، رسان، اور، اوراد، فاضہ، آسیب، نقوش، خانہ، نقش، اصحاب، کہف، حجت، تعویذ، ایام، سعد، نحس، چہل، کاف، کا، عمل، شعبے، اجتماع، یاران، قسمیہ، نظام، دولت، نالہ، مل، نشانی۔ صفحات، دو، صد، کال ۲۱۴ قیمت -/ روپے

محمود ٹرک بذریعہ وی پی روانہ ہوگی۔ تفصیلی فہرست کتب علیات طب کیمیا کے لیے مراسلہ ارسال ہو

کتب خانہ نشان اسلام — راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور پاکستان

فون: ۷۳۵۱۱۲۰

کنز الاسرار

مولانا ضیاء الدین احمد مدنی یادگاری

خزینہ اوراد و اسرار شاہ عبداللہ

ضروریات دین، عملیات، نقش سازی

نقش، تکونے، کلیان، طریقہ، دعوت

مخلوقات، حروف، تہجی، سیکھنے، اسماء، حسنیٰ،

عجیب و غریب اسراری اعمال، نادر، عمل، لیس، شریف، طریقہ، بین

حاضرات، جن، وکفار، وغیرہ، نقوش، تعویذات، بیاض، جنات، تسخیر

کے، قیم، اعمال، ہدیٰ، کے، حروف، کی، خواندگی، کی، تعداد، چلے، عزائم، و

زوال، نقشہ، مخلوقات، برج، روز، اسم، نسخہ جات، مجربہ،

اوراد، فتحیہ، دعا، ربانی، دعا، یونسی، درود، مستغاث، ورد، حاجتی،

درود، کبھی، ورد، مظفر، دعا، تسخیر، درود، کبریت، احمر، اسماء، حسنیٰ

مظلوم، قصیدہ، غوثیہ، اقطبیہ، دعا، یونسیہ، دعا، کبیر، وظائف

حروف، ابجد، دلائل، الخیرات، شریف، مجربہ، چشتیہ، صابریہ،

چہل، اسماء، اعظم، دعا، فتح۔ صفحات: ۲۵۶ قیمت روپے

پیکنگ، وغیرہ، علیحدہ، ڈاک، خرچ، بذمہ، خریدار۔

کتب خانہ نشان اسلام راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور پاکستان

فون: ۷۳۵۱۱۲۰

بد بھی کچھ قرضہ اُتر جائے گا۔ اگر نیک ثابت، نیک منقلب شکل بنے تو
بدی سے تھوڑا تھوڑا قرضہ اُترے مگر کچھ نہ کچھ رہے گا۔

اب نواں باب لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے میں نوکری یا بیوپار کیلئے باہر جا رہا ہوں۔ مجھے اُس میں لابھ ہوگا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں خانہ نو۔ کو اگر خانہ نو میں نیک داخل شکل ہے۔ تو اُسی شہر میں بنے گا۔ اگر نیک داخل نہیں ہے۔ یعنی نیک خارج ہے۔ تو دوسرے شہر میں بنے گا۔ نیک ثابت اور منقلب ہو تو سفر کرے۔ تھوڑا نوکری یا بیوپار میں فائدہ ملے گا۔ یا نوکری مل جائے گی۔ اگر بد خارج۔ بد منقلب ہو تو باہر جا کر خرچ کر کے خراب ہو کر واپس چلا آئے گا۔ اگر بد داخل ہے تو اُسی شہر میں رہے اور نقصان اٹھائے گا۔

دوسرا طریقہ۔ خانہ نو (۹) کو خانہ اوّل کی شکل پر جمع کریں، جو شکل بنے اگر نیک ہے تو جہاں جانا چاہتا ہے وہاں ٹھیک طرح کام بن جائیگا اگر بد شکل ہے تو جہاں جانا چاہتا ہے وہاں پر نقصان پائے گا۔ اور دائرہ شکن کے مطابق جتنے خانہ کی شکل ہے اُتنے شہر گھومے گا۔ بد سے مارے مارے پھرے گا۔ نیک شکل سے عزت مان کے ساتھ نیک شکل سے باہر جائے ورنہ مت جائے۔ یعنی بد شکل سے مت جائے۔

اگر کوئی پوچھے میں نے رات کو خواب دیکھا ہے تو اس کا کیا پھل ہے۔ اچھا ہے یا خراب؟ تو زائچہ ڈال کر دیکھیں

خانہ اوّل میں نیک شکل ہے اور خانہ نویں بھی نیک شکل ہے تو خواب کا پھل جو ہے نیک ہے اچھا ہے۔ اگر بد ہے تو پھل اُس کا خراب ہے۔ اگر ایک شکل نیک ہے اور دوسری بد شکل ہے تو اس کا پھل دل کو جیتا، فکر رہے گی۔ اگر دونوں بد شکلیں ہیں تو اُس کا پھل خراب ہے

اگر کوئی پوچھے جہاز، ہوائی جہاز، موٹر، لاری، ریل گاڑی جو چلنے لگی ہے۔ صحیح سلامت اپنے مقام پر پہنچ جائے گی یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ اوّل میں جو شکل ہے ان شکلوں میں ☰ ☷ ☳ ☵ ☶ ☴ ☲ ☱ شکل آئے تو یہی سلامت منزل مقصود پر پہنچ جائے گی۔ اگر خانہ اوّل میں پانچی شکل ہے اور وہ شکل پھر ۸ یا ۱۲ خانے میں آئے تو راستے میں خطرہ پیش آئے گا۔ اگر اوّل، چوتھے ساتویں، دسویں میں یہ شکلیں ☷ ☰ ☱ میں سے کوئی ایک شکل آئے تو یعنی خطرہ، ڈر ہو مگر منزل مقصود پر پہنچ جائے گی۔ اگر خانہ ساتویں اور خانہ بارہ میں بد خارج شکل ہے تو مال اُس کا کچھ چوری بھی ہو گا۔ اگر نیک داخل ہے تو مال بھی سلامت رہے گا۔ اگر بد داخل ہے تو ڈرائیور کو چوٹ لگے گی اور کچھ نقصان بھی ہو جائے گا۔

اب دسواں باب لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے اس لڑکے کو راج یوگ ہے یا نہیں؟
تو زائچہ بنا کر دیکھیں، اگر اوّل خانہ میں ☶ ☵ ☲ ☳ ان شکلوں میں سے کوئی ایک شکل ہے اور پھر ان شکلوں میں سے کوئی شکل خانہ پانچ یا خانہ نو یا خانہ دس میں ہے تو راج یوگ ہے۔ اگر خانہ چار میں بھی یہی شکل ہے۔ تو بہت بڑا راج یوگ ہے۔ اگر راجہ کا لڑکا ہوگا۔ تو تاج تخت کا والی ہوگا۔ یعنی اپنے خاندان کے مطابق راج پائے گا۔
اگر خانہ چار میں بد شکل ہے تو بے چینی والا راج یوگ ہے۔ اگر ثابت و منقلب نیک شکل ہے تو کبھی کبھی معمولی بے چینی پیش آئے مگر راج یوگ بنا رہے گا۔ اگر خانہ اوّل میں ☳ یہ شکل ہے اور خانہ دس میں بھی ☳ یہی شکل ہے اور خانہ پانچ میں بھی یہی شکل ہے تو ۲۸ سال کی عمر میں راج یوگ ہوگا۔ اگر ☳ یہ شکل خانہ اوّل، پانچ، نو، دس میں آئے۔ تو بھی راج یوگ ہے۔ اگر یہ ☲ شکل خانہ اوّل، پانچ، نو، دس میں آئے، تو بھی راج یوگ ہے۔ اگر یہ ☶ شکل خانہ اوّل، پانچ، نو، دس میں آئے، تو بھی راج یوگ ہے۔ شکل ثابتی سے ادم راج یوگ ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میرا راج کتنی دیر تک یا کتنی پشت چلے گا یا میری دولت کتنی دیر تک میری پشت تک رہے گی۔ تو

زائچہ بنائیں۔ اگر زائچہ کے اوّل، چوتھے، ساتویں، دسویں خانہ میں نیک شکل ہے تو ایک پشت تک چلے گی۔ پھر ان چار شکلوں سے دوسرا زائچہ بنائیں۔ پھر دیکھیں اس زائچہ کے خانہ اوّل، چوتھے، ساتویں دسویں خانہ میں نیک شکل ہے۔ تو دو پشت تک چلے گی۔ پھر ان کیندروں سے تیسرا زائچہ تیار کیا، پھر دیکھیں کہ اس زائچہ کے چار کیندر اوّل۔ چوتھے، ساتویں، دسویں خانہ میں نیک شکلیں ہیں تو تین پشت تک راج کا کاروبار چلے گا۔ اس طرح سے دیکھتا چلا جائے، ثابت، منقلب نیک شکل ہو تو کچھ کم پھل ہوتا ہے۔ مگر راج دھن دے گا۔ اگر پاپ شکلیں ہیں۔ تو ناش یوگ ہوگا۔ اگر آدھی نیک شکل ہے اور آدھی بد شکلیں ہیں تو اس کا ½ حصہ اچھا اور ½ حصہ خراب ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ یہ جو نیا سال بکرمی، بجری، عیسوی شروع ہوا ہے۔ رعایا میں کیسا رہے گا؟

اس دن بدھ، برہسپت، شکر کی ہورا میں دیکھیں تو زائچہ بنا کر دیکھیں اگر خانہ اوّل میں ☽ ☿ ♃ ♀ ان شکلوں میں سے کوئی ایک شکل آئے تو رعایا خوشحال رہے گی۔ سکھ، دھن، بیوپار اچھا رہے گا اور کسی قسم کی بیماری کا بھی ڈر نہیں ہوگا۔ (بکرمی سے ہندوستان، بجری سے مسلمان ملک اور عیسوی سے ولایت وغیرہ دیش جس سال کا دیکھنا ہو۔ اس کے مطابق اس کا پھل کہنا) اور کوئی لڑائی جھگڑا رعایا میں نہیں ہوگا۔ اگر خانہ اوّل میں پاپی شکل ہو تو پورب کی طرف لڑائی جھگڑا ہوگا۔ اگر خانہ چار میں پاپی شکل ہو۔ تو اتر کی طرف لڑائی جھگڑا ہوگا۔ اگر خانہ سات میں پاپی شکل ہو تو پچھم کی طرف

لڑائی فساد ہوگا۔ اگر خانہ دس میں پاپی شکل ہوگی تو لڑائی جھگڑا دکن کی طرف ہوگا۔ اگر ان شکلوں میں ⋮ ⋰ سے کوئی بھی ایک خانہ اوّل میں جاپان کی طرف۔ اگر ان شکلوں میں ÷ ≡ سے کوئی بھی خانہ اوّل میں ہے تو پچھم شمال کی طرف۔ اگر ان شکلوں میں ≒ سے کوئی ایک بھی ہو تو دکن کی طرف فساد لڑائی ہوگی۔ اگر یہ شکلیں ہیں تو ≡ ÷ اُتر کی طرف لڑائی فساد کا ڈر ہوگا۔ اگر نیک شکل ہے رسارے دیش میں شانتی رہے گی اور آنند اچھا رہے گا نہ شحالی ہوگی۔

اگر کوئی پوچھے راج دربار میں مجھے اچھی نوکری ملے گی یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھنا خانہ اوّل، پانچویں، نویں اور دسویں میں نیک شکلیں ہیں۔ اگر ہیں تو ضرور ملے گا۔ اور دلی مراد بھی پوری ہوگی۔ اگر خانہ چار میں پاپی شکل آئے تو کام میں رکاوٹ پیدا ہو جائے گی۔ اگر سات خانہ میں پاپی شکل ہے۔ تو فوراً نوکری سے برخاست ہو جائے گا۔ اگر ہر جگہ پر نیک شکل ہے تو بہت دیر تک نوکری کرے گا۔

اگر کوئی پوچھے یہ ڈاکٹر، حکیم، جراح اس علاج کے لئے کیسا ہے؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ چھ اور خانہ دس کو آپس میں جمع کریں اس کے بعد اگر شکل نیک ہے۔ تو روگ اور بیماری سمجھ میں آگئی ہے۔ پھر اس میں خانہ اوّل کو جمع کریں۔ اگر شکل آبھٹ یعنی بد ہے تو روگ دور ہوگا۔ بہت جلدی آرام آجائے گا۔ اگر نیک شکل ہے تو روگ نہیں

جائے گا۔ پھر خانہ اوّل کو خانہ گیارہ سے جمع کریں، اگر نیک شکل بن جائے گی تو ڈاکٹر، حکیم، جرّاح کا علاج ٹھیک ہو رہا ہے، اگر بد شکل بن جائے گی تو اُس کو دوائی نہیں لگتی۔ اگر اوّل اور آٹھویں شکل کے جمع سے اگر پانچویں شکل بنی ہے تو پردیش میں بیماری پائے گا اگر نیک ہے تو سوَدیش یعنی اپنے دیش میں بیماری پائے گا۔ ثابت منقلب سے راستے میں بیماری پائے گا۔

اگر کوئی پوچھے آندھی، ہوا، بارش جو ہو رہی ہے اس کا کیا پھل ہوگا؟

زائچہ بنا کر دیکھیں اگر خانہ سُکھ یعنی چوتھا میں نیک شکل ہے اور خانہ دس میں نیک شکل ہے تو بارش کا پھل اچھا ہے۔ اگر خانہ چوتھا میں بد شکل ہے۔ بارش کا پھل خراب ہے۔ زمین پر۔ اگر خانہ دس میں بد شکل ہے تو بارش نقصان کرے گی۔ مگر بارش کے بعد سوکا پڑ جاتا ہے اگر ان شکلوں میں ÷ ⁞ ⁞ ⁞ ⁞ سے کوئی ایک ہو تو بجلی گر کر ڈر ہرٹے

صفحات ۲۰۰ قیمت ۔۔۔ کتابچہ ملنے کا پتہ خریدار

اب لابھر خانہ کا پرشن یعنی گیارھواں باب لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے مجھے لابھ ہوگا یا نہیں؟

تو اچھا بنا کر دیکھیں۔ اگر خانہ گیارہ میں ان شکلوں ▱ ▱ ▱ میں سے کوئی شکل آجائے تو لابھ یعنی آمدنی پوری ہوگی۔ اگر منقلب یا ثابت نیک شکل آئے۔ تو ½ آشا پوری ہوگی۔ اگر پاپ شکل ہے یعنی بد تو لابھ نہیں ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ بڑا وزیر یا بڑا آدمی کیسا ہے؟

تو اچھا بنا کر خانہ گیارہ کو دیکھیں۔ اگر نیک شکل داخل ہے تو اچھا ایمان دار آدمی ہے۔ اگر ثابت یا منقلب نیک ہے تو ½ حصہ اچھا ہے اور ½ حصہ برا ہے۔ اگر نیک خارج ہے تو بھی ہے دل کا صاف نہیں ہے۔ اگر بد شکل ہے تو بھی دل کا صاف نہیں ہے۔ منہ پر میٹھی باتیں کرتا ہے اور دھوکے باز، دھوکا دینے والا ہے اور رعایا کو آخیر کر دینے والا ہوتا ہے۔

۱۲
اب بارھواں باب لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے اس بیس میں کونسا گھوڑا آنے کی اُمید ہے۔
تو زائچہ بنا کر خانہ بارہ میں دیکھیں، جو شکل بارہ میں آئے اس شکل کو دیکھیں جیسی وہ شکل ہے ویسی ہی گھوڑی پہلے آئے گی۔ مگر ساتھ ہی دیکھیں کہ خانہ چہار اور خانہ آٹھ میں جو شکل ہے اُس کے مطابق گھوڑے کا رنگ ڈھنگ یا سوار کی شکل اور اُس رنگ کے کپڑے والا پہلے آئے گا۔ رنگ ڈھنگ اور کپڑے پہلے لکھ آئے ہیں دیکھ لیا جگہ وغیرہ بھی ان دونوں شکلوں سے کہنا چاہیئے اور جس نمبر کی شکل ہے دائرہ شکل میں وہ نمبر آئے گا۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں نے لاٹری ڈالی ہے، وہ نکلے گی کہ نہیں؟
تو زائچہ بنا کر دیکھا کہ خانہ بارہ میں نیک شکل ہے اور خانہ گیارہ میں نیک داخل ہے اور خانہ دسویں میں نیک شکل ہے تو نکلے گی۔ اگر بد شکل ہے تو نہیں نکلے گی۔

اگر کوئی پوچھے میری زندگی میں سواری کا سکھ ہے یا نہیں؟
تو زائچہ بنا کر خانہ چوتھے میں اور خانہ آٹھ میں اور خانہ ۱۲ میں نیک داخل۔ ان شکلوں میں ∴ ∴ ∴ کوئی آئے تو عمر میں سواری کا سکھ

ہے۔ اگر نیک ثابت اور نیک منقلب ہو تو سواری بنا کر چھوڑ دے۔ یعنی کچھ دیر بعد اس کو بیچ دے گا اور زندگی میں سکھ یعنی آرام اچھا ملے گا۔ اگر بد شکل ہے۔ تو سواری سے آرام نہیں ہوگا مگر ملی جلی شکلیں ہیں تو کچھ سواری کا سکھ اور کچھ سواری کا سکھ نہ ملے پیدل سفر کریگا۔ نیک شکل سے زمین، باغ، باغیچہ اور بد شکل سے اجڑی زمین۔ کانٹے دار جھاڑیوں والی زمین ہوگی۔

اگر کوئی پوچھے فلاں آدمی قید میں ہے یا قید ہونے کا ڈر ہے۔ بری ہوگا یا قید ہوگا۔

تو زائچہ بنا کر دیکھیں خانہ بارہ ۱۲ میں نیک داخل ہے اور زائچہ میں قید یوگ بھی آتا ہے۔ تو قید ہوگا بغیر کسی منقلب کے یعنی لمبا بند ہوگا۔ اگر بد داخل شکل ہے تو منقلب کے ساتھ قید ہوگا اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے اور قید یوگ بنا ہے۔ زائچہ میں تو معمولی قید یا جرمانہ ہوگا۔ اگر بد شکل بارھویں خانہ میں ہے اور زائچہ میں قید یوگ ہے۔ تو بڑی طرح سے مقدمہ پر خرچ ہوگا اور اس میں قید یا پھانسی، کالے پانی اور جرمانہ کی سزا بھی ہوگی۔ اگر خانہ پانچ یا نو میں نیک داخل ہے شکل ہے تو بیٹی کرنے پر مجرمیت کا بھی یوگ ہے یعنی سزا کم ہو جائے گی۔

اگر کوئی پوچھے دشمن کے دل میں ابھی تک دشمنی ہے یا کہ نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں، خانہ بارہ ۱۲ میں اگر نیک شکل ہے، تو دشمنی مٹ چکی ہے۔ اگر بد شکل ہے تو ابھی دشمنی جاری ہے۔ اگر نیک ثابت یا منقلب شکل ہے۔ تو دشمنی مٹ جائے گی تو لگ لگ کچھ ہی سے بعد

پھر دیکھیں۔ خانہ سات کی اور خانہ اوّل کی شکل آپس میں، دوست ہیں؟
اگر دوست ہیں تو پھر بھی دشمنی ظاہر نہیں ہوتی۔ اگر دشمن ہیں تو دوبارہ
پھر دشمنی ہو جائے گی۔ اگر ایک نیک ہے۔ ایک بد ہے تو نیک والا
نیکی کرتا رہے گا اور بد والا ڈراتا رہے گا۔

اظہار کیمیاء مغربیہ اردو

(اسرارِ کنوزِ مخفیہ)

ایک نادر قلمی کتاب (فوٹو سٹیٹ مجلد)

یہ کتاب مصنف نے بغرضِ اخفا بزبانِ فارسی رموز میں لکھی تھی۔ پھر بغرضِ افادہ شائقین علمِ کیمیا آسان اُردو زبان میں اُس کا ترجمہ کر دیا۔ یہ کتاب آج تک چھپ نہیں سکی تفصیل استخارہ اسرارِ کیمیا، حقیقت علمِ کیمیا، رُوح و جسد کا بیان، طبائع سبع فلزات و تعلق سیارگان، اقسام اکسیر، لغات اہلِ اکسیر، عقاقیر کیمیا، زرنیخ احمر، آلاتِ صنعت، اعمالِ اکسیر، حل و تصعید سیماب، زرنیخ، گوگرد، شمس، قمر، قلعی، نحاس، توتیا، آہن، سرب، صاروج الحکمت (جلندہ) فیروزہ، ستم الفار، نوشادر، الماس، طلق، زرنیخ وغیرہ۔ ہر قسم کے پیچیدہ اعمالِ کیمیا کا حل سینکڑوں قدیم کتابوں کا نچوڑ۔ صفحات ۲۴۲ قیمت -/ روپے ۳۵۰

طب و کیمیا کی تفصیلی فہرست کتاب کے ہمراہ روانہ ہوگی۔

کتب خانہ اسلامی رازیت مارکیٹ اردو بازار لاہور

فون نمبر: ۲۳۵۱۱۲۰

اب دوسرا حصہ لکھتے ہیں

اگر کوئی پوچھے کہ آج سٹے کا حرف کونسا نکلے گا؟
تو زائچہ ڈال کر دیکھیں، خانہ بارہ میں جو سی شکل ہے اور جو شکل ہے وہ شکل دائرہ شکن کی جتنی شکل ہو گی وہ حرف اور جن گرہ کی شکل ہے اس گرہ کی جو راشی ہے وہ حرف نکلے گا۔ جیسے خانہ ۱۲ میں ≡ یہ شکل ہے اور اس کا مالک برہسپت ہے تو یہ دائرہ شکن کی ۹ اور بارہ خانے کا مالک ہے اور دائرہ شکن کی پہلی شکل ہے۔ اس لئے یہ حرف بنے (ا-ع-ر) یہ حرف ہیں۔ آگے بھگوان جانے بڈھی ایسی کہتی ہے، اگر خانہ بارہ میں یہ شکل ≡ یا یہ شکل ⁝ آئے اور اس راشی کا مالک چندرماں ہو ہے۔ گرک راشی ہو کا ہے۔ تو ایک حرف ہ بنا۔ پھر ہ کو دس سے گر کیا تو ۶ باقی رہے۔ ایک ہ اور ایک ۶ دو حرف بنے، پھر ہ-۶ کو جمع کیا تو لفظ ہ، ن، ۶ یہ تین حرف بنتے ہیں (ہ-ن-۶) اگر یہ ⁝ شکل بارہ خانے میں آئے تو اس کی سنگھ راشی ہے اور اس کا سورج کا مالک ہے۔ اور دائرہ شکن کی پانچویں خانے کی شکل ہے اور پھر اس ۵ کو دس سے گر کیا تو پانچ ۵ باقی رہے۔ پھر حرف (ہ-۵) بنا۔

اب دوسرا طریقہ لکھتے ہیں:-

جو داؤ پہلے دن نکلا ہے، اس داؤ سے کو ہم ضرب کریں اور جو حرف بنے گا، اس میں سے ایک حرف نکل آئے گا۔ اگر داؤ گیارہ

کا نکلے گا۔ تو گیارہ کو ۴ پر ضرب کیا۔ ۴۴ بنے۔ اب دو چوکے ۴۴ میں
ایک کاٹ دیا۔ ایک چوکا ۴ رہا۔ کاٹے ہوئے کو دس میں سے کم
کیا تو باقی ۶ رہے۔ پھر دوسرے چوکے ۴ کو چھ پر جمع کیا تو دس بنے
یعنی ۵۔۴۔۶ حرف نکلا۔ جس رقم کی ضرب میں ایک قسم کے دو حرف
آجائیں تو ایک حرف کو کاٹ دو اور اس کو دس سے کم کر کے رکھ
لو۔ تین حرف پورے کر لیں۔

اگر کوئی پوچھے کہ مجھے سورگ ملے گا یا موکش یا پھر اس دنیا میں آنا پڑے گا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ خانہ ۶، ۸، ۹، ۱۲ میں ان شکلوں میں سے کونسی ایک شکل ہے۔ اگر ہوگی تو موکش ملے گا۔ اگر خانہ ۸، ۹، ۱۲ میں ہی شکلوں میں سے کوئی ایک ہوگی تو سورگ ملے گا۔ اگر خانہ ۶، ۸، ۹ ان شکلوں میں سے کوئی ایک ہوگی تو مالدار گھر میں جملہ بھوگ اور بھگت، سادھو سنیاسی کا ہوگا۔ اگر اس خانہ میں بد پاپی شکلیں ہوں گی تو نرگ کو نرگ یا دکھی جیون ملے گا۔ اگر نیک شکلیں ہیں۔ تو بھلا جیون ہے اور خانہ اول سے نو خانہ حال کے حالت کہنے اور خانہ پانچ ۵ سے پچھلے جنم کی بات یعنی حالت کہنے اور خانہ نو میں آنے والے حالات بیان کرنا۔

اگر کوئی پوچھے کیا میں حج کرنے جاؤں گا یا نہیں، یا تیرتھ یاترا جاؤں گا یا نہیں؟

تو زائچہ اس کے نام کا ڈال کر دیکھیں۔ خانہ ۸، ۹، ۱۲ میں یہ شکلیں ☵ ☶ ☳ ہیں تو ضرور جائے گا۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب

ہے تو رُک، رُک کر جائے گا۔ اگر بد شکل ہے، تو اُس کی قسمت میں نہیں ہے
حج کرنا یا تیرتھ یاترا کرنا۔ اگر خانہ ۸ میں بد شکل ہے۔ اور خانہ ۹، ۱۲ میں
کوئی شکل ہے تو کچھ کمی نہیں، اس طرح سے دیکھیں اور اگر خانہ ۱۲ میں بد
شکل ہے اور خانہ ۸، ۹ میں نیک شکل ہے، تو بھی کچھ کمی نہیں۔ اگر خانہ ۱۲
میں بد ہے تو سفر کرے، دھوکا، خطرہ پیش آئے گا۔ پھر خانہ ۹، ۱۲ کی شکل
کو آپس میں جمع کریں، اس کی جو شکل بنے اگر اُس کا کوئی نقطہ ہوگا تو آگ
کا ڈر ہوگا۔ سفر میں اگر یہ نقطہ ہوگا تو دل اُداس رہے گا۔ اور کسی کے ساتھ
بن نہیں آئے گی۔ جس نقطہ ہوگا تو پیسہ دوست سے ملاپ ہوگا اور یاترا
یعنی سفر اچھا رہے گا۔ پرتھوی نقطہ ہوگا تو پھل کھانا، پینا، میل ملاقات
اچھی رہے گی۔

اگر کوئی پوچھے دھرم شالہ، گوردوارہ، مندر، مسجد یعنی دھرم
استھان بنانا چاہتا ہوں، میرے ہاتھ سے بنے گا یا نہیں؟
اگر بننا شروع ہو جائے تو راستہ میں رُک تو نہ جائے گا؟
تو ایچ ڈال کر دیکھا خانہ ۱۲ کی شکل اور خانہ ۹ کی شکل اور خانہ ۸ کی شکل کو اگر شجھ
شکلیں ہیں۔ اور ان شکلوں میں سے اگر کوئی ایک ہے۔ ☰ ☲ ☳ تو ضرور
بنائے گا۔ خانہ ۱۲ کو ۹ میں جمع کریں۔ جو بنے اُس کو چوتھی شکل سے جمع کریں
اور جو شکل بنے اگر وہ نیک ہے تو رکاوٹ نہیں ہوگی۔ اور جلدی بن جائے گی
اگر بد شکل ہے تو رُک جائے گی۔ اگر ثابت یا منقلب شکل نیک ہے تو رُک
کر بن جائے گی۔

اگر کوئی پوچھے اس کام کو شروع کرنے میں کونسا دن اچھا رہیگا
اپنے لئے خانہ اوّل، دھن کے لئے خانہ دوسرا، سفر کے لئے خانہ

تیسرا: مکان و دکان اور سواری کے لئے خانہ ۴، مترا، علم، دولت کے لئے خانہ پانچ، دشمنی، روگ کے لئے خانہ چھ، اور عورت، جفتی مال، بیاہ، مقابلے والا خانہ سات، ڈر، گم چیز کا ملنا خانہ آٹھ، دھرم پنتھ سفر کے لئے خانہ نو، راجا، پتا، نوکری کے لئے خانہ دس، لابھ، کرم کے لئے خانہ گیارہ۔ خرچ کے لئے بارہ کو دیکھئے۔ جس کے بارے میں وہ پوچھے اُس کا حال بتائیے۔ زائچہ بنا کر اور جو شکل خانہ اوّل میں ہے اور جو شکل خانہ بارہ میں ہے۔ اُس کو جمع کرے اور جو شکل بنے اُس کی جو راشی ہے اور جو گرہ ہے۔ اس وار کے دن کام شروع کرے، ٹھیک رہے گا۔ دوسرا اور بارھویں شکل کے جمع سے یہ شکل ∴ بنی ہے تو پوچھنے والا پوچھتا ہے دھن جمع کے لئے۔ تو وہ آدمی اتوار کے روز سے شروع کرے۔ اس طرح سے دیکھے اور شبھ دن کہدے۔

∴ ان شکلوں کا اتوار کا دن ہے۔

اور ان شکلوں کا ⁝ مدھم وار ہے یعنی پیر وار

اور ان شکلوں کا ⁝ منگل وار یعنی منگل وار ہے۔

اور ان شکلوں کا ⁝ بدھ وار ہے یعنی بدھ وار

اور ان شکلوں کا ⁝ ویر وار ہے یعنی جمعرات

اور ان شکلوں کا ⁝ شکر وار ہے یعنی جمعہ

اور ان شکلوں کا ⁝ سنیچر وار ہے یعنی ہفتہ

اور ان شکلوں کا ⁝ اتوار ہے یعنی اتوار

اگر کوئی پوچھے میں کسی کے پریم میں پھنسا ہوا ہوں، وہ اس کے پریم سے ہٹے گا یا نہیں یا میرا دل اس کام میں زیادہ دلچسپی لے گا

یا پاپ کاموں میں لگا ہوا ہے، ہٹے گا یا نہیں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں۔ اگر بارہ خانے میں یہ شکلیں ☰ ☷ ☳ ☴ ہیں نہیں ہٹے گا، اور بد سے دکھی اور بھوت سے سکھی رہے گا۔ اور اگر شکلیں خراب ہوں گی تو دل ہمیشہ اس کی یاد میں تڑپتا رہے گا اور وہ اس سے ترپائیں کا سیاب رہے گا کہے گی کچھ اور کرے گی کچھ اگر خارج شکلیں ☲ ☵ ٹوٹ جائے گا۔ اگر ان شکلوں میں سے ☱ ☶ ☰ نیک سے خود ہٹ جائے گا۔ اگر اشوبھ شکلیں ہوں گی تو بدنامی کے ڈر سے ہٹ جائے گا زائچہ بنا کر پیچھے ہٹ جائے۔ اگر ثابت یا منقلب شکل ہے تو ہٹ کر پھر ہم کرے۔ اشوبھ یعنی بد سے برا کام بھی کرے اور نیک سے اچھا کام کرے یعنی اس کو بدنام نہ کرے گا۔

اگر کوئی پوچھے مجھے کونسی عمر میں سکھ ملے گا؟ شاستر میں تین حصے عمر کے لکھے ہیں؟

پہلا حصہ ۳۲ سال تک اور دوسرا حصہ ۶۴ سال تک اور تیسرا حصہ ۹۶ سال تک مگر یہ شری جمنی مونی کا مت ہے۔ اور گرنتھوں میں کئی طرح کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہیں۔ زائچہ بنا کر بارہ ۱۲ بارہ ۱۲ خانے بنا لیں۔ اول گھر سے ۴ گھر تک عمر کا پہلا حصہ ہوتا ہے اور پانچ خانے سے ۸ خانے تک عمر کا دوسرا حصہ ہوتا ہے اور نو خانے سے ۱۲ خانے تک عمر کا تیسرا حصہ ہوتا ہے۔ اگر پہلے حصے میں اچھی شکلیں ہوں گی تو پہلی عمر میں سکھ، آرام ملے گا۔ اگر دوسرے حصے میں نیک شکلیں ہوں گی۔ تو درمیانہ عمر میں سکھ ملے گا۔ اگر تیسرے حصے میں نیک شکلیں ہوں گی تو پچھلی عمر میں آرام، سکھ ملے گا۔ اگر ان خانوں میں بد شکلیں ہوں گی تو خراب پھل

ہوگا۔ باپ تو بھی بڑا پھل ہوگا۔ جس خانے کا پرش ہے۔ اُس خانے میں جتنے داخل، ثابت، منقلب شکل ہے۔ تو نیک پھل ہے۔ جواب شکل ہے۔ تو بُرا پھل ہے، مگر اس شکل کو اوّل شکل سے ملا دیں، اگر شبھ بنے تو کچھ کم ہوگا۔

تعویذِ عالم

کنز الاسرار

مولانا ضیاء الدین احمد صدیقی سیوہاروی

خزینۂ اوراد شاہ عبید اللہؒ ضروریاتِ فنِ عملیات، نقشہ سامات نقش پُر کرنے کا بیان، طریقۂ دعوت، موکلات حروفِ تہجی و اسماءِ حسنیٰ، عجیب و غریب اسراری اعمال، نادِ علی، عملِ یٰسین شریف بطریقہ مبین، حاضراتِ جن و کفار وغیرہ۔ نقوش، تعویذات، بتیاں، حُبّ و تسخیر کے قدیم اعمال، ہر دن کے حرف کی خواندگی کی تعداد و چلہ عروج و زوال، نقشہ موکلات بروج، دوازدہ اسم، نسخہ جاتِ مجربہ، اورادِ فتحیہ، دعاءِ رقاب، دعاءِ مغنی، دُرود مستغاث، دُرودِ حاضری، دُرودِ لکھی، دُرودِ معظم، دعاءِ تسخیر، درودِ کبریتِ احمر، اسماءِ حسنیٰ منظوم، قصیدہ غوث الثقلینؒ، دُعاءِ تسخ، دعاءِ کبیر، وظائفِ حروف، فوائدِ دلائل الخیرات شریف، شجرہ چشتیہ صابریہ، چہل اسماءِ اعظم، دُعاءِ فتح۔ صفحات: ۲۵۶ قیمت روپے پیکنگ وغیرہ ہمارے ذمہ۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار۔

کتب خانہ شانِ اسلام راحت مارکیٹ چوک اردو بازار لاہور پاکستان

فون ۷۳۵۱۱۲۰

دوسرا باب

برش پھل بنانے کا طریقہ

اگر کوئی پوچھے جو نیا برش شروع ہوا ہے اُس کا پھل کیا ہوگا؟

تو اُس کے جنم دن سے یا یکم سنکرانتی یعنی تھوں حمل سے یا چیت شدی ایکم سے یا پوچھنے کی تاریخ سے ایک سال کا برش پھل بنائیں۔ جس کا برش پھل بنانا منظور ہے اُس کا نام لے کر یا اُس کا بالیتہ لگوا کر ایشور، خدا کو یاد کرا کے پانسہ پھینکے، اُس کے بعد بارہ شکلیں بنائے، اگر لگن میں نیک داخل یا نیک خارج ہے تو سال بھر اچھا پھل دے گا، اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو کچھ وقت گزر دے گا، اگر بد شکل ہے تو سال خراب رہے گا، زیادہ تیز ایک ماہ۔ پھر ایک شکل کو دھن شکل میں جمع کریں، جو بنے اُس کے مطابق دو نیک اور خراب پھل کہنا، پھر تین شکل کو اوّل شکل میں جمع کرنا، جو شکل بنے اس کے مطابق رشتہ داروں اور سفر کا حال کہنا، تین ماہ میں، پھر چوتھے گھر کی شکل کو خانہ نمبر اوّل کی شکل پر جمع کر دیں، جو شکل بنے نیک یا بد اُس کے مطابق سکھ، زمین اور مکان، سواری، ماتا کا حال کہنا، چار ماہ کے اندر اندر، پھر شکل پانچ کو خانہ نمبر اوّل کی شکل میں جمع کر دیں، جو شکل بنے اس کے مطابق داخل سے گرجتے ہوئے، خارج

سے گربھ گر جائے، پتر، تعلیم، دوست، منقل، کورد۔ متر کا حال نیک یا خراب کہنا، پھر خانہ نمبر اوّل کو چھ خانہ کی شکل پر جمع کر دیں، جو شکل بنے اس مطابق دشمنی، روگ، اچانک چوٹ وغیرہ وغیرہ حال دیکھ کر بتائیں۔ اس کا پھل چھ ماہ میں ہوگا۔ اگر خارج شکل ہے تو اچھا پھل ہے، اگر داخل ہے تو روگ ہوگا۔ پھر اوّل شکل کو ساتویں پر جمع کر دیں۔ جو شکل بنے اس کو دیکھیں نیک ہے یا بد ہے تو اس کے مطابق اس کا پھل بولیں۔ بیوپار، عورت، عورت، بھائیوں، یا مقدمہ کرنے والے کے حالات، سات ماہ میں اس کا پھل ہوگا۔ داخل سے عورت ملے گی۔ اور خارج سے نہیں ملے گی۔ پھر اول شکل کو آٹھویں جمع کر دیں، اور جو شکل بنے شبھ یا اشبھ یعنی نیک یا بد، اس کے مطابق کہنا۔ اگر خارج ہے تو آرام زیادہ ہے۔ اگر داخل ہے تو خراب ہے۔ اور کشٹ، موت آٹھ ماہ میں، پھر خانہ اوّل کی شکل کو خانہ نو کی شکل میں جمع کر دیں اور جو شکل بنے اس کے مطابق اور پرمیل کہنا۔ نو ماہ میں ہوگا۔ دھرم قیمت، باہر کے دیش کا سفر ہونا یا نہ ہونا، پھر خانہ اول کو خانہ دس میں جمع کر دیں اور جو شکل بنے اس کے مطابق اس کا اچھا اور برا پھل کہنا۔ مشہوری، کرم۔ ماں۔ راجہ کی طرف سے عزت وغیرہ وغیرہ نوکری میں داخل اور مقدمہ میں خارج اچھی ہے۔ اس کا پھل دسویں ماہ میں ہوگا۔ پھر خانہ اوّل کو خانہ گیارہ پر جمع کر دیں۔ اور جو شکل بنے اس کا پھل گیارہ مہینے میں بڑا اچھا پھل ہوگا۔ لابھ، آمدنی اچانک داخل سے اچھا اچھا پھل ہے۔ پھر خانہ اوّل کی شکل کو خانہ بارہ میں جمع کر دیں اور اس کا پھل بارہ مہینے میں سال کے آخری ماہ میں اچھا یا برا اس کے مطابق ہو۔ خانہ اوّل اور خانہ ۱۲ کو جمع کرنے سے جو حاصل ہوگی، نیک یا بد خارج

سے اچھا پھل اور داخل سے خراب پھل ہے۔

نوٹ:۔ جو خراب شکل ۲-۶-۸-۱۲ خانے میں ہوگی تو اس کی سوری یعنی گرہ کی شناخت پوچھا دان مقرر کریں تاکہ اس کا خراب پھل جو اس پر بیٹھنے والے کے اوپر ہوگا وہ دور ہو جائے۔ اس خراب گرہ کے نشان، پوچھا، شناخت اور پاٹھ کے بارے میں آگے لکھیں گے۔

نوٹ:۔ رسل، برش پھل جو ہم نے بنایا ہے اس کو بھی اسی طرح بنایا جاتا ہے جس طرح ہم جنم لگن کنڈلی کو دیکھ کر بناتے ہیں۔ بارہ خانوں کا حال اسی طرح برش کا حال لکھیں۔

اب برش پھل میں دن چریا رگانہ کا طریقہ لکھتے ہیں

جب ہم نے زائچہ ڈال کر بارہ خانے تیار کر لئے تو اس کی پہلی کو تیسری شکل کو جمع کر کے ایک شکل بنائی اور جو شکل بنے وہ دوسری شکل ہوگی پھر زائچہ کی پہلی شکل کو پہلی دوسری شکل کو جمع کریں اور جو شکل بنے وہ تیسری شکل بنے گی۔ پھر زائچہ کی پہلی شکل کو تیسری شکل کو جمع کریں جب ان دونوں کو جمع کرنے سے چوتھی شکل بنے اور جو شکل بنے وہ چوتھی شکل ہوگی۔ پھر ان چاروں شکلوں سے نیا زائچہ تیار کیا جو پہلی شکل بننے کی اور دائرہ شکن کے مطابق جتنی شکل ہوگی۔ اس سے لے کر بارہ شکل گن لیں اور جتنی وہ شکل ہوگی ٹیکسا یا خراب اس کے مطابق ۱/۲ ۔ ۱/۲ دن کا پھل لکھیں جیسے کسی کی یہ شکل ۲ آئی ہے۔ اس سے آگے یہ ۲ دائرہ شکن کے مطابق یہ ہے اس لئے پہلے ۱/۲ پہلے پانچ دن اچھے پھل دیں گے نیک کام

لابھ، آمدنی۔ دھرم ست پدم، سکوت ملے گا۔ پھر پانچ دن کے لیے ۲ ½ ۲ یہ شکل قبض الخارج کی ہے، یہ پانچی شکل ہے۔ اس کا پھل خراب خرچ زیادہ، سفر، بچھڑنا پھل کہنا۔ اس طرح سے بارہ شکلوں کا پھل کہنا۔ ½ ۲۔ ½ ۲ دن کے مطابق ایک ماہ ختم ہو گیا۔ پھر دوسری شکل سے دوسرا ماہ کی بابت پھل لکھنا۔ اس طرح باقی بارہ خانوں کا پھل لکھ دینا۔ ½ ۲ روڈھائی، ½ ۲ روڈھائی دن کا۔ اس کو دن چریا برش بھی کہتے ہیں۔ منگل، شنی، راہو سے اچانک چوٹ، یا خطرہ یا بندھن یا قید، سوچ سے ملا جلا پھل ہوگا۔ بہت اچھا اور نہ ہی بہت خراب ہوگا۔ چندرماں سے پانی کا ڈر ہوگا۔ بدھ، شکر سے عیش آرام، پریم لابھ دان، عزت، خوشی، برہسپت سے گیان، دیا، دھیان، دھرم، تیرتھ اشنان کہنا۔ یہ تھا بارہ خانوں کا پھل۔ باقی جو چار خانے اور ہیں ۱۳، ۱۴، ۱۵ اور ۱۶۔ تیرہ کو خانہ اول شمار کر کے باقی کے تین اور جو ہیں ان سے ۲۔ ۳۔ یعنی ½ ۲، ½ ۳ اور ½ ۴ یہ بھی شکلیں کرم سے یعنی برش پھل کے ذائچہ میں خانہ ۶۔ ۸۔ ۱۲ ہیں راہو ☊ ہے تو عمر میں چوٹ یا درد ہوگا۔ ☌ اس سے گردہ، واشنگ مشین درد اور اس ☍ شکل سے موٹھے بازو ہاتھ میں چوٹ یا درد اور اس ☐ شکل سے چھاتی میں کوئی روگ، کھانسی، پھوڑا یا درد کی شکایت پھیپھڑے میں روگ اور اس شکل △ سے پیٹ، ناف اور رانوں میں درد اور اس شکل ⚹ دونوں گھٹنوں یا دھڑکی درد۔ اس شکل ☌ سے بستی ناف کے نیچے انتڑیوں میں یا پیڑو میں درد اور اس شکل ☍ خونی لنگ بگڑوا بواسیر، نجگندری یا پاد غرنگ۔ اس شکل ☐ ادویوں میں درد اس شکل

لابھ، آمدنی۔ دھرم ست بیدم، سکوت ملے گا۔ پھر پانچ ملا کے ۲ ۱/۲ ۔ یہ شکل نفس الخارج کی ہے۔ یہ پانچی شکل ہے۔ اس کا پھل خراب۔ خرچ زیادہ، سفر، بچھڑنا پھل کہنا۔ اس طرح سے بارہ شکلوں کا پھل کہنا۔ ۱/۲ ۔ ۲ ۱/۲ دن کے مطابق ایک ماہ ختم ہو گیا۔ پھر دوسری شکل سے دوسرا ماہ کی بابت پھل لکھنا۔ اس طرح باقی بارہ خانوں کا پھل لکھ دینا۔ ۱/۲ ۲ ڈھائی، ۱/۲ ۲ ڈھائی دن کا۔ اس کو دن چریا برش بھی کہتے ہیں۔ منگل، شنی، راہو سے احتمال چوٹ، یا خطرہ یا بندھن یا قید، سورج سے ملا جلا پھل ہوگا۔ بہت اچھا اور نرمی بہت خراب ہوگا۔ چندرماں سے پانی کا ڈر ہوگا۔ بدھ، شکر سے عیش آرام، پریم، فائدہ مان، عزت، خوشی، برہسپت سے گیان، دیا، دھیان، دھرم، تیرتھ اشنان کہنا۔ یہ تھا بارہ خانوں کا پھل۔ باقی جو چار خانے اور ہیں، ۱۳، ۱۴، ۱۵ اور ۱۶۔ تیرہ کو خانہ اول شمار کرو۔ باقی کے تین اور جو پھر اس سے ۲۔ ۳۔ یعنی ۱/۱۴ ، ۱/۱۵ اور ۴/۱۶ یہ بھی شکلیں روم سے یعنی برش پھل کے واسطے ہیں خانہ ۶۔ ۸۔ ۱۲ میں راہو ☊ ہے تو مریض چوٹ یا درد ہوگا۔ ☌ اس سے گرہ ۵، ۷ شنی ☿ بدھ اور ☽ اس شکل سے موٹھے باؤ ہاتھ پیر چوٹ یا درد اور ☉ اس شکل سے چھاتی میں کوئی روگ، بھنسی، پھوڑا یا درد کی شکایت پیر سے ☍ روگ اور اس شکل ☐ سے پیٹ، ناف اور کولہوں میں درد اور اس شکل △ سے دورگوں یا دھڑکی درد۔ اس شکل ⚹ سے بستی ناف کے نیچے انتڑیوں میں یا پیڑو میں درد اور اس شکل ☌ سے نیچی ناف کے گرد بواسیر، بھگندری یا پاد رنگ۔ اس شکل ☍ سے دونوں میں درد اس شکل

شکل سے جانوں یا جوڑوں میں درد اور اس شکل ⌒ سے پنڈلیوں اور ٹخنے میں چوٹ یا درد اور اس شکل سے ⌒ پاؤں میں یا پسلی میں یا انگوں میں درد ہو گی۔

اب مہوتوں کا وچار لکھتے ہیں کہ کونسا کام کس دن کو کیا جائے؟

مہورت تین طریقہ کے لکھے ہوئے ہیں۔

(۱) پہلے مہورت کا نام ہے چر اور چر بولتے ہیں چلانے پھرانے والا مہورت، کسی کو دینا یا لینا قرض وغیرہ یا چیز میں، یا جانا آنا یا چھوڑنا بگھی وغیرہ یا سواری یہ چر مہورت ہیں۔

(۲) سچر مہورت، آگ دینا، دوکان پر بیٹھنا، شین، کارخانہ لگانا، مکان بنانا، دولت کو گم کرنا یعنی دفن کر دینا، کھانا پکانا، پرویش کرنا یعنی جانا کسی دوسرے شہر میں یا ملک میں، گرو دوارہ، مندر، مسجد، بولی، تالاب، کھیتی باڑی کرنا، بیج بونا، تعلیم کے لئے مورت کے ساتھ بیٹھنا کرنا یعنی بھیک کرنا، دولت لگانا وغیرہ وغیرہ۔

(۳) وچھاؤ یعنی جو چیز مہورت دونوں سب چھوڑ رکھتے ہیں، دوڑنا، پڑھنا، کاروبار چلانا، کشتی کرنا سیکھنا، نائی چلانا، کوئی پیشہ یا کام دستکاری کا کام سیکھنا، وغیرہ، دوڑنا، پڑھنا، شروع کرنا یعنی بچوں کو سکول میں بٹھانے کا دن یہ

دسبھاؤ میں دیکھا جاتا ہے۔

اگر چر کاموں کا مہورت دیکھنا ہے تو زائچہ بنائیں اور دیکھیں کہ خارج شکلیں کہاں کہاں پڑی ہیں، اگر زیادہ خارج شکلیں خانہ اوّل سے چار تک ہیں، تو جس دن چر کام کا مہورت کرنا ہے۔ اس دن کے پہلے پہر میں بہت اچھا مہورت ہے۔ اگر خانہ پانچ سے آٹھ تک زیادہ خارج شکلیں ہیں، تو دوسرے پہر میں چر کام کرنے سے اچھا پھل ہوگا اور مہورت بھی اچھا ہے۔ اگر خانہ نو سے بارہ خانہ تک خارج شکلیں زیادہ ہیں، تو اُس دن کے تیسرے پہر میں چر کام کرنے کا اچھا اور شبھ مہورت ہے، اگر خانہ تیرہ سے سولہ تک خارج شکلیں زیادہ ہیں۔ تو اُس دن کے چوتھے پہر میں کام شروع کیا جائے تو اچھا پھل ہے۔ اور مہورت بھی شبھ ہے، اگر رات کو کرنا چاہے تو الٹا کر دیکھنا، تیرہ خانے سے سولہ تک رات کا پہلا پہر، اور بارہ خانے سے نو خانے تک رات کو کرنا چاہیئے تو رات کا دوسرا پہر اور آٹھ خانے سے پانچ خانے تک رات کا تیسرا پہر اور خانہ چار سے لے کر خانہ اوّل تک رات کا چوتھا پہر مہورت کے لئے اچھا پھل دینے والا ہے۔

ستھر کاموں کے لئے داخل شکلیں اس طرح سے وچار کریں، یعنی خیال کر کے بنائیں، دسبھاؤ کاموں کے لئے ثابت اور منقلب شکلیں اس طرح سے وچار کریں۔

اگر کوئی پوچھے یہ کام کب شروع کروں اور کر پورا کروں؟ تو پہلے کام کو وچاریں کہ چر کام ہے یا ستھر کام ہے، یا دسبھاؤ کا ہے۔ اس کے بعد پھر زائچہ ڈال کر زائچہ تیار کریں۔ اور دیکھیں کہ خارج شکلوں میں سے جو شکل انہات آدمی چار جگہوں میں اوّل خانہ میں پڑی ہیں۔ تو

اس کے وار کے بہر میں کام کرنا اچھا پھل ہے، پھر اس طرح سے داخل اور منقلب ثابت آدمی کے وار اور بہر آدمی بتائیں۔ کام اچھا چلے گا۔ وار جو لیتا ہے وہ زائچہ کی پہلی جو شکل ہوئی اس وار کو لیں جو اس شکل کا مالک ہو وہی پہلی شکل ؛ یہ ہے، اس کا مالک چندرماں ہے، اور کرک راشی ہے اور اس کا وار سوم ہے تو سوم وار کو کام کیا جائے تو اچھا ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ اس وار اور بہر کی تو سبھی گھڑی اس کام کے شروع میں اچھی ہے؟

تو اس طرح سے دیکھیں، زائچہ کے خانہ نمبر کو خانہ دوئی پر جمع کریں، جو شکل بنے اس کے دائرہ وچار اور جو زائچہ بنے وہ ہی لگن جس وقت ہو گا وہ گھڑی پل کام کے لئے شبھ اور نیک ہے اور اس لگن کا مالک بتا دینا۔ مشہور عام جنتری یا ہاتھ پوتھی جنتری کے مطابق بتا دیں۔

اگر کوئی پوچھے میری مٹھی میں کیا ہے یا میرا دلی سوال کیا ہے؟

تو پہلے زائچہ بنائیں، پھر یہ دیکھیں نقطہ ⁘ شکل یا ⁙ شکل زائچہ میں آئی ہے یا نہیں، اگر نہیں آئی تو ان کا الٹ دیکھیں کہ کہیں ⁘ شکل یا ⁙ شکل تو نہیں آئی ہے، اگر آئی ہوئی تو سمجھنا مٹھی میں کچھ چیز ضرور ہے۔ پھر یہ دیکھنا کہ خانہ تین میں داخل، ثابت یا منقلب ہے تو سمجھیں کہ یہ چیز ہے، اگر خانہ گیارہ میں داخل، ثابت، منقلب ہے تو بھی یہی بات مٹھی میں ہے۔ اگر اس میں خارج شکل یا پاپی شکل یا اشبھ بدشکل ہے تو خالی مٹھی ہے، اور جو شکل ہونے والا رنگ روپ جو پہلے لکھ چکے ہیں اس کا کہہ دیں۔ شکل ⁘ ÷ شکل سے لال رنگ کی چیز ہوگی ان شکلوں سے ⁙ ÷ سے سفید رنگ کی چیز ہوگی کسنار اور طرح کا طریقہ ہے۔ ہاتھ [illegible]

شکل پڑی ہے تو سجی مٹھی میں چیز ہے، اگر خارج شکلیں پڑی ہیں۔ تو کبھی، بائیں مٹھی میں چیز ہے۔

نوٹ:- جوتشی، بجومی کو چاہیئے کہ بند سوال یا مٹھی کا سوال بتانے کی ہمت نہ کرے۔ کیونکہ ایشور نے آدمی کو سب کچھ نہیں دیا۔ کچھ نہ کچھ اس نے اپنے پاس رکھا ہے۔ تاکہ دُنیا اُس خدا کو، اُس ایشور، بھگوان کو بھول نہ جائے کہیں کہیں فقیری آتی ہیں۔ یا سادھو، مہاتما میں ایسا پایا جاتا ہے۔ اگر کوئی زیادہ ہٹ کرے کہ میری مٹھی میں یا میرا بند سوال کیا ہے تو اس کو بتائیں اُوپر لکھے ہوئے اصولوں سے۔ انسان یعنی جوتشی، بجومی، خدا سے کام نہیں ہوتا، وہ بھی خدا کا بھیجا ہوا رہبر ہوتا ہے، دوسروں کو پاک راستے میں ڈالنے والا ہوتا ہے، دنیا میں پنڈت، مولوی، پادری، گرنتھی، یہ سب سے اونچی قوم ہے۔ اس سے بڑی کوئی قوم نہیں۔ سوائے خدا، بھگوان کے اور کوئی نہیں ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ چیز جو ہے نرم ہے یا کہ سخت، رنگ وغیرہ تو زائچہ بنا کر دیکھیں خانہ اوّل میں کونسی شکل ہے اور اُسی شکل سے کہنا کہ نرم ہے یا سخت، چیز کا رنگ تو زائچہ کی دوسری شکل سے کہنا۔ چیز کا سوار دیہہ تیسری شکل سے بتانا، چیز کی لمبائی اور چوڑائی چوتھی شکل سے بتانا، چیز کی قیمت پانچویں شکل سے بتانا، چیز ہلکی ہے یا بھاری وہ خانہ چھ کی شکل سے کہنا۔ چیز کس کام کے استعمال میں آنے والی ہے، یا کس چیز میں استعمال کی جاتی ہے۔ تو خانہ سات میں سے دیکھ کر بتائیں۔ اگر یہ دیکھنا ہے کہ کتنی چیز مٹھی میں ہے۔ تو یہ بھی خانہ سات سے دیکھیں۔ اگر چرراشی ساتویں ہے۔ تو بہت چیزیں ہیں۔ طرح طرح کی ہیں۔ اگر دسجاڑ ہے تو دو چیزیں کہنا۔ اگر تھر راشی

راشی کی شکل سانپ ہے تو ایک ہی چیز ہے، چرسے وزن ہلکا، بھتر سو وزن بھاری، دس ہاڈے سے بھاری ہلکا دونوں ملے ہوئے ہوں گے، چیز کے دشمن کا دھار خانہ آٹھ میں سے کرنا چاہیئے۔ چیز چوڑی ہے، یا ٹوٹی ہوئی یا پھوٹی ہوئی یا کھنڈت، اس کا دھار خانہ نو میں سے کرنا۔ چیز کا سواد میٹھا ہے یا کڑوا یا پھیکا یہ خانہ دس سے کرنا۔ چیز کہاں پر بنی یا پیدا ہوئی تھی۔ تو خانہ گیارہ میں دیکھ کر بتائیں، سورج سے راجا کے رشتہ دار کے، چندرما سے وزیر منتری سے فوجی سمبندھ سے، بدھ سے کوئی اچھا آدمی اس کے رشتہ دار سے برہسپت سے دھرم استھان، سادھو مہاتما کے سمبندھ یا جگہ سے، شکر سے عشق پرست یا بدمعاش کے سمبندھ سے، راہو سے ہنسک چور، بدمعاش کے سمبندھ سے، دھاتوں (سونا، چاندی وغیرہ وغیرہ) مول، بیاج وغیرہ وغیرہ یا جیو وغیرہ بارہ خانہ میں سے کہیں۔

اب شکلوں کے دھاتوں، مول، جیو چکر لکھتے ہیں

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
نام	لحیان	نبض الراس	نبض الخاص	جاعت	نرخ	مقلہ	انکیس	عمرہ	بیاج	ہمخواج نصرۃ	حصہ نصرۃ الدار	البواص نصرۃ	نفی	الباص نصرۃ	اجتماع	طریق
شکل	☰	☲	☵	☶	☴	☳	☷	☱	☰	☷	☴	☵	☲	☶	☳	☴
	دھاتو	مول	دھاتو	مول	جیو	مول	جیو	جیو	مول	دھاتو	مول	دھاتو	مول	جیو	جیو	مول

پتہ کہے ہوئے کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے، بند مٹھی میں جو چیز ہے نرم ہے۔ یا ثابت ہے دیکھنے کے لئے جو جو گھر یعنی خانے اوپر لکھے جا چکے ہیں ان میں سے دیکھیں کہ کون سی شکل پڑی ہے، پھر جو شکل پڑی ہو وہ علامت یہ کیشور، پیلی،

لال جیسی ہو ویسا ہی گون، رنگ اُس کی بھٹی میں جو چیز، تو اُس کا رنگ کہنا

اب سیکھوں کے رنگ نرم سخت، گون یعنی طبیعت کہتے ہیں

۱۔ یہ شکل ملائم ہے، رنگ پیلا، لمبی، ثریا دھرم استھان۔ پانی کے نزدیک۔ یا ندی۔ تالاب، دریا اور سمندر کے کنارے پیدا ہونے والی قیمت زیادہ کی۔ دھرم کے کام میں زیادہ آتی ہے اور چیز کچھ حصہ کے نشان والی مرد یا چھوٹی ہوئی۔ دھاتوں میں سونا یا پیتل ہے۔ دانہ چنے کا بھی ہو سکتا ہے۔

۲۔ یہ شکل پتھر یا مٹی کی ہے، ریک جیسی ہے۔ مٹی سواد کی ہے یا پیڑ پھل والے درخت کی جڑ ہے۔ سخت ہے۔ سفید یا نیلا سونی رنگ ہے۔ گول ہے، جواہرات کا ٹکڑا ہے۔ قیمت زیادہ کا ہے۔ طاقتور اور بنے کے کام میں بھی آتی ہے۔ کھانڈ۔ مصری بھی ہو سکتی ہے۔

۳۔ یہ شکل غیر ملائم ہے۔ ٹوٹی پھوٹی ہوئی ہے۔ اگنی کے پریوگ سے ملائم ہو جاتی ہے۔ سفید، نیلا رنگ ہے۔ بناوٹ لمبی ہے۔ پربت یا اُجاڑ میں پیدا ہوتی ہے۔ قیمت تھوڑی، اور بھوک مٹانے کے کام میں آتی ہے۔ جیت سرمہ، ماہ کالے، جواہر کے دانے، چنے، بوٹی بھی ہو سکتے ہیں۔

۴۔ جماعت، چندرمان، یہ شکل پتھر یا پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے۔ زیادہ مٹی ہے، یا کسی درخت کی جڑ ہے۔ سفید رنگ کی ہے یا سبز رنگ کی ہے اور چار کونے والی ہے اور وزن میں بھاری ہے اور کم قیمت کی ہے، یا موتی۔ منکا بھی ہو سکتے ہیں۔

۵۔ شبِ فرخ۔ شکریہ شکل جو ہے، بن یا اجاڑ میں خود پیدا ہوتی ہے۔ معمولی قیمت کی ہوتی ہے یا ایک ٹکڑا یا چاول یا روئی، کپاس، روئی ملائم ہے۔ پیلا یا کالا۔ یا نیلا رنگ اور ایک جیسی گول ہے۔

۶۔ عقلہ، سنیچر یہ شکل سخت ہے، رنگ کالا یا میلا ہے، اور گول چیز کی طرح ہے، پربت سے یا کانوں میں پیدا ہوتا ہے، قیمت ایک جیسی ہے۔ زیادہ پیدا پر کم قیمت اور کم پیدا پر تیز قیمت ہو جاتی ہے، طاقت کے لئے کام آتی ہے، کھانے میں میٹھی ہے، یا کانا کیڑا بھی ساتھ ہے، ماہیں، تل، موٹھ، لوہا بھی ہو سکتا ہے۔

۷۔ = امکیس سنیچر یہ شکل سخت ہے، رنگ کالا ملا رنگ ہے، برف کے نزدیک پتھر یا پہاڑ میں پیدا ہوتی ہے اور کم قیمت کی ہوتی ہے اور طاقت کی دوائی کے کام آتی ہے، کھانے سے بھوک کم لگے، میٹھی ہے، جیون کوڑا کیڑا بھی ہے، ماہ، تل، موٹھ، کالا انا ج، لوہا بھی ہو سکتا ہے۔

۸۔ = حمرۃ، برچھک، اس کی شکل سخت ہے تختے کونے کی ہے، نکردالی، رنگ لال یا تانبے جیسا ہے، چوڑائی بھی ایک جیسا، مدری بن میں پیدا ہوتے دانی، گولی یا ڑی بھی ہو سکتی ہے، قیمت تھوڑی، جھلک زیادہ رنگ کی، کنک، تانبے کا پیسہ، گولی، لال پتھر۔

۹۔ بیلج = ملائم رنگ سفید، گول بھی پرکھتوں میں پیدا ہوتی ہے، قیمت اس کی تھوڑی ہے، دل کو طاقت دینے دانی یا پانی کے نزدیک پیدا ہوتی ہے، ٹوٹی ہوئی یا اس میں چھلک ہوتے ہیں، چاول، چاندی، روئی، کپڑا وغیرہ وغیرہ۔

۱۰۔ ث اس کی شکل بھی سخت ہے، رنگ لال یا گلابی ہے، اور میٹھی پر شیریں بھی، اور بن میں بھی ہوتی ہے۔ قیمت کم اور طاقتور بڑا گرم ہے۔ مانک، منی یا تانبا دھاتوں میں بھی ہے۔ اور کنک کا دانہ بھی ہو سکتا ہے۔

۱۱۔ ج ملائم، نرم ہے۔ پیلا رنگ کچا پیلا رنگ، دھرم استھان کے نزدیک پیدا ہوتی ہے۔ اور زیادہ قیمت کی ہوتی ہے، چنے بھی ہو سکتے ہیں۔ یا جوئی ہو۔ جس کے زہیکا یعنی سواد دو ہوں۔

۱۲۔ ش چیز سخت ہے، کالا یا نیلا رنگ ہو لمبی اور پتلی ہو۔ اُجاڑ میں پیدا ہوتی یا پہاڑی مقام پر پیدا ہوتی ہے۔ مضبوط ہے، قیمت تھوڑی، طاقت کے کام پر خرچ ہو، یا اگنی کے نزدیک پیدا ہو، چھوٹے دھائیں۔ رائی، مرچ وغیرہ وغیرہ۔

۱۳۔ ب مضبوط، سخت، کرنے دار، نیلا، کالا ملا ہوا۔ یا نیلا لال ملا ہوا رنگ۔ چوڑا زیادہ، لمبا کم، بن میں پیدا ہوتی ہے۔ اور قیمت کم کی، طاقت کی دوائی میں کام آنے والی اور اس کے نشان پیروں کے ہیں۔ گولی، ڈریولا باجرا، چنے کالے یا کالی چیز ہے۔

۱۴۔ ا ملائم ہے رنگ سفید ہے یا دو رنگ ملے ہوئے ہیں۔ گول گول آکار ہے۔ روگ خانہ یا سینما کے نزدیک پیدا ہوتی ہے یا کلال خانے کے پاس پیدا ہو۔ معمولی قیمت، طاقتور، پوست دار، ٹوٹی ہوئی تھوڑی سی۔ کھانے میں میٹھی ہو۔

۱۵۔ ا ملائم ہے، رنگ سبز ہے، گول ہے، گاؤں اور کچے مکان کے نزدیک پیدا ہوتی ہے، قیمت اس کی تھوڑی ہوتی ہے، طاقت کو زیادہ کرنے والی، سواد میں میٹھی ہو۔

Scanned by CamScanner

۱۶:- طریق سخت بھی اور ملائم بھی ملی جلی ہے۔ لال سفید ملا ہوا رنگ ہے سفید زیادہ ہے۔ بھیتی اور بگڑ ڈنڈی کے پاس پیدا ہوتی ہے۔ قیمت معمولی ہو۔ طاقت دار ہے۔ اس کا پتہ ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ اس ڈبی یا گھیرا یا مٹھی میں کیا چیز ہے؟

اگر پہلی شکل میں اگنی نقطہ ہو تو چمکیلی روپ والی، خوبصورت چیز ہو۔ اگر پہلی شکل میں وایو نقطہ ہو، تو پھل دار چیز ہو گی۔ لمبائی زیادہ باریک کہنا۔ رنگ اس کا سفید۔

اگر جل نقطہ ہو پہلی شکل میں یعنی پہلے گھر میں آئے تو پتھر یا مٹی یا جڑوں یا لاچی رنگ ہوں گے۔

اگر پہلے گھر میں پرتھوی کا نقطہ ہو تو مٹی، روڑا یا جست، سکہ، تانبا، ابرک وغیرہ وغیرہ کہنا۔ یا بال والی چیز ہو گی۔

اگر پہلے گھر میں دو نقطہ ہوں گے تو دو چیزیں کہنا۔ رنگ روپ الگ الگ کہنا۔

اگر تین نقطہ ہوں پہلے گھر میں تو تین چیزیں کہنا۔ الگ الگ اور رنگ روپ بھی اُن کا الگ الگ کہنا۔

اگر چار نقطہ ہوں، پہلے گھر میں ہوں تو چار چیزیں کہنا۔ الگ الگ۔ اگر جماعت شکل ☰ آئے تو بدھ کی چیز کہنا۔ اگر زائچہ کے خانہ سات میں پاپی شکل ہو تو مٹھی خالی ہے۔ اس کے ہاتھ میں کوئی بھی چیز نہیں ہے۔

اگر زائچہ میں پہلے خانہ میں شکل منقلب ہو تو چھیک والی چیز ہے۔ اگر ثابت ہے تو ثابت چیز ہے۔

اگر خارج شکل ہے تو سرے پر سے خراب ہے۔ ٹوٹی ہوئی ہے۔ اگر

داخل شکل ہے تو اس چیز کا نچلا حصہ ٹھیک نہیں ہے کمزور ہے۔
اگر پہلے خانہ میں شکل پیر کی راشی ہے تو پوچھنے والے کی مٹھی میں چیز نہیں ہے۔ چیز دُور ہے اگر ستھر راشی کی شکل ہے تو پوچھنے والے کی مٹھی میں ہے۔ اگر دو سبھاؤ کی راشی ہے تو چیز دوسرے کے ہاتھ میں ہے۔
پہلے گھر کی شکل سے مرد، عورت، بالک اور بال برودھی کہنا جیسی شکل ہو ویسا رنگ روپ، کپڑے، رہنا سہنا کہنا۔ اس طرح کے مرد، عورت، بالک کے پاس چیز پکڑی ہوئی ہے یا اُس کی مٹھی میں ہے۔
اگر کوئی پوچھے میرے پاس کتنے گاہک پوچھنے کے لئے آئیں گے؟
جوتشی یعنی نجومی کو چاہیئے کہ پرانا کل صبح اُٹھ کر نہائے اور عبادت کرے یعنی پوجا پاٹھ کرے تو پہلے پانسہ میں لگیان شکلیں تیار کرے ≡≡≡ اس طرح سے پھر اپنے ایشور، بھگوان کا دھیان کر کے اُس بنائے ہوئے زائچہ کو پھینکے: دوئمل پانسہ کو ۱۶ شکلیں تیار کرے: پھر جب بنا لیا تو دیکھیں کہ اپنے اپنے گھر کی کونسی شکلیں ہیں جتنی شکلیں آئیں گی اتنے گاہک پوچھنے آئیں گے۔ پھر یہ دیکھیں کہ اپنے اپنے خانہ کی شکلیں اور کہاں کہاں پڑی ہیں؟ اگر پہلے، چوتھے، ساتویں، دسویں گھر کی آئی ہیں، تو پوچھنے والا تھوڑے روپے پیسے دے گا۔ اگر دوسرے، تیسرے نویں، گیارھویں خانہ کی شکل اپنے گھر میں آئے، تو وہ آدمی خوشی سے روپیہ دے گا۔ اگر ان گھروں میں چھٹے، آٹھویں، بارھویں خانہ کی شکلیں اپنے گھر میں آئیں تو کردھ اور کلیش سے روپیہ پیسہ دے گا۔
نوٹ:- تیرھویں خانہ سے ایک خانہ کے حالات دیکھیں پندرہ

خانہ سے تیسرے گھر کے حالات دیکھیں۔ سولہ خانہ سے چوتھے گھر جیسے حالات دیکھ کر لکھیں۔

اپنے گھر کی شکلیں اور گنتی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
⁝	⁘	∴	⁙	⁛	⁖	⁗	⁘	⁙	⁚	⁛	⁜	⁝	⁞		⁝

اگر کوئی پوچھے کہ میں کیا چیز دینے کے لئے لایا ہوں، یا میرے ہاتھ میں کیا ہے جو تمہیں دینا چاہتا ہوں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھئے۔ اگر پہلے شکل اگنی نقطہ کی ہے تو روپیہ پیسہ دینے کے لئے آیا ہے۔ اگر واپو نقطہ ہے تو جنیو اس کے ساتھ ہے یعنی دوسرا آدمی بھی ساتھ ہے اور بٹھا دینے کے لئے آیا ہے۔ اگر جل نقطہ کی شکل ہے تو پھل وغیرہ لایا ہے۔ لاچی وغیرہ۔ اگر پرتھوی نقطہ کی شکل ہے تو پھل مٹھائی لڈو وغیرہ لایا ہے۔ اور پیسے بھی دینے کے لئے لایا ہے۔ اگر جماعت یا طریق شکل ہو تو تین طرح کی چیزیں کہنا۔ اگر خانہ سات میں نیک شکل آئے۔ تو ہنس کر دیدے یا چڑا دے۔ اگر بایو شکل ہے تو دل میں رنجش کر کے چڑا دے۔

اگر پہلے گھر میں شکل کا اگنی نقطہ یا پرتھوی نقطہ ہو۔ تو سوال مال، دھن کی بابت پوچھے گا۔ اگر پہلی شکل کا واپو نقطہ ہے یا جل نقطہ ہے۔ تو جنیو کی بابت پوچھے گا۔

اگر جماعت یا طریق شکل ہے تو پھل، مول، بیج بھی ساتھ کہنا چاہیئے۔ پہلے جو زائچہ صحیح بنا تھا۔ اس کی پہلی اور پندرھویں شکل کو جمع کر کے

کا سوال لکھیں، پھر دوسری اور پندرھویں شکل کو جمع کریں۔ دوسرے کا سوال لکھیں، پھر تیسرے اور پندرھویں گھر کو جمع کر کے تیسرے کا سوال لکھیں، اس طرح سے بارہ پوچھنے والوں کا سوال دیکھنا چاہیئے اور اوپر لکھے نقطہ سے جیو، دھاتو آدی کہیں۔ اگر وہ شکل اُس پوچھنے والے کے ڈائیگرام میں یہاں آئی ہے۔ اُس کی بابت پوچھنے والا پوچھتا ہے، اگر نہ آئی ہو۔ تو اس کے ساتھ کی دوسری شکل یعنی اُس شکل کو اُلٹ کر بھی کہنا چاہیئے، پہلے اس شکل کا کہنا۔ پھر اُلٹ والی کا کہنا۔

جو بھونچال پر ہوا یعنی اُبرو ہے اس کا دنیا میں کیا پھل ہوگا؟

اگر کوئی پوچھے بھونچال جو آیا ہے یا اچانک زمین سنائی دی ہے یا گھڑگھڑ کی آواز یا بوندی والا تارا آکاش میں دکھائی دیا ہے یا بھاری ابکاپتن آسمان سے ہوا ہے یا سورج گرہن یا چندرماں گرہن یا سورج چندرماں کو پڑی درخ یعنی پری وار یعنی گول چکر پر جائے اُس کا کیا کیا پھل ہوگا خراب یا اچھا؟

تو ڈائیگرام بنا کے دیکھیں، پہلے، پانچویں، نویں، گیارھویں شکلوں کو کرم یعنی گنتی سے تیرہ ۱۳، چودہ ۱۴۔ پندرہ ۱۵۔ سولہ شکلوں کے ساتھ جمع کریں۔ یعنی پہلی سے تیرھویں

اور پانچ خانے والی کو چودھویں جمع کریں۔ اور نویں گھر کی شکل کو پندرہ گھر کی شکل سے جمع کریں اور گیارھویں گھر کی شکل کو سولھویں گھر کی شکل سے ملاپ یعنی ملادیں۔ ان چار شکلوں سے نیا زائچہ تیار کریں۔ پھر نئے زائچہ سے سولھویں گھر کی شکل کو دیکھیں۔ اگر شکل نیک ہے تو اچھا پھل ہوگا۔ اگر بد شکل ہے تو پھل خراب ہوگا۔

اوپر کہی ہوئی بھونچال وغیرہ کا، پھر یہ دیکھیں کہ نئے زائچہ کی سولھویں شکل زائچہ میں آئی ہے، جس گھر میں آئی ہو اس کے لئے نیک یا خراب زیادہ کہنا۔ راجہ، پرجا یعنی رعایا۔ آکاش، زمین وغیرہ وغیرہ یعنی ملکوں کا بھی نام دیکھیں۔ کہ کون سے ملک میں یہ حال ہوگا۔ اس کے لئے زائچہ نیچے درج ہے اور اپنی عقل سے وچار کریں۔ شکل میں اگنی نقطہ ہو تو دھن دولت کے لئے خراب یا اچھا ہے یعنی کرنسی وغیرہ بھی ساتھ دیکھنا۔ اگر شکل میں وایو نقطہ ہو تو چوپایہ جانور، پنچھی، آدمی وغیرہ کے لئے اچھا یا خراب پھل کہنا۔ اگر شکل میں جل نقطہ ہو۔ تو پھل، درخت، پھول وغیرہ کے لئے اچھا یا خراب پھل کہنا، اگر شکل میں پرتھوی نقطہ ہو تو کھیتی وغیرہ کے لئے اور کانوں کے لئے اچھا یا خراب پھل کہنا۔

اگر کوئی پوچھے کہ کال، درپکش پڑا ہوا ہے کب تک رہے گا تو زائچہ بنا کر دیکھیں اور چوتھے خانہ کو دسویں گھر کی شکل سے ملا دیں۔ کیونکہ چوتھا خانہ جو ہے وہ زمین کا ہے اور دسواں گھر جو ہے وہ آکاش کا ہے۔ اگر پھلات ان دونوں کا نیک یعنی شبھ خارج نکلے تو کال بہت جلدی خارج یعنی ہٹ جائے گا اور سکال شروع ہو جائے گا۔ اگر خراب یعنی بد خارج نکلے تو آدھا کال دور ہو جائے یعنی کچھ رہے گا۔ اگر شبھ داخل شکل ہے۔ تو کال کے ساتھ زیادہ موتیں رعایا کی ہوں گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ یہ بیماری جو پڑی ہے کب تک دور ہوگی اور رعایا میں شانتی یعنی امن کب ہوگا؟

تو زائچہ تیار کریں اور پھر ان شکلوں کی لکیریں یعنی ریکھا بھی الگ گنیں اور نقطہ الگ گنیں۔ اگر نقطہ زیادہ ہوں گے تو تیسری شکل کو چھٹی شکل سے ملادیں اگر اس میں ریکھا یعنی لکیریں زیادہ ہیں۔ تو چوتھی شکل سے چھٹی شکل کو ملادیں پھر اس بھلات کی شکل کو دیکھیں کہ زائچہ میں ہے کہ نہیں اگر زائچہ میں شکل ہو تو جس گھر میں پڑی ہو تو دائرہ شکلیں کے مطابق اس گھر کی شکل کو دیکھیں۔ اگر نیک خارج ہے تو بہت جلدی ہٹ جائے۔ اگر بد خارج ہے تو کچھ کم ہو جائے گی۔ اگر نیک داخل ہے تو دیری سے ہٹے گی۔ اگر بد داخل ہے تو زیادہ زور پکڑے گی۔ اگر نیک ثابت یا نیک منقلب ہے تو ½ ہٹ جائے گی۔ اگر بد ثابت یا بد منقلب ہے تو بیماری میں اور بیماری یعنی درد سر پیدا ہو جائے گی۔

نوٹ:۔ اگر یہ شکلیں زائچہ میں نہیں آئیں۔ تو ان کی ہم وزن کو دیکھیں، اگر ہموزن کی شکل بھی نہیں آئی تو اس کا اُلٹ دیکھیں اور اس کے مطابق خراب یا اچھا پھل کہنا۔

دنیا کے مختلف شہروں کی ارشیاں بحساب علم رمل



زائچہ کی چھٹی شکل نقطہ دیکھیں کس کا ہے۔ اگر اگنی کا نقطہ ہے تو بیماری پچھم کی طرف بڑھتی جائے گی، مرشک ہے۔ اگر چھٹی شکل میں وایو کا نقطہ ہو تو دکن کی طرف بہت بیماری بڑھے گی یا بڑھتی جائے گی۔ اگر چھٹے گھر کی شکل میں جل کا نقطہ ہو تو بیماری اُتر کی طرف بڑھتی جائے گی۔ اگر جماعت ☰ شکل چھٹے گھر میں آئے یا طریق ⋮ شکل چھٹے گھر میں آئے تو بیماری کبھی اِدھر اور کبھی اُدھر پڑے۔ گھٹے، اور جلدی رفع دفع ہو جائے گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ اس بیماری سے میں باہر چلا جاؤں؟
تو چھٹے خانہ کی شکل سے کہیں۔ اگر نیک شکل ہے تو بھاگنا اچھا ہے۔
اگر بدشکل ہے تو بھاگنا بیکار ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں اس بیماری سے بچنا چاہتا ہوں، تو باہر کس طرف کو چلا جاؤں؟
زائچہ تیار کرے، اس بات میں یہ وچار کریں کہ بیماری کا منہ کس طرف یعنی دشا ولا ہے۔ اُس دشا کی طرف مت جائیے اور جو اس دشا کے سامنے دشا ہے۔ اُدھر کو چلا جائے۔ جیسا بیماری کا منہ پورب کی طرف ہے۔ تو پچھم کی طرف چلا جائے، اُدھر اُس کی بیٹھ ہو گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ یہ بیماری کتنی دیر رعایا میں رہے گی؟
تو زائچہ میں دیکھیں کہ یہ شکل ☰ کہاں پڑی ہے۔ اگر یہ شکل نہ ہو تو اس کے ہموزن دیکھیں۔ اگر ہموزن بھی زائچہ میں نہ ہو۔ تو اس کا الٹ ☷ دیکھیں، پھر دیکھیں (بیکا یک ۷، ۱۵، ۲۲/۳ ماہی بیمار ہو گی) کہ جس گھر میں پڑی ہو۔ اُس گھر کی اودھی کہیں۔ پہلے گھر میں پڑی ہو تو ایک ماہ اودھی جس خانہ میں پڑی ہو۔ اُس خانہ کی دائرہ اشکلین کے مطابق جو شکل ہے۔ اگر اُس شکل کی راشی چر ہے، تو سات دن کے بعد بیماری ہٹنی شروع ہو جائے گی۔ اگر راشی تھر ہے۔ تو ایک ماہ کے بعد ہٹنی شروع ہو جائے گی۔ اگر راشی دبھاؤ ہے۔ تو پندرہ دن کے بعد ہٹنی شروع ہو جائے گی۔ اگر دوسرے خانہ میں پڑی ہو۔ تو دو ماہ کے اودھی کہیں۔ اسی طرح سے کہیں۔ اگر انیس شکل دو یا تین یا زیادہ حصہ آئی ہو تو انت کی یعنی سب سے پچھلی شکل سے کہنا چاہیئے۔ ماہ وغیرہ

اگر کوئی پوچھے یہ جو بیماری پڑی ہے۔ اس کا کیا اپا کریں

جس سے یہ دُور ہو جائے تاکہ رعایا میں شانتی ہو ؟

اِس کا وچار اس طرح سے کرنا۔ پہلے زائچہ بنائیں اور خانہ چھٹے کے نقطہ کو دیکھیں۔ اگر نقطہ اگنی تتو کا ہے، روپیہ، پیسہ، سونا، چاندی، لوہا، تانبا وغیرہ کے دان کرنے سے دُور ہو جائے گی۔ ہر ایک کو جو اس بیماری سے بچنا چاہتا ہے اگر زائچہ کی شکل کا نقطہ چلا تتو ہے۔ تو بچھی، چوپایہ جانور، بکرا، بھینس، بھینسا وغیرہ دان کرنا چاہیئے۔ یا ماش کی دال، پیٹھی آدھی کا پیشٹ پنچھی بنا کر پوجن کر کے دینا، چوراہے میں بیٹھ کر یعنی بلیدان دینا۔ اگر زائچہ کی چھٹی شکل میں جل نقطہ تتو ہے۔ تو پھل، پھول، ناریل آدی پھولوں کو سندر گھی میں ملا کر اور لگا کر پھولوں کو تھوڑا تھوڑا سونا دان کرے کسی پنڈت یا مولوی کو دے دیں اگر پرتھوی تتو کا نقطہ یعنی زمین کا ہو تو شہر کے گرد باہر کی طرف میٹھے تیل کی دھارا کر دیں یعنی لکیر لگا دیں (شہر کے چاروں طرف) اور ہر ایک گھر کا سب سے بڑا آدمی اپنے گھر کے باہر بیماری سے بچنے کے لئے اُوپر لکھے ادپا کر سکتا ہے اور شہر کے لئے اُس شہر کا سب سے بڑا آدمی یا نام والا ہو سکتا ہے، گاؤں کے لئے پردھان، چودھری یا نمبردار اور ملک کے لئے راجا یا کوئی اور بڑا آدمی ہو کر سکتا ہے۔ مگر خود اپنے ہاتھ سے کرے۔ اس کے ساتھ حاضر اپنے روپیہ پیسہ سے مت کریں۔ اُس کا پھل نہیں ہوگا۔ مگر چندہ اکٹھا کر کے اُپاؤ کرے تو تین دن کے بعد شانتی ہو جائے گی اور اس کا اُپاؤ بھی تین دن کرنا ہے۔

نوٹ:۔ اگر خانہ چھٹے میں ☰ جماعت یا ☷ طریق شکل آئے تو بیماری کے لئے چاروں اپاؤ کر دیں، تھوڑا تھوڑا ہر روز چاروں۔

اگر کوئی پوچھے کہ لڑائی یعنی جنگ کب تک ختم ہوگی ؟

تو زائچہ بنا کر دیکھیں کہ ثمرہ شکل زائچہ میں ہے یا کہ نہیں۔ اگر ہو تو لڑائی ابھی

رہے گی۔ اگر نہ ہو تو ثانتی جلد ہو جائے گی۔ اگر حمرہ کی ☲ آئے تو ☲ بیاض تھیل زائچہ میں یہاں پڑی ہو تو اتنے ماہ کے بعد جنگ ختم ہونے کا یوگ ہے۔ اور ان ماہ کے اندر لڑائی جنگ میں لوٹ، مار، بھونچال وغیرہ کئی طرح کے واقعات دنیا میں ہوتے رہیں گے۔

اگر کوئی پوچھے میرا فلاں انگ پھڑک رہا ہے۔ اس کا کیا پھل ہوگا؟

زائچہ بنا کر دیکھیں کہ زائچہ کی پہلی، دوسری، تیسری، چوتھی، نویں، دسویں، یہ گھر کی شکلیں دائیں انگ کی ہیں اور پانچویں، چھٹے، ساتویں، گیارھویں، بارھویں، اس خانہ کی شکلیں بائیں انگ کی ہیں۔ ان شکلوں سے دیکھیں دائیں بائیں انگ کی بابت۔ اگر دائیں انگ کی طرف نیک شکلیں کم ہیں اور پاپ شکلیں زیادہ ہیں۔ تو پھل دائیں انگ کا بھی خراب ہوگا۔ اگر نیک زیادہ ہیں اور بد شکلیں کم ہیں۔ تو نیک پھل ہوگا۔ اگر ایک جیسی ہیں تو اچھا اور برا پھل یکساں ہوتا کہے گا۔ اس طرح سے بائیں انگ کی بابت دیکھنا چاہیئے۔ مگر آدمی کا دایاں انگ پھڑکنا اچھا پھل کہتا ہے اور عورت کا بایاں انگ پھڑکنے سے اچھا پھل دیتا ہے۔ اگر یہ دیکھنا ہے کہ اس کا پھل کس کس کی طرف سے خراب ہوگا۔ تو دائرہ شکلیں کے مطابق جس گھر کی شکل ہو۔ اس کی طرف سے خراب پھل ہوگا۔ جیسے تن، دھن، بھائی، ماتا، پتر، دشمن، عورت، موت، سفر، پتا، لابھ، خرچ اس طریقہ سے دیکھنا۔ اگر نیک شکلیں ہیں اور آدمی کا دایاں اور عورت کا بایاں انگ پھڑکتا ہے۔ تو دائرہ شکلیں کے مطابق جس جس خانہ کی شکل ہو۔ اس اس خانہ کے سمبندھی کی طرف سے شبھ ہوگا۔ اگر خانہ چھٹے، آٹھویں، بارھویں کی شکل ہے۔ تو اُلٹ پھل کہنا۔ نیک سے خراب اور خراب سے اچھا پھل کہنا۔

داخل سے زیادہ، خارج سے کم، منقلب یا ثابت سے یکساں پھل ہوگا۔

ضمیر سے سوال کا جواب دیکھنا

زائچہ بنا کر پہلے خانہ میں جو شکل ہو، وہ شکل جس جس گھر میں آئی ہو، اس اس خانہ کا سوال کہیں۔ جیسے ☶ یہ شکل خانہ اوّل میں آئی ہو۔ اور یہ ہی شکل ساتویں گھر کی شکل ہو تو ساتویں گھر کا سوال کہیں۔ اگر یہ شکل زائچہ میں نہیں آئی تو اس کے ہموزن ☲ سے کہیں۔ دشمن، تن آدمی سے گنتی کریں۔

دوسرا طریقہ: دائرہ سکین کے مطابق خانہ پہلے کی یہ شکل ☲ ہے اور یہ شکل جن جن گھروں میں آئی ہو، اس اس گھر کا پرشن کہیں۔ اگر یہ نہ آئی ہو تو اس کا ہموزن جو یہ شکل ☱ ہے، اگر زائچہ میں جس جس گھر میں آئی ہو، اس اس خانہ کا سوال کہیں۔ اگر دو یا تین یا چار بار آئی ہو تو پہلی شکل سے دوسری شکل گنتی میں آئی ہو، اس کا سوال کہیں۔ جیسے پہلی شکل ☲ یہ ہے اور خانہ تیسرے میں بھی یہی شکل ہے، پھر خانہ نو میں بھی ☲ یہی شکل ہے۔ تو پوچھنے والا بھائی کی عورت کی بابت پوچھتا ہے۔ اس طرح سے سب گھر دیکھنے چاہئیں۔

تیسرا طریقہ: پہلے زائچہ بنا، پھر ترچھی ضمیر نکال کر ایک شکل بنائی (ترچھی ضمیر پچھلے گزر چکے ہیں) جو وہ شکل بنے، وہ شکل جس جس گھر میں آئے، اس اس گھر کا سوال کہیں۔ اگر کوئی شکل نہ آئی ہو تو اس کے ہموزن شکل سے کہیں۔ جیسا ضمیر کی یہ شکل ☵ آئی ہے، پھر زائچہ کے خانہ چہارم میں پڑی ہے، تو اس سے یہ پتہ چلا کہ پوچھنے والا اپنی ماتا کے پتی کی بارے میں پوچھتا ہے، یعنی اپنے پتا کی بارے میں پوچھتا ہے۔ اس طرح سے ہر ایک کا پرشن اپنی عقل سے سوچ سمجھ کر دیں۔

چوتھا طریقہ: پہلے زائچہ بنا، پھر زائچہ کی پہلی شکل جو ہے، اس کو

آٹھویں شکل سے ملاپ کریں اور جو وہ شکل بنے اُس کے مطابق بھی سوال کا جواب کہنا رمٹی ایک مہرشی ایسا لکھ گئے ہیں۔ لیکن طریقہ پرشن کا اوپر لکھے کے مطابق دیکھنا چاہیئے۔ کام ہوگا یا نہیں دیکھ کر اُس کی میعاد نکالنا، جیسا کہ نیک شکل سے کام ہو جائے گا اور بد شکل سے کام بگڑ جائے گا۔ اور مبادا نیچے لکھے چکر کے مطابق کہنی چاہیئے۔

اب بارہ ۱۲ خانوں کی میعاد کا چکر لکھتے ہیں

خانے	۱۲	۱۱	۱۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
اُوپر بارہ ۱۲ خانے ہیں اور نیچے ان کی میعاد ہے												
اودھی	۳۶	۳۳	۳۰	۲۷	۲۴	۲۱	۱۸	۱۵	۱۲	۹	۶	۳

جیسے پہلی یہ شکل ☶ خانہ اوّل میں آئی ہے تو پہلے خانہ میں تین مہینہ اور یہ شکل دائرہ شکن کے مطابق خانہ ساتویں کی ہے تو سات کے نیچے ۲۱ ہے کل ملا کر ۲۴ بنے۔ پھر یہ شکل ☲ خانہ تیسرے میں آئی ہے، تو تین اور اُس میں تین کر دیں، کل ۶ بنے۔ پھر تین کے نیچے نویں ۹ لکھے ہیں۔ ۲۷ ہیں نویں ۹ اور جمع کر دیں تو ۳۶ بنے، کل یہ ۳۶ ہو گئے۔ تو اس کا پھل یہ ہوا کہ ۳۶ دن کے اندر بھائی کا ملاپ ہوگا، نیک شکل سے اگر یہ شکل ہوئی تو ۳۶ دن کے بعد ہوگا۔ تیسرا خانہ سفر کا بھی ہے، اور بھی کئی چیزیں اس میں دیکھی جاتی ہیں۔

اگر کوئی پوچھے کہ مجھے قید یا سخت بیماری کا روگ تو نہیں ہے؟

تو انگشت بتا کر یہ دیکھیں کہ خانہ دویا خانہ ۱۲ میں پانی گرہ کی شکل ہے یا خانہ تیسرا یا خانہ گیارہ میں پانی گرہ کی شکل ہے، یا خانہ چھ یا خانہ دس میں پانی گرہ کی

شکل ہو۔ یا خانہ پانچ یا خانہ نویں میں پانی گرہ کی شکل ہو، یا خانہ چھٹے یا خانہ آٹھویں میں پانی گرہ کی ہو تو اس یوگ سے قید کا یوگ ہوگا۔ یا پکڑا جائے لڑائی جھگڑا میں یا کوئی بیماری ہو جائے۔ جو چارپائی پر بندھن میں پڑ جائے، اس کو پاپ بندھن یوگ ہوتا ہے۔ اگر ان گھروں میں نیک شکلیں ہوں گی تو بشھ بندھن یوگ سے معمولی ڈر رہے گا۔ کچھ کم پھل کریں گے۔ نیک بندھن سے۔

اگر پاپ بندھن یوگ کی ایک بھی شکل سے نویں یا پانچویں خانہ میں یہ ☰ یا ☲ شکل ہو گی۔ تو پاپ بندھن ٹوٹ جائے گا۔ اس میں بارہ خانوں سے ہی کام لینا چاہیئے۔

اب نیا پرشگون کا ایک طریقہ رمل سے انتخاب کر کے لکھتے ہیں، جو کہ نقشہ مندرجہ ذیل ہے۔

نقشہ مندرجہ ذیل میں انگلی رکھ کر دیکھنا چاہیئے اور یا ایک دم سانس سے کر بھار یکبر کھینچی اس قدر جس سے نقطہ ہوں اور ان نقطہ کو دو کی ایک بکھر مان لینا اور جو ایک نقطہ بچ جائے تو اس کو کمجھا اور جو دیکھا قائم ہو جائیں ان کو یکبر مان لینا۔ ان سے زائچہ تیار کر لینا۔

زائچہ	نظارہ	تقدیر		دوسرا قاعدہ سانس یکبر نقطہ ڈالئے ایک سانس کے ساتھ چار دفعہ
۸ ☳	۱۱ ☲	۱۴ ☶	۱ ☰	۱ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ (۲۷)
۱۳ ☶	۳ ☲	۴ ☰	۲ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ (۲۴)	
۳ ☲	۱۰ ☵	۶ ☲	۳ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ (۲۱)	
۴ ☰	۱۶ ∴	☷	۴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ ∴ (۱۹)	

نقطوں کو ڈال کر پھر اُن کی گنتی کریں۔ پہلے نقطہ کی گنتی کی تو ۲ نقطہ آئے

اور شکلیں ۱۶ ہوتی ہیں، ۱۲ کو ۷ پر تقسیم کیا تو ایک باقی بچا تو وہ پہلی شکل آئی دائرہ شکن کے مطابق یعنی لحیان ☲ یہ شکل اب دوسرے نقطوں کی گنتی کی تو ۲۴ نقطے ہوئے، ان کو پھر ۱۶ پر تقسیم کیا تو باقی ۸ بچے تو آٹھویں شکل آئی۔ آٹھویں شکل دائرہ شکلین کے مطابق ☵ یہ ہے، پھر تیسرے نقطوں کی گنتی کی تو ۳۲ نکلے، ان کو بھی ۱۶ پر تقسیم تو باقی ۵ رہے۔ دائرہ شکلین کے مطابق پانچویں شکل ☶ یہ ہے اب چوتھی شکل اختیار کرنی ہے تو چوتھے خانہ کے نقطوں کی گنتی کی تو پتہ چلا کہ ۶۴ ہیں ان کو بھی اسی طرح تقسیم کیا، جس طرح ہم اوپر کرتے چلے آئے ہیں، ۶۴ کو ۱۶ پر تقسیم کیا تو باقی ۳ رہے، اور دائرہ شکلین کے مطابق تیسری شکل ہوئی ☲ یعنی کہ ☲ یہ شکل بنی، اب ان چار شکل کا زائچہ تیار کیا، پہلی شکل ☲ دوسری شکل ☲ تیسری شکل ☵ اور اب چوتھی شکل ☶ ان کا زائچہ تیار کیا۔



یہ زائچہ بنا

اب اور سولہ شکلوں کا حال لکھتے ہیں

۱۔ شکل لحیان ☲ یہ شکل بہت نیک ہے، سفر کرنے سے دولت ملے، جو ارادہ دل میں رکھے وہ پورا ہو۔ اور بہتری کا سامنا ہو۔ اگر کوئی لڑکا گم ہو گیا ہو تو دیر و اور کو اس کا پتہ ملے۔ لڑکا جو سردار، امیر لوگ پورب کی طرف رہتے ہیں ان سے فائدہ ہو۔ اور شیوجی مہاراج کا منتر کرے

بارہ ہزار جپ کرے تو ہر ایک کی تمنا پوری ہو، ۴۰ دن کے بعد ٹھیک ہو جائے گا۔

منتر:-

۲۔ شکل قبض الداخل ⟸ یہ شکل اوتم ہے۔ جو تجویزوں میں سوچتا ہے، اس کی برآتی ہے۔ کام اس کا سدھ ہوگا اور جو نیا مال لے گا اس میں فائدہ ہو۔ سفر یورپ کا اچھا ہے مگر رُک کر ہوگا۔ جانوروں سے فائدہ ہوگا۔ اور جو سوداگری کرے اس میں بھی فائدہ ہو۔

۳۔ شکل ⟸ قبض الخارج۔ یہ شکل مدھم ہے۔ جو دل میں بچار کرے اچھا نہیں ہوگا۔ دشمن سے خواہ چور سے، خواہ سانپ سے ڈر کے خبردار رہنا چاہیئے۔ اور جو تجویز کرتے ہو۔ اس سے فائدہ نہیں ہوگا۔ سفر کے ارادے سے فائدہ نہ ہو۔ اس کو صبر رکھنا چاہیئے۔ اور پرمیشور کا پوجن کرنا چاہیئے۔ جو خراب دن ہیں وہ دور ہو جائیں گے۔ اور ہاتھ سے کچھ دان بھی کرے۔ ۴۰ دن کے بعد کام ٹھیک ہو جائے گا۔

منتر:-

۴۔ ⟸ شکل جماعت یہ شکل کم ہے مگر بعض کاموں کو اچھا کرتی ہے اور بعض کو بُرا کرتی ہے۔ اور جو کام اپنے ہاتھ سے نکل جائے گا تو پھر مل جائے گا اور جو کوئی قید ہو گیا ہو تو وہ بہت جلد قید سے باہر نہیں آئے گا اور جو چیز کھو گئی ہو وہ نہیں ملے گی۔ ایک ماہ کے بعد آپ کی منشا پوری ہوگی۔

منتر:-

۵۔ شکل نرمح۔ یہ شکل اچھی ہے۔ جو کام دل میں رکھی ہو۔ وہ

وہ پوری ہوگی، بھگوان کی کرپا سے جلدی پورن ہو جائے گی اور اچھی خبر آپ تک پہنچے گی۔ مکان خواہ اچھی چیز، جو کام کرو گے۔ اس میں فائدہ ہوگا۔ دوستوں اور عورتوں سے ملاقات اچھی رہے گی۔ سکہ دار کاون کام کرنے میں اچھا ہے۔

منتشر

۶۔ شکل عقلہ یہ شکل مدھم ہے۔ بیمار اور کمزور اگر یُن کر دے تو اچھا ہو جائے گا اور اس کا جانور چوری ہو گیا ہو۔ خواہ گم ہو گیا ہو تو اس کو واپس مل جائے گا۔ بھاگا ہوا آدمی دیر سے آئے اور اچھی طرح سے آئے۔ چھ دن میں اس کا حال معلوم ہو گا اور ۲½ دن میں اس کی مراد پوری ہو جائے گی، مگر دشمن سے بچنا اور دان پُن ہاتھ سے کرنا چاہیئے۔

منتشر

۷۔ یہ شکل ≡ انکیس کی شکل ہے۔ پرشن کرنے والا اگر بیمار ہو۔ تو مرے اور قیدی بہت دنوں تک قیام کرے، مگر شادی کے بعد اچھا ہو جائے۔ مال، دھن پیدا ہو اور سفر ہو۔ اور جو کوئی چیز گم ہو گئی ہو وہ مل جائے۔ سیچر کے روز حال معلوم ہوگا۔ سفر کرنا اچھا نہیں ہے۔ اور رات کو گلی بازار میں پھرنا اچھا نہیں ہے۔ اگر سوال گمشدہ آدمی کا ہے تو وہ تکلیف میں ہے۔ چھ پاؤں کے ہاں ہے۔ کوئی چیز گم ہوئی ہو تو اتر کی طرف تلاش کرنے سے ۲۰ دن میں مل جائے گی۔

منتشر

۸۔ شکل ≡ حمرہ۔ یہ شکل مدھم ہے۔ لڑائی، جھگڑے میں مار پیٹ دشمن اچھی پڑے گی۔ دشمن کا خوف ہو یا گم شدہ نہیں ملے اور باپ کا

مال کھو گیا ہو۔ وہ نہ ملے، ۱۵ دن کشٹ کی ہے دور ہو جائے گا۔

۹۔ شکل ☶ بیاض :۔ شکل اوتم ہے، جس مقام سے تم کو اُمید ہے، وہاں سے اچھی چیز یا خط آئے گا، سب کام ہو گا، سفر سے فائدہ ہو گا۔ جو فکر ہے وہ دُور ہو جائے گا، دعویٰ کرنا اچھا ہے، لین دین میں فائدہ گم گشدہ چیز مل جائے گی۔ سفر سے جلد آئے۔ شُبہ دار کے دن دس دن میں مراد پوری ہو گی۔

۱۰۔ شکل ☵ نصرۃ الخارج :۔ شکل اوتم ہے، سفر کرنا، تیرا کام پورا ہو گا، شادی کرنے پر اگر سوال گربھ دانی کا ہے تو لڑکا پیدا ہو گا۔ بیمار اچھا ہو جائیگا گم ہوا، خوشی سے آدمی سب مہورت کرے گا، اور حاکم سے خواہ بڑے آدمی سے فائدہ ہو گا۔ بیوپار میں خواہ سفر میں فائدہ ہو گا۔ اگر کوئی شکل ہو تو عبادت، پوجا کرنی چاہیئے، دُکھ دور ہو جائے گی۔

۱۱۔ شکل ☲ نصرۃ الداخل، یہ شکل اچھی ہے۔ خرید و فروخت، بیوپار یا سفر میں فائدہ ہو گا اور جو کاننا ہو وہ پوری ہو گی۔ دوست کی خبر یا خط آوے گا۔ پورانے دوست سے ملاقات ہو گی۔ اور سب کشٹ دُور ہوں گے۔

۱۲۔ ☱ یہ شکل قبضۃ الخارج کی ہے اور اچھی ہے۔ مگر بعض کاموں کو اچھا کرے، جانور فروخت کرنا، دشمن بھی ڈر سے دور بھاگ جائیں۔ مگر کوئی نہ کوئی دشمن ضرور پیدا ہوتا رہے۔ دکن کی طرف سے فائدہ ہو گا۔

۱۳۔ ☷ یہ شکل نقی کی ہے۔ یہ شکل مدھم ہے، مگر کوئی بات میں اچھا ہو

اگر قید ہو گا تو رہا ہو جائے گا۔ بیمار ہو تو اچھا ہو جائے گا۔ اگر کوئی راستہ بھولا ہوا ہو تو خوشی سے گھر آ دے گا۔ راجہ کی طرف سے دولت کو پراپت ہو۔ لڑائی میں فتح حاصل ہو گی۔

۱۴۔ ☶ یہ شکل قبضۃ الداخل کی ہے۔ یہ شکل بہت اُتم ہے۔ جس کام کی کا ننا دل میں ہو گی وہ پوری ہو گی، گربھ والی عورت کو تکلیف ہو گی مگر بعد میں اچھی ہو گی۔ گم ہوئے راہی یا چیز کا پتہ چلے، چھوٹی عمر میں شادی کرنا شبھ ہے۔ مال اُس کی تقدیر میں ہے۔

۱۵۔ ☷ یہ شکل اجتماع کی ہے۔ یہ کئی کاموں کو اچھا کرتی ہے جس کی امید بھی نہ ہو اور بعض کو بڑا فکر، جو کا ننا بچا رہتا وہ دیر سے ہو گی۔ بیوپار میں فائدہ ہو گا۔ شادی کرنا اچھا ہے۔ گم شدہ آدمی دیر سے آئے گا۔ بادشاہ کی طرف سے یا حاکم کی طرف سے مال ملے گا۔ ایک راہ میں مراد پوری ہو گی۔

۱۶۔ طریق ☳ یہ شکل نہایت درجہ اچھی ہے اور ہر کام کو اچھا کرتی ہے۔ جو مراد ہو گئے وہ پوری ہو گی، دوستوں میں اور ہر ایک کام میں اچھا ہو گا۔ دوسروں کے کام آنے والا ہو گا۔ سب کام سدھ ہوں گے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں بھوکا ہوں یا کچھ کھا کر آیا ہوں؟

تو زائچہ بنا کر دیکھو۔ اگر خانہ ۱۲ میں شکل داخل ہو گی تو کھا کر آیا ہے۔ اگر خانہ ۶ میں داخل ہو تو پیٹ بھر کر کھایا ہے۔ اگر منقلب ہو تو بباعث گرانی شکم کے نہیں کھایا۔ خانہ ۲ کی شکل جتنی جگہ گھر آئی ہو اتنے کھانے کھائے ہیں۔ اگر ☲ شکل خانہ اوّل میں ہو۔ تو یا سائل نے اوّل غسل کیا یا کھانے سے پیشتر پانی پیا ہے۔ اگر خانہ ۲-۶ کی شکل خارج ہو تو بھوکا ہے۔ اگر شکل خانہ دو میں یا خانہ ۸ میں تکرار کرے تو کھانا عمدہ کھایا ہے۔ اگر خانہ ۲ کی شکل خانہ سات

میں تکرار کرے تو دوسرے گھر سے آیا ہوا کھانا کھایا ہے یا اپنے گھر کا نہیں کھایا۔ اگر خانہ ۶ یا ۹ میں تکرار کرے تو شب ماندہ یعنی باسی غذا کھائی ہے۔ اگر خانہ ۴ میں تکرار کرے تو اپنے گھر میں کھایا ہے۔ اگر خانہ اوّل میں یہ ⋮ شکل یا ⋮ یہ شکل ہو گی اور کسی نیک خانہ میں تکرار کرے تو طعام دعوت یا شادی کا کھانا کھایا ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ فلاں آدمی میرا شاگرد یا مرید بنتا ہے کیسا ہے

تو زائچہ بنا کر دیکھا کر خانہ اوّل میں شکل سعد خارج اور خانہ ۱۲ میں سعد داخل ہو تو مرید یا شاگرد کو تم سے نفع ہو گا۔ اگر خانہ اوّل میں سعد داخل اور ۱۲ میں سعد خارج ہو تو مرید یا شاگرد سے تم کو فائدہ ہو گا۔ اگر خانہ ۱۲ میں یہ شکل ⋮ ہو گی تو مرید دلگیر و متکبر و سرکش ہو جائے گا۔ اگر خانہ ۱۲ میں یہ ⋮ شکل یا یہ ⋮ شکل ہو گی تو وہ شاگرد یا مرید تمہارے حکم کی نافرمانی کریں۔ اگر خانہ ۱۲ میں ☰ یہ شکل یا ☰ شکل ہو گی تو جوہر باز دغا باز ہو گا۔ اگر یہ شکل ☰ یا یہ ☰ ہو تو گستاخ و فتنہ انگیز و جنگجو ہو گا۔ اگر یہ ☰ شکل یا یہ ☰ ہو تو عاقل اور خدمت گزار ہو گا۔ اگر یہ شکل ⋮ یا ⋮ یہ شکل ہو گی تو مسخرہ اور شائق راگ اور عشق باز بھی ہو گا۔ اگر ⋮ شکل یا یہ ☰ ہو گی تو صاحب عزت و حیادار ہو گا۔

آپ اور سوالات مشترکہ لکھتے ہیں!

کیا میں امتحان میں پاس ہو جاؤں گا یا نہیں؟

زائچہ ہذا میں نقطۂ ضمیر کو چھوڑ دیا۔ نقطہ حکم آب قبض الخارج کو سپردی خانہ ششم عقبۃ الخارج میں ملی ہوا۔ وہاں سے سیر کر کے خانہ ہشتم تک گیا۔

بسبب موافقت مرکز اور شکل میزانی اعتبار شکل خانہ ہفتم یعنی ساتویں کا کیا یہ پچھ بخانہ ہفتم یا دہم مرکز خانوں میں قوی ہے اور مطلوب اس کا اب نقی بخانہ چہارم مرکز دوست میں قوی ہے، اور تاہم دونوں جگہ سے یہی دلیل قوی ہے نقطہ سوم آب عقبۃ الداخل ہے، یہ بخانہ سوم و ہشتم مرکز دوست اور خاص میں زبردست ہے اور بخانہ چہار دہم مرکز سالم ہے اور مطلوب اس کا اب طریق معدوم رمل ہے۔ دلیل جزوی قوت ہے۔ نقطہ قسم خاک ہے، یہ بخانہ دوم مرکز ضد لیل ہے اور بخانہ ہائے پنجم و یازدہم مرکز سالم میں ہے اور مطلوب اس کا خاک بخانہ ہائے ہفتم و یازدہم مرکز دوست میں قوی ہے۔ اور ناظر و غیر ناظر ہے پس حکم ہوا کہ سائل امتحان میں نہیں ہوگا۔ کسی پرچہ میں ناکام رہے گا۔ کیونکہ قاعدہ نوتن رمل کا ہے اگر یہ ہر سہ نکات مذکورہ صدر زبردست ہوں تو سائل پاس ہو جائے گا۔ جو کمزور ہوگا تو فیل۔ اگر اختلاف ہو کسی میں ناکامیاب رہے گا۔ اس کا وچار خانہ پانچ سے کریں۔

اگر کوئی پوچھے کہ فلاں شخص نے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔ وہ پورا کرے گا یا نہیں؟

نقطہ قسم کو چھوڑ دیا۔ نقطہ حکم باہ کوبسیروی، خانہ پانچ آتش عقبۃ الخارج میں مفتی ہوا۔ نقطہ پانچ اس کا باد طریق ہے۔ یہ در پردہ بخانہ دوم و دہم مرکز خاص میں زبردست ہے اور مطلوب باد حمرہ بخانہ سوم و پنجم در پردہ مراکز سالم و دوست میں قوی ہے، اور بخانہ ہشتم مرکز ضد میں کمزور ہے، اور ناظر ہے دلیل قوت ہے نقطہ یازدہم اب ♒ ہے، یہ بخانہ ہائے ہفتم و دوازدہم و یازدہم در پردہ مرکز خاص میں زبردست ہے۔ اور مطلوب اس کا بخانہ دوم مرکز سالم اور بخانہ سیزدہم مرکز ضد میں ہے اور ناظر و غیر ناظر ہے۔ دلیل جزوی قوت ہے پس حکم ہوا

کر سائل سے وعدہ جو کیا ہے وہ ٹال مٹول کے ساتھ کرے گا۔ کیونکہ قاعدہ نوتن کا ہے۔ کہ جو یہ دو نقاط قوت لکھتے ہوں، وعدہ آسانی سے پورا کرے گا۔ اگر برخلاف حکم برعکس اختلاف میں حکم ہوتا ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ ملزم کو سخت سزا ہوگی یا نرم۔ اگر ہوگی تو کس قسم کی ہوگی؟

توزائچہ تیار کیا۔ نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا، نقطہ حکم باد ∴ کو سپردی، خانہ چہارم ∴ میں ہوا۔ وہاں سے گزر کر خانہ ششم تک گیا۔ شکل ∴ موجودہ خانہ پنجم مکرر شکل میزان ہے اور موافق مرکز ہے۔ لہٰذا اسی کا اعتبار کیا۔ یہ بخانہ دوم مرکز خاص میں زبردست ہے اور مطلوب اس کا باد ∴ بخانہ دہم مرکز خاص میں زبردست ہے اور ناظر و غیر ناظر ہے۔ دلیل قوت ہے۔ نقطہ دہم اس کا اب قبض الخارج ہے۔ یہ بخانہ ہفتم دوازدہم مراکز درست و خاص میں زبردست ہے اور مطلوب اس کا آبی، اجتماع مرکز سالم ہے اور ہر دو جگہ سے ناظر ہے، دلیل قوت ہے، نقطہ چہاردہم آب ∴ ہے، یہ بخانہ چہاردہم مرکز سالم میں ہے اور مطلوب اس کا آب ∴ معدوم رمل ہے۔ دلیل کمزوری ہے، پس حکم ہوا کہ ملزم کو بہت خفیف سزا ہوگی۔ قاعدہ نوتن میں ایسا لکھا ہے، اگر نقاط صدر زبردست ہوں ملزم کو سزا نہ ہوئے۔ اور جو کمزور ہوں اور تکرار اپنے بیوت چہارم، دہشتم میں کریں۔ تو سخت سزا ہوگی اور اختلاف ہو تو خفیف ہوئے۔ موافق جرم کے نہ ہوئے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میرے داماد کی کیسی کیفیت و حالات ہیں کس قسم کا ہے؟

توزائچہ تیار کیا۔ نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا۔ نقطہ حکم خاک ∴ کو سپردی۔ خانہ پنجم

÷ میں مفتی ہوا۔ وہاں سے خانہ چہار ÷ میں پہنچا۔ بوجہ موافق مرکز اسی کا اعتبار کیا۔ نقطہ یازدہم اس کا آتش ÷ بخانہ دوم مرکز دوست میں قوی ہے اور جگہ جگہ سے تابمر ہے۔ دلیل قوت ہے۔ پس حکم ہوا کہ سائل کو داماد سے کسی قسم زحمت اور رنج پیش نظر نہیں آئے گا۔ اور بخوشی و خرمی خاطر حاصل ہوگا۔ یہ ممکہ قاعدہ نوتن میں ایسا لکھا ہوا ہے۔ کہ نقطہ یازدہم قوی ہو تو داماد سے فائدہ اور خوشی حاصل رہے اور جو کھڑا ہوئے حکم برخلاف جانو۔

اگر کوئی پوچھے کہ فلانی عورت نے کتنے شوہر کئے ہیں اور آئندہ کتنے کرے گی؟

تو زائچہ تیار کیا، نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا۔ نقطہ حکم آب ÷ کو میزونی خانہ آب میں مفتی ہوا۔ نقطہ ہفتم اس کا آب اجتماع ÷ اس کا مطلوب خاص آب ÷ ہے۔ یہ بظاہر بخانہ چہارم لی جائے اور باطن بخانہ سوم و یازدہم دو جگہ مکرر ہے۔ پس زمانہ ماضی میں اس عورت نے تین شوہر منجملہ ان کے ایک ظاہر اور دو در باطن کئے تھے۔ اور مطلوب مستقبل اس کا ÷ ہے۔ یہ دو جگہ بظاہر بخانہ پنجم و شانزدہم و یکجا در باطن بخانہ ہفتم کور رمل ہے اور قوی ہے۔ پس حکم ہوا کہ تین شوہر منجملہ ان کے ایک باطن اور دو ظاہر یہ عورت کرے گی۔ یہ قاعدہ نوتن رمل کا ہے۔

اگر کوئی پوچھے کہ شاہد راست گواہی دیوے گا یا کہ نہیں؟

تو زائچہ بنا کر نقطہ ضمیر کو چھوڑ دیا نقطہ حکم خاک ÷ کو میزونی خانہ ششم ÷ میں پہنچا۔ وہاں سے طول کر کے خانہ ہشتم تک گیا بسبب موافقت مراکز و شکل میزان، عقلہ کا اعتبار کیا۔ جو کہ خانہ ہشتم میں ہے اور بخانہ ہشتم و یازدہم مرکز موافق و مصادق میں ہے، اور بخانہ چہاردہم

مرکز مخالف میں رہے۔ مطلوب اس کا خاک ☶ بجانہ ہفتم و یازدہم مرکز دا
مصادق میں قوی ہے اور تاثیر ہے۔ دلیل قوت ہے۔ نقطہ ہفتم اس کا خاک
☷ ہے یہ بجانہ ششم مرکز ضد میں ہے اور مطلوب اس کا خاک ☷ معدوم
رمل ہے۔ دلیل کمزوری ہے۔ نقطہ یازدہم آتش ☲ ہے۔ یہ بجانہ پنجم مرکز
خاص میں زیر دست ہے اور مطلوب اس کا آتش ☲ در پردہ بجانہ دہم
مرکز درست میں زیر دست ہے۔ اور ناظر ہے اور دلیل قوت ہے۔ پس
حکم ہوا کہ شاہد است و درست گواہی دے گا۔ اور حسب دل خواہ
تو دیوے گا۔ کیونکہ ایک نقطہ محض کمزور ہے اور اسی طرح کا قاعدہ
رمل فوقی میں لکھا ہوا ہے کہ یہ ہر سہ نقاط قوی ہوں۔ حسب دل خواہ
و درست گواہی دیوے گا۔ برخلاف حکم برعکس اور جو اختلاف ہوئے
حکم اس کا کرے گا۔

اگر کوئی پوچھے میں اپنے طالب کو پاؤں گا یا نہیں
کیا طالب و مطلوب میں اتحاد و محبت رہے گی یا نہیں؟

تو انچہ بنا کر دیکھا اور نقاط ضمیر کو چھوڑ دیا نقطہ خاک آب ☵
کو برجری۔ خانہ ☵ دوم میں مفتی ہوا۔ اسی کا اعتبار کیا۔ خانہ میزان سے
حکم کیا۔ یہ بجانہ سیزدہم مرکز ضد میں ہے اور بجانہ پانزدہم مرکز موافق میں ہے
اور مطلوب اس کا آب بجانہ چہاردہم مرکز دوست میں در پردہ قوی ہے اور
ناظر و غیر ناظر ہے۔ دلیل قوت ہے اور نقطہ ہفتم اس کا آب ☵ ہے۔ یہ
معدوم رمل ہے اور مطلوب اس کا آب قبض الخارج بجانہ نہم مرکز ضد میں
ہے۔ دلیل ضعف کلی ہے۔ بس حکم ہوا کہ سائل اپنے طالب کو ہرگز نہیں
پاوے گا۔ کیونکہ نقطہ محض کمزور ہے۔ دوسرا دیکھنا کہ پریم ہوگا یا کہ

نہیں، نقطہ مفتم محض کمزور ہے، اس کے مطلوب کی تکرار خانہ نہم میں ہے۔ یہ کسی قدر سعادت ہے، پس حکم ہوا کہ طالب و مطلوب میں اتحاد نہیں رہیگا کیونکہ نقطہ محض کمزور ہے۔ کیونکہ اس کے مطلوب کی تکرار خانہ نہم میں ہے، لہٰذا کچھ ظاہری شناسائی رہے گی، اور مطلوب، اس کا مکرر بیوت سوم، پنجم، نہم و یازدہم ہو۔ وسیل اتحاد و محبت کا طالب و مطلوب میں ہے۔ برخلاف حکم برعکس

اگر کوئی پوچھے کہ میری لڑکیاں ہیں۔ اُن کو اچھا ور ملے گا یا کہ بد؟

تو زائچہ ڈالا اور نقطۂ مشیر کو چھوڑ دیا، نقطہ حکم باد ☌ کو سیر دی۔ خانہ ہشتم باد ☌ میں ہوا۔ اس کا اعتبار کیا۔ حالانکہ نقطہ نے سر طولی کی اور خانہ ہشتم تک گیا۔ نقطہ پانچ اس کا باد ہے ☍ یہ بخانہ دوم مرکز موافق اور بخانہ شانزدہم مرکز ضد میں واقع ہے اور مطلوب اس کا باد ☍ معدوم رمل ہے یہ نقطہ متعلق دختر اوّل ہے، پس حکم ہوا کہ کا بخیر نکاح دختر اوّل میں کمال تردّد و تشویش پیش آئے گی، اور بمشکل تمام کام انجام پائے۔ نقطہ ششم باد ☍ ہے۔ یہ معدوم رمل ہے اور مطلوب اس کا باد ☌ بھی معدوم رمل ہے۔ یہ متعلق دختر دوم ہے۔ پس حکم ہوا کہ اس کے نکاح میں بھی سختی اہتمام کا سائل کو مقابلہ ہو اور کمال تفکر و تردد میں مبتلا ہو۔ و بمشکل وقت انجام کار ہو۔ علیٰ ہذا موافق ذوالقط گرفت کرتے جائیں اور لڑکیوں سے نسبت دیتے جائیں۔ جو کوئی ہوئے۔ اس میں آسانی اور دوستی پیش آئے اور جو ضعیف ہو۔ اس میں سختی و تردد وغیرہ بھی کرتے جائیں۔

اگر کوئی پوچھے کہ میں نے خواب میں کیا دیکھا ہے؟ تو زائچہ

اور دیکھے کہ خانہ نو میں کونسی شکل ہے۔ پس اگر خانہ نو میں یہ شکل ☰ ہوگی تو علماء دانشمند یا آگ جلتی ہوئی دیکھی ہوگی۔ اگر یہ شکل ☲ ہوگی تو سلاطین یا دارالعرب اور صراف وغیرہ کو دیکھا ہوگا۔ اگر یہ شکل ☳ ہوگی تو شکستہ ویرانہ و کوہستان وغیرہ دیکھا ہے، اگر یہ شکل ☴ تو ہاتھی، مصور یا شطرنج یا سرائے وغیرہ دیکھی ہوں گی۔ اگر یہ ☵ ہوگی تو کسی زہرہ جبین یا راگ و رنگ و آب روان و سبزہ زار دیکھا ہوگا۔ اگر یہ شکل ☶ ہوگی خانہ نو میں تو تنگ یا گورستان اور چوہے، گدھے اور پہاڑ دیکھے ہونگے۔ اگر یہ ☷ شکل ہوگی۔ تو خواب ہولناک اور چاہ تنگ و تاریک دیکھا ہوگا۔ اگر یہ شکل ☱ ہوگی تو خواب میں آشفتہ اور آتش کدہ یا شیر یا گرگ یا قصاب وغیرہ کو دیکھا ہوگا۔ اگر یہ شکل ☰ خانہ نو میں ہوگی۔ تو باغ و آب روان و بزرگان دین کی سیر کی ہوگی۔ اگر یہ شکل ☲ ہوگی۔ تو حاکم وقت کو یا گھوڑے کی سواری وغیرہ وغیرہ، اگر یہ ☳ شکل ہوگی تو باغ و جائے سبزک و کسی مرد بزرگ کی ملاقات ہوئی ہوگی۔ اگر یہ شکل ☴ خانہ نو میں پڑی ہوگی تو درخت خشک یا کوئی ڈراؤنی صورت یا گورکن کو خواب میں دیکھا ہوگا۔ اگر خانہ نو میں ☵ یہ شکل ہوگی۔ تو ناقص دیکھا ہوگا خواب کو۔ اگر خانہ نو میں یہ ☶ ہوگی۔ تو خواب میں مسخرہ کو یا کسی دل ربا کو دیکھا ہے۔ اگر خانہ نو میں ☷ یہ ہوگی تو شتر سواری یا اسپ سواری کی ہوگی۔ اور خواب عمدہ دیکھا ہوگا۔ اگر خانہ نو میں یہ ☱ شکل ہوگی تو سفید رنگ کی چیزیں یا دریا۔ پانی، کشتی یا حوض دیکھنے میں آئے ہوں گے۔

اگر کوئی پوچھے کہ میرے بدن میں درد ہے یا خال کسی جگہ پر ہے؟

تو زائچہ بنا کر دیکھا خانہ سات کی شکل کو اور جو وہ کسی خانہ میں مکرر نہ کرے تو زخم سر پر ہے۔ اگر خانہ اول میں تکرار کرے تو جگر پر ہے۔ اگر خانہ دو پر تکرار کرے۔ تو ران پر زخم ہوتا ہے۔ اگر خانہ تین پر تکرار کرے تو چہرہ

پر ہے۔ اگر خانہ چار میں ٹکرار کرے۔ تو پنڈلی پر۔ اگر خانہ پانچ میں ہو۔ تو ٹخنہ پر زخم ہوگا۔ اگر خانہ چھ میں ٹکرار کرے تو دل کا زخم ہوتا ہے۔ اگر خانہ سات میں ٹکرار کرے تو ماتھے پر زخم ہوگا۔ اگر خانہ آٹھ میں ہو تو گردن پر زخم ہوگا۔ اگر خانہ نو میں ٹکرار کرے تو کندھوں پر زخم ہوگا۔ اگر خانہ دس میں ٹکرار کرے تو سینہ میں زخم ہوگا۔ اگر خانہ گیارہ میں ٹکرار کرے تو پہلو میں۔ اگر خانہ بارہ میں ٹکرار کرے تو ناف یا تکمہ پر زخم کا نشان ہوتا ہے۔ اگر یہ دیکھنا ہو کہ حال کس عضو پر ہے تو شکل خانہ چھ کے ٹکرار سے بطریق مذکورہ الصدر سے دیکھنا چاہیئے۔ پہلا خانہ سر، دوسرا خانہ منہ، تیسرا خانہ چھاتی، چوتھا خانہ ہردو پانچواں خانہ پیٹ، چھٹا خانہ کمر، ساتواں خانہ پہلی کے نیچے۔ آٹھواں خانہ رنگ۔ نواں خانہ پیٹ، دسواں خانہ پنڈلی۔ یعنی گوٹھے۔ گیارھواں خانہ پنڈلیاں یعنی گوٹھوں سے نچلا حصہ، بارھواں خانہ پاؤں۔ جس خانہ میں شکل پاپی گرہ کی ہوگی یعنی بدگرہ کی ہوگی تو اس شکل کے سامنے بھی خراب شکل ہوگی۔ تو اس جگہ پر نشان ہوگا۔ اگر اس کے سامنے نیک شکل ہوگی۔ تو زخم کا نشان اس میں معمولی سا ہوگا۔ اگر اس شکل کے سامنے نہیں۔ پانچوں نیک گرہ کی شکل ہوگی تو نشان بالکل ہی نہیں ہوگا۔ اگر پاپی گرہ کی شکل ہوگی۔ تو نشان نہیں جائے گا۔ لیکن سنیچر، راہو، منگل کی شکل سے ایراشن یعنی کراس کا نشان ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ مجھے انعام یا خلعت ملے گی تو کس قسم کی ہوگی؟

تو زائچہ بنا کر دیکھا۔ اگر خانہ ۲ یا ۱۱ میں سعد و اعلیٰ شکلیں ہوں گی تو سائل کو خلعت ملے گی۔ اگر نحس خارج ہوگی تو اس کو نہیں ملے گی۔ اگر منقلب

سعد داخل ہو تو کچھ ملے گی، اگر سعد ثابت ہوں تو توقف سے ملے گی، اگر زائچہ سے معلوم ہو کہ سائل کو خلعت ملے گی، تو بعد ازاں خانہ پانچ کو دیکھیں۔ اگر اس خانہ میں یہ شکلیں ☵، ☶، ☵ ہونگی تو خلعت قیمتی ہوگی۔ اگر بد شکلیں ☳ ☶ ہوں گی تو خلعت پرانی اور کم قیمت والی ہوگی، اگر یہ شکلیں ہونگی ☲، ☵ تو پارچہ کمزور، پھٹا ہوا ملے گا اور پرانا ملے گا، اگر خانہ پانچ میں اس طرح کی شکلیں ☳، ☲، ☶ ہوں گی۔ تو پارچہ ریشمی یا پشمینہ کا ہوگا، اور اس کی قیمت بھی کافی ہوگی، اگر یہ ☵ شکل ہوگی۔ تو پارچہ کرم خوردہ خراب ملے گی۔ اگر یہ شکلیں خانہ پانچ میں ☵، ☲ ☳ ہوں گی۔ تو پارچہ بہ رنگ سفید عمدہ ملے گی، اگر یہ شکل ہوئی تو خلعت تو عمدہ زری دار ہوگی، اگر یہ شکل ہوگی۔ تو ئی قسم کی چیزیں جو کہ قیمت دار ہوں گی۔ ملے گی،

اگر کوئی پوچھے کہ میں کونسا کام کروں جس سے مجھے فائدہ ہوگا؟

تو زائچہ تیار کیا اور زائچہ تیار کیا تو زائچہ کی پہلی شکل کو دس کی شکل پر جمع کرو اور وہ جو شکل بنے، اس کی تکرار وقت کو دیکھو اگر یہ ☲ ہو تو معلمی اور کام علوم۔ اگر یہ شکل آئے ☱ تو تجارت۔ خرید و فروخت سے لابھ ہوگا۔ یا دلالی صرافی وغیرہ کے کام سے۔ اگر یہ ☳ آئے۔ تو شاگردی۔ دکانداری یا امور غیر شرعی کے کام میں جس کو فائدہ ہوگا، اگر یہ شکل ☰ آئے گی۔ تو طبابت۔ رمل و نقاشی، حساب دانی یا دکانداری سے لابھ ہوگا۔ اگر یہ شکل ☶ آئے تو شراب فروشی، حلوائی کی دکان یا نشہ والی چیز یا علم موسیقی میں فائدہ ہوگا، اگر یہ ☴ شکل آئے۔ تو داروغگی یا کار کارہ عمارت یا معمار و گورکنی یا آہنگری یا نوکری میں فائدہ ہوگا، اگر یہ

شکل ☰ آئی ہوگی، تو اس کو باورچی خانہ یا قانونگوئی یا زمینداری یا بنگ فروشی سے فائدہ ہوگا، اگر یہ شکل آئے ☳ گی اس کو جمعداری، سپاہ گری و قصابی و آہنگری سے فائدہ ہوگا۔ اگر یہ شکل ☲ ہوگی۔ تو وہ آدمی صابن فروشی و پارچہ فروشی یا باغبانی یا کاغذ فروشی یا قاصدی کے کام سے فائدہ اٹھائے گا اگر یہ شکل ☶ ہوگی تو ملازمت یا جواہری و زرگری سے فائدہ ہوگا۔ اگر یہ شکل ☵ ہوگی تو وزارت یا وکالت یا ڈاکٹری وغیرہ کے کام سے لابھ ہوگا۔ اگر یہ ☴ شکل ہوگی۔ تو وارد غلہ جیلخانہ یا قماربازی و سوزن گری و آتش کے کام سے لابھ ہوگا۔ اگر یہ ☷ شکل ہوگی۔ تو ملازمت توپ خانہ یا چابک کی سواری، یا تیر گری و شمشیر گری یا شراب پینے سے اس کو لابھ ہوگا۔ اور اپنا بدلا بھی لے گا۔ اگر یہ شکل ☱ ہوگی۔ تو اس آدمی کو فائدہ ابریشم فروشی یا چوب فروشی سے ہوگا۔ اگر یہ ☳ شکل ہوگی تو شاعری یا کتب فروشی یا کتابت و علمی و مصوری سے لابھ ہوگا۔ اگر یہ ☰ شکل ہوگی۔ تو میل ایجنسی یا پوسٹماسٹری یا چٹھی رسانی سے فائدہ ہوگا۔ بشرطیکہ حاصل شدہ شکل خانہ نمبر میں خارج ہو تو اس کام سے پرہیز کرے تو نقصان ہوگا۔ اگر خانہ ۲، ۱۰، یا ۱۱ میں شکلیں داخل سعد ہوں گی اور حاصل شدہ شکل کسی خانہ میں موجود نہ ہو، تو بھی اس کام میں فائدہ ہوگا۔

اگر کوئی پوچھے کہ کونسا دن مبارک ہے کسی بھی کام کے کرنے کے لئے؟

تو زائچہ تیار کیا اور اس نے کہا کہ کونسا دن مبارک ہے، تو چاہیئے کہ اعداد نام سائل مع اعداد اس یوم کے جس میں سوال کیا گیا ہے۔ بحساب ابجد نکال کر جمع کر کے مجموعہ کو آٹھ پر تقسیم کیا۔ اگر باقی ایک بچا تو اتوار، اگر ۲ بچے تو سوم وار، ۳ بچے تو منگل وار، اگر چار بچے تو بدھ وار، اگر پانچ بچے تو دیرشنبہ

اگر چھ بچے تو شکر دار، اگر سات بچے تو سیر دار ہوگا۔ جو بھی باقی رہے اُس دن کا کام کرنا مبارک ہوگا اور نقصان نہ ہوگا۔ اگر آٹھ رہیں گے تو اس کام کے کرنے میں توقف کرو۔ ورنہ لاعلمی کا نقصان کر ڈالو گے

اگر کوئی پوچھے میری موت کا سبب کیا ہوگا؟

تو زائچہ بنا کر دیکھو۔ خانہ آٹھ میں کونسی شکل ہے اور وہ شکل کون کون سے خانہ میں پڑی ہے۔ پس خانہ اول میں اگر پڑے تو باعث نقص خون ہو کر سانس مرے گا۔ اگر خانہ دوم میں پڑے تو باعث مال و مددگار کے سبب تمہاری موت ہوگی اگر خانہ تین میں ہوگی۔ اگر خانہ چہار میں ہو تو نقل و حرکت یا برادران کے باعث موت ہوگی۔ اگر خانہ پنجم میں ہو تو کسی مکان کے نیچے دب کر موت ہوگی، اگر خانہ پنجم میں ہو تو باعث کسی حیوان دریا کے کاٹ دن موت ہوگی۔ اگر خانہ چھ میں ہو تو گزند موذی جانور یا کسی بیماری سے موت ہوگی۔ اگر خانہ سات میں تکرار ہو۔ تو عورت یا کسی شریک کی وجہ سے باعث موت ہوگی۔ اگر خانہ آٹھ میں تکرار ہو تو ملک کے لئے میراث ہوگا۔ اگر خانہ نو میں تکرار کرے تو سفر میں موت ہوگی۔ اگر خانہ دس میں تکرار کرے تو ملازمت میں جا کر موت ہوگی۔ اگر خانہ گیارہ میں تکرار کرے تو باعث یاران قدیم کے کاٹ موت ہوگی۔ اگر خانہ بارہ میں ہو تو دشمنوں یا سانپ گزیدہ یا درندوں سے موت ہوگی۔

دوسرا طریقہ: شکل چار کو آٹھ سے ضرب کرو۔ اگر حاصل ۱ یا ۲ ہو تو موت غربت میں آئے گی۔ اگر یہ ۳ شکل یا یہ ۴ ہو تو مظلومی میں یا بندش سے موت ہوگی۔ اگر یہ شکل ۵ یا ۶ یا ۷ ہو تو امارت میں موت ہوگی۔ اگر یہ ۸ شکل ہوگی تو تنگ دستی میں موت ہوگی۔ اگر یہ ۹ شکل یا یہ ۱۰ ہوگی تو سفر میں موت ہوگی۔ اگر یہ ۱۱ شکل یا یہ ۱۲ شکل ہو تو سخت عذاب سے

موت ہوگی۔ اگر خانہ آٹھ میں یہ ☰ شکل ہو تو بڑھاپے میں موت ہوگی۔ اگر یہ ☲ ہوگی۔ تو اس کی ۷۵ سال کے بعد موت ہوگی۔ اگر یہ ☳ شکل ہو تو عین عالم شباب میں موت ہوگی یعنی جوانی میں۔ اگر یہ ☴ شکل ہوگی۔ تو آخر سن بلوغ میں موت واقع ہوگی۔ اگر یہ ☵ شکل ہوگی تو سات یا آٹھ سال میں موت ہوگی اگر یہ شکل ہوگی ☶ گیارہ سال کے اندر موت کا واقع ہونا لکھا ہوا ہے۔ اگر یہ ☷ شکل ہو۔ تو تین سال کے اندر موت ہوگی۔ اگر یہ ☰ ہو تو پانچ سال کے اندر موت ہوگی، اگر ☱ یہ شکل ہوگی۔ تو چھ سال کے اندر موت ہوگی، اگر ان شکلوں کی اوقات مقررہ گزر جائے تو عمر ۶۰، ۷۵ یا ایک صد سال کی ہو جائے گی۔ اگر ساتھ یہ بھی معلوم کرنا ہو کہ پوچھنے والا پہلے مرے گا۔ یا اس کی عورت پہلے مرے گی۔ مرد و عورت کے نام کے عدد بحساب ابجد نکال کر مجموعہ کو ۲ پر تقسیم کرے۔ اگر ۲ باقی رہیں تو مرد پہلے مرے گا۔ اگر ایک باقی بچے تو عورت پہلے فوت ہوگی۔

اب ایک اور قاعدہ رمل سے انتخاب کر کے لکھتے ہیں!

جب کوئی پوچھنے کے لئے آئے تو پہلے زائچہ تیار کریں اور اس کو تین دفعہ بنا کر ڈالنا اور جو عدد اس سے برآمد ہوں۔ اس کی بموجب کو ہندسہ لکھنا چاہیئے، مثلاً پہلی دفعہ زائچہ ڈالا تو اس میں ۲ دو آئے اور دوسری دفعہ تین اور تیسری دفعہ ڈالا تو بھی تین ہی آئے تو گویا یہ شکل قائم ہوگئی۔ ۳۳۲۔ اب

اس کو اس کتاب میں دیکھو کہ کہاں پر لکھی ہوئی ہے اور اس کا کیا پھل ہے۔
اگر ۱۱۱ کی شکل ہو تو وہ اچھی ہے جو دل میں خیال رکھا ہوا ہے وہ پورا ہوگا اور راستہ چلتے کا بیوپاری ہوگا۔ تمہارے دن اچھے آگئے ہیں۔ اور اب دل کو آرام ملے گا۔ اور نشانی تمہارے داہنے بازو پر تل کا نشان ہے
اگر ۱۱۲ کی شکل آئے تو وہ مدھم ہے۔ تم جو چنتا کرتے ہو وہ تھوڑے دنوں تک ختم ہو جائے گی اور آنے والے دن ایک سمان ہوں گے۔ کالی دیوی کی پوجا کرو۔ تاکہ آگے آنے والی چنتا بھی دور ہو جائے اور نشانی تمہاری عورت جھوٹ بولتی ہے۔
اگر ۱۱۳ کی شکل آئے تو وہ شخص سرست سے خاندان کی پیروی کرے گا۔ منگل کا کوئی کارج بھی ہوگا اور لابھ بھی ہوگا۔ اور دن کا پھل اچھا ہے اور اپنے دیوی کی پوجا کرے، دل کی مراد پوری ہوگی۔ نشانی تمہاری عورت کے شکم پر تل ہوگا۔ اگر ۱۱۴ کی شکل آئے تو یہ اچھا ہے۔ نیک آدمیوں سے ملاقات ہوگی اور ان سے لابھ بھی ہوگا۔ جو کہ مدرے کا ہوگا۔ اور کالی دیوی کی پوجا کرنا دھن کا لابھ ہوگا۔ نشانی تمہاری داہنی آنکھ میں تل ہے۔ اگر ۱۱۵ کی شکل آئے، تو اس کو کرپانہ کے بیوپار میں فائدہ ہوگا۔ پردیس جا کر بھی لابھ ہوگا۔ ایک بیٹی ہوگی۔ کوئی عورت بھی ملے گی۔ نشانی تمہاری عورت کو بہت پیار کرتی ہوگی۔
اگر ۱۱۶ یہ شکل اچھی ہے اور ہر ایک کا ٹھیک رہا پر آجاتا ہے۔ کام کی بھی ترقی ہوگی، عورت سے لابھ اور کسی ساجن سے ملاقات ہوگی۔ پردیش سے کوئی بڑی اچھی خبر آئے، جو کہ پانچ دن کے اندر آئے گی اور ایک چنتا دور ہوگی اب دن اچھے آئے ہیں۔ نشانی دھرم کرم تمہارا اچھا ہوگا۔
اگر اس طرح ۱۱۷ کی شکل آئے تو یہ شکل اچھی ہے۔ بھائی سے ملاقات ہوگی

کام سیدھ ہوگا۔ دل کی چنتا دور ہوگی۔ کل دیوتا کی پوجا کرو۔ امید کا ہونا اچھا ہے جانور خریدنا کام سیدھ ہوگا اور نشانی تمہاری یہ ہے آپ نے تین دن کے اندر کوئی گپت کام کیا ہے۔

اگر ۱۳۱ شکل ہوگی۔ تو سونا اور دھن کا لابھ ہوگا۔ کسی کام کی پیروی ہوگی۔ جس چیز کی تم کو تلاش ہے وہ مل جائے گی، جس سے محبت ہے۔ اس دیہر کو ملاقات ہوگی اور لابھ بھی ہوگا۔ اولاد اور عورت کا سکھ بھی ہوگا۔ جو بھی کام کریں، اس کو سوچ سمجھ کر کریں۔ اس سال میں تم کو بہت نوکری ہوگی۔ نشانی تمہارا اپنا گھر میں دل نہیں لگتا ہوگا۔

اگر ۱۳۲ یہ شکل ہوگی۔ تو جو کام آپ نے دل میں بچا رکھا ہوا ہے وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ کسی عورت سے بھی ملاقات ہوگی اور سب سے محبت رکھے، تمہارے دل میں ایک کھٹکا کی چنتا ہے، وہ بھی دور ہوگی رسوس رکھا جائے۔ اولاد کا لابھ ہوگا۔ پورب دشا سے آمد ہوگا۔ دھن گیا ہوا واپس مل جائے گا۔ ایک گرہ تم کو خراب ہے۔ اس کی پوجا کرو۔ نشانی دامنے انگ پر تل ہوگا۔

اگر ۱۳۳ یہ شکل ہوگی۔ تو دل میں چنتا ہوئے۔ دشمنوں کا ناش ہوگا۔ سر پر جو کام ہوگا پورا ہو جائے گا۔ اور جو کام دل میں سوچا پوری ہوگی۔ تمہارے گھر کے برابر کوئی ایک نیک عورت رہتی ہے۔

اگر ۱۳۴ یہ شکل ہوگی تو دشمنوں پر فتح کرنے والا ہوگا۔ راجہ سے، خواہ کوئی بڑا آدمی ہو۔ اس سے لابھ ہوگا۔ دکھن دشا یا پورب دشا سے لابھ ہوگا۔ دل میں بچا رکھا ہے، وہ بھی پورا ہوگا۔ تمہارے برے دن اب گئے اور اچھے آگئے ہیں۔ کل دیوی کی پوجا کرو۔ شترو کا ناش ہوگا۔ نشانی

تمہاری داہنی ٹانگ میں تل ہے ۔

اگر ۱۴۱ کی شکل ہو گی تو بیوپار سے لابھ کراتی ہے۔ جسمانی جسم میں درد کا دُور ہونا۔ اور کوئی شبھ کارج بھی کریں گے، شادی ہو گی۔ اور اس میں پورا لابھ ہو گا۔ مشترو دشمن ہار مانیں گے۔ ایک ماہ کے اندر تم کو خوشی ہو گی۔ نشانی تمہارا عورت سے بگاڑ رہتا ہو گا۔

اگر ۱۴۲ کی شکل ہو گی تو لڑائی جھگڑا کا کام کرتی ہے۔ اور اس کا پھل سنچر اور منگل کرہ کرتا ہے۔ اگر منگل ہو گا تو لابھ دھن کا ہو گا۔ بھائی سے ملاقات ہو گی۔ وشواش رکھنا چاہیئے۔ جو چیز چاہو گے وہ مل جائے گی، راجا سے ملاقات ہو گی، من کا مورتھ پورا ہو گا۔ اگر سنچر ہو گا تو نشان لابھ کا ہو گا۔ نشانی۔ تمہاری کسی سے نہیں بنتی ہو گی۔

اگر ۱۴۳ کی شکل ہو گی تو نیک شکل ہے اور پہلے آدمی سے لابھ ہو گا بھوانی کی پوجا کرو۔ کوئی شادی یا کوئی اور خوشی کا کام کریں گے۔ دھن دولت کا لابھ ہو گا۔ سریر میں کوئی بیماری نہ رہے گی، شترو کی نیان کا بھروسہ نہ کریں۔ ایک دفعہ اُس سے ہوشیار رہنا چاہیئے، نشان تمہاری دائیں طرف اندری نربل کا ہے۔

اگر ۱۴۴ کی شکل ہو گی تو دھرم استھان کی جا پڑا کرے گا۔ دھن کی پراپتی ہو گی، منورتھ کام سیدھ ہو گا، دولت لابھ ہو گا۔ چنتا دُور ہو گی، کل دیوتا کی نظر اچھی ہے، دن اچھے آئے ہیں، شتروں کی چنتا بھی دور ہو۔ نشانی تمہارے دل میں ایک گیت چلتا ہے، اور وہ بھی جاتی رہے گی۔

اگر ۲۱۱ کی شکل ہو گی تو کام تم کو ملنا چاہیئے اور اس میں سدھی بھی ہو گی۔ اور دھرم بل سے ہونی چاہیئے۔ اب مستری یا کسی اچھے آدمی سے ملاقات ہو گی۔ بیوپار میں لابھ ہونا چاہیئے۔ اولاد کا ہونا۔ نشانی تمہاری عورت ہمیشہ کلیش رکھے

اگر ۲۱۲ کی شکل ہوگی تو منگل کے کارج کرتی ہے، روپیا بھی اچھی ہو۔ متر اور بھائی سے ملاقات ہوگی، پتر کا لابھ ہوگا، دھن دولت ملے گی۔ تمہارا پردیس جانے کا وچار ہوگا۔ آپ جائیں گے، وہاں پر جا کر تم کو لابھ ہوگا۔ نشانی تمہاری آپ کے پاس جو عورت ہے وہ کسی اور کی ہوگی۔

اگر ۲۱۳ کی شکل ہوگی۔ تمہارے دل کی خواہش دور ہوگی۔ دوست کا نشان ہوگا۔ اور اپنا دل خوش رکھیں۔ ایک ماہ میں تیرا کام سدھ ہوگا۔ بھائی کی ملاقات ہوگی۔ جانوروں کا سکھ ملے گا اور جسم میں کوئی روگ نہ ہوگا۔ چوپایہ جانور خوبیدے اور ایک دشمن کی موت ہوگی۔ دن اچھے آئیں گے۔ تمہارے گھر میں دفینہ دبا ہوا ہے۔ نشانی۔ تمہارے مستک پر تین لکیریں ہیں۔

اگر ۲۱۴ کی شکل بنی ہو تو اس آدمی کا کافی لابھ ہوگا۔ ایک چیز جو تمہاری گئی ہے وہ مل جائے گی۔ ایک آدمی کی طرف سے تم کو کافی لابھ ہوگا اور تمہارے دل میں ایک گپت چنتا ہے وہ دور ہوگی۔ پورب دشا سے لابھ ہوگا۔ ایک بھی دشمن کا وشواس نہیں کرنا ہوگا۔ دیوی کی پوجا کرنا اور ایک گرہ کی بھی پوجا کرنا۔ نشان تمہارے صریر میں درد ہے۔

اگر ۲۲۱ کی شکل آئے تو اس آدمی کو ایک سال سے کلیش چڑھ رہا ہے۔ کوئی نہ کوئی جھگڑا ہر روز ہوتا رہتا ہے کسی نہ کسی سے۔ مگر آج سے دو دن گئے وقت اب اچھا آگیا ہے۔ بہت سکھ ہوگا۔ تمہارے دل کی چنتا بھی دور ہوگی۔ اور دلی مراد بھی پوری ہوگی۔ جو ایک چیز تم نے چھوڑی ہے وہ واپس لے لینی چاہیئے۔ نشانی۔ تم پانی میں ڈوبنے سے بچے ہو۔

اگر ۲۲۲ کی شکل آئے تو یہ مدھم ہے۔ اپنے دوست سے دشمنی رکھے

اور دشمنوں سے ملاقات ہوگی مگر اچھی نہ ہوگی کلیش ہو جائے گا اور دل میں جو کام کا وچار کیا ہے وہ نہیں ہوگا، دولت کا نقصان، سر یر میں درد پیدا ہوگی۔ کپٹ اور چنتا میں، نشان تمہارے بازو پر تل ہے۔

اگر ۲۲۳ کی شکل آئے تو یہ مدھم ہے۔ کلیش ہوگا، جو کام کرو گے، وہ خراب پھل دے گا۔ اگر بد ہو تو بھائی سے کلیش ہوگا۔ بیوپار بھی رک جائیگا۔ جس سے دوسرا کام کرنے کا وچار کریں گے۔ نشان۔ آج تم نے خواب میں جل دیکھا ہے۔

اگر ۲۲۴ کی شکل ہوگی تو تم کو عورت کی چنتا ہے مگر یہ کام دیر میں ہوگا۔ عورت سے چنتا بھی گہری رہے گی۔ مگر اپنی خاطر جمع رکھو۔ بڑے دن کے بعد اچھے دن آئیں اور دیوگرہ کی پوجا کرنا کام سدھ ہوگا، نشان تمہارے بائیں بازو پر تل ہے۔

اگر ۲۳۱ کی شکل ہوگی، کوئی مشکل کا کارج کرے، جس سے بجا بجے اور دو سمت کا بھی لابھ ہو۔ عورت کی چنتا، اس کو کوئی تکلیف ہوگی۔ دو ماہ تک اس کی تکلیف دور ہو جائے گی، دشمن تمہارے پاؤں پڑے گا۔ نشانی۔ تمہارے سر میں درد رہتا ہے۔

اگر ۲۳۲ یہ شکل ہو تو مدھم سے کام کریں۔ اور بچار اپنے دل میں کرے۔ دیکھئے آپ کو اس میں فائدہ ہوگا۔ مگر دھوکہ ہوگا۔ دولت کا نقصان بھی ہوگا سر یر میں کوئی تکلیف بھی ہوگی۔ اور گھر پر کلیش ہوگا۔ کوئی دھرم بھی کریں گے اس سے سکھ پراپت ہوگا۔ نشان۔ تمہارے مکان کے بائیں مکان میں خوبصورت اور عیش پرست عورت رہتی ہے۔

اگر ۲۳۳ کی شکل ہو تو کوئی سمی صاحب نوکری میں ہوئے، جلدی تم کو

نہیں ملے گی، خوف سے تم نے اتر یہ کیا ہے، جو کام کرو گے، سوچ بچار کر کرنا اس میں فائدہ ہوگا۔ اور دیوی کی پوجا کرنی چاہیئے، جس سے کام سدھ ہوگا۔ نشانی۔ تمہاری عورت کو ہسٹریا کی بیماری ہے یا کوئی اور ہو۔

اگر ۲۴ کی شکل ہو تو متبرک جگہ پر جا کر اشنان کرنا، اس میں لابھ ہوگا۔ جس آدمی سے پہلے محبت ہو اور راستہ میں وہ چھوڑ جائے، وہ پھر محبت کی آغوش میں آجائے۔ اور ایک جیو بھی تمہاری طرف دیکھتا رہے۔ نشانی۔ تمہارے داہنے کو کہہ پر تل ہے۔

اگر ۲۴۱ کی شکل ہو گی۔ اس کو ہر کام میں لابھ ہوگا اور کار وج بھی اچھے ہونگے اور جو من میں چنتا ہے وہ دور ہو گی، بیوپار میں لابھ ہوگا، مقدمہ بازی میں جیت ہو گی، اور سفر بھی درپیش آئے گا۔ نشانی اس کی داہنی انگشت پر تل ہے۔

اگر ۲۴۳ کی شکل ہو گی۔ تو نکاح کے کام میں کرے اور گھر میں خوشی ہو گی اور جسم میں کوئی بھی تکلیف نہ ہو گی۔ بیوپار میں لابھ ہوگا۔ اپنے لڑکے کے نام پر کرو گے تو راجہ کے برابر مان عزت ہوگا۔ نشانی، تمہارے مکان کے داہنے مکان میں کوئی نیک آدمی رہتا ہوگا۔ یا مندر، گوردوارہ یا مسجد ہو گی۔

اگر ۲۴۴ کی شکل ہو گی، تو وہ آدمی بہادر اور دلیر ہوتا ہے اور تمام کاموں میں کامیابی ہو گی۔ پچھلے دن خراب تھے۔ مگر اب آنے والا وقت بہت مفید ہے آرام سکھ ہر طرف سے لابھ، سواری کا بھی سکھ ہوگا۔ نشانی، تمہاری اندری کے اوپر کالا تل ہے۔

اگر ۲۴۱ کی شکل ہو گی تو اس کو دوسرے کے ہاتھوں سے لابھ ہوتا ہے۔ آپ استاد ہوتا ہے اور پردیس میں زیادہ رہا کرے یا عبادت والی جگہ پر

اس کو تکلیف کم محسوس ہوگی، کل دیوتا کی پوجا کرے یا اپنے گورو کی پوجا کرے، نگل کا کارج بھی کرے گا۔ سر میں درد کی شکایت بھی ہوگی، راجہ کی بخشش سے تمہارا بھلا ہوگا۔ نشانی تمہاری عورت بہت چالاک ہوگی۔

اگر ۱۲ ۳ کی شکل ہوگی تو وہ شخص جو پایہ کا بیوپار کرنے والا ہوگا۔ دکھ اس کو کوئی نہ ہوگا۔ جس میں لابھ ہوگا وہ کام اپنے ہاتھ سے کرے گا۔ اور جو بھی خواہش اپنے دل میں رکھے گا۔ اس کو پورا ہی کر کے چھوڑے گا۔ نشانی، تیری عورت سے تمہاری بنتی نہیں ہے۔

اگر ۱۳ ۳ کی شکل ہوگی تو وہ دھرم کی چنتا میں رہتا ہے اور بھائیوں کی بہتری کے لئے اپنی جان تک بھی دے ڈالتا ہے مگر اس کی قدر کوئی بھی نہیں جانتا۔ ایسے آدمی کا نام صبح لینے والا بھی نہیں ہوتا ہے۔ اور تمہارے بھاگ بہت چمکنے والا ہے اور ہاتھ سے کچھ خیرات بھی کرتا ہے۔ نشانی، تمہارے بائیں انگ میں تل ہے۔

اگر ۱۴ ۳ کی شکل ہوگی تو بہت زیادہ بیوپار میں لابھ ہوگا۔ اور سندر پھل ہوگا جو چاہو گے سو پاؤ گے۔ جس آدمی کو تم چاہتے دل جائے گا۔ تمہارے پیچھے پیچھے آئے گا۔ تم اپنے دھرم میں پختہ رہو گے۔ بھاگ بھی آپ کا بڑا ہے۔ اشٹ دیو گورو جی کی کرپا سے تم کو کوئی بھی تکلیف نہیں ہوگی، ایک دفعہ تم کو آگ کا خوف ہو گیا ہوگا اور پرتاپ اچھا ہے۔ نشانی، تمہارے من میں کوئی جنجال ہے۔

اگر ۱۵ ۳ کی شکل ہوگی تو اس کو کہہ دو کہ تمہارا کام پورا ہوگا اور دھن وان ہوگا۔ اور سب کام سدھ ہوں گے، ان میں جو آشا رکھے وہ پوری ہوگی۔ تم کو اپنے من میں چنتا نہیں رکھنی چاہیئے۔ کیونکہ آوے گا۔ نشان تمہارا سریر اچھا ہوگا۔